صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 13 جنوری 2025 بمطابق 12 رجب المرجب 1446 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُکُمۡ اَنۡ تُؤَدُّوا الۡاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَہۡلِہَاO وَاِذَا حَکَمۡتُمۡ بَیۡنَ النَّاسِ اَنۡ تَحۡکُمُوۡا بِالۡعَدۡلِO اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمۡ بِہٖO اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیۡعًۢا بَصِیۡرًا Oیٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡکُمۡ Oفَاِنۡ تَنَازَعۡتُمۡ فِیۡ شَیۡءٍ فَرُدُّوۡہُ اِلَی اللّٰہِ وَالرَّسُوۡلِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِO ذٰلِکَ خَیۡرٌ وَّاَحۡسَنُ تَاۡوِیۡلًا ۔

(ترجمہ): مسلمانو! اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں اہل امانت کے سپرد کرو، اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل کے ساتھ کرو، اللہ تم کو نہایت عمدہ نصیحت کرتا ہے اور یقیناً اللہ سب کچھ سنتا اور دیکھتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہوئے، اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اُن لوگوں کی جو تم میں سے صاحب امر ہوں، پھر اگر تمہارے درمیان کسی معاملہ میں نزاع ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول کی طرف پھیر دو اگر تم واقعی اللہ اور روز آخر پر ایمان رکھتے ہو یہی ایک صحیح طریق کار ہے اور انجام کے اعتبار سے بھی بہتر ہے۔ **وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔**

جناب سپیکر: جزاک اللہ جی۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Speaker: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Questions Hour: Question No. 327, Mr. Ahmad Kundi Sahib, MPA.

* 327_ Mr. Ahmad Kundi: Will the Minister for Climate Change, Forestry, Environment and Wildlife state that:

(a) Is it true that the department enacted Laws / Acts from time to time related to the department / attached departments and subordinate bodies & authorities;

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate departments? If so, the details thereof, if not the reasons thereof;

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts, despite the passage of years, they have not framed such rules? If so, the reasons thereof;

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

Mr. Musavir Khan (Special Assistant for Forestry and Climate Change): (a) Yes, the Climate Change, Forestry, Environment & Wildlife Department has enacted Laws / Acts from time to time related to department / attached formation and subordinate bodies, detail of which is reflected as following:

Environmental Protection Agency: For environmental protection, the Khyber Pakhtunkhwa Environmental Act, 2014 has been enacted in 2014. Lastly, the same was amended in 2022 vide Khyber Pakhtunkhwa Environmental Protection Act (amended) 2022.

Chief Conservator of Forests-I (Head of Attached Department): The Khyber Pakhtunkhwa Forest Department promulgated the Forest Ordinance in 2002, repealing all the previous Acts and Laws of 1927 and 1936 and rules there under, which were amended from time to time. Lastly, the Forest Ordinance, 2002 was amended in 2022 and amended Act, 2022 was notified after passing from the Provincial Assembly.

Pakistan Forest Institute: Consequent upon devolution of Pakistan Forest Institute (PFI) Peshawar to the Provincial Government of Khyber Pakhtunkhwa, PFI formulated fresh service rules for employees of PFI, Peshawar vide notification No. SO (Estt) FE& WDV-20/2019/3891-3904, dated 16.04.2019, but no Act / Law had been enacted with regard to PFI.

Wildlife: Khyber Pakhtunkhwa Wildlife and Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Act, 2015 was notified on14th January, 2015.

Forest Development Corporation: The government of Khyber Pakhtunkhwa promulgated Forest Development Corporation Ordinance, 1980.

(b) Yes, the latest copy of each of the enacted Laws / Acts is available on the official website of Climate Change, Forestry, Environment & Wildlife Department, https://few.kp.gov.pk, KP code and websites of concerned attached formulations. Further details are given in the following:

Environmental Protection Agency: The following Acts / rules are also available on the page (https://epakp.gov.pk/laws)

(i) Khyber Pakhtunkhwa Environmental Protection Act, 2014.

(ii). Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection Act, (amended), 2022.

(iii). Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Assessment, Rules, 2021.

(iv). Khyber Pakhtunkhwa, Administrative Penalty Rules, 2017.

(v). Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Improvement Fund Board Rules, 2022.

Chief Conservator of Forests-I (Head of Attached Department):

The followings are also available on the website https:// kp code. kp.gov.pk. The Khyber Pakhtunkhwa, Forest Ordinance, 2002 and the Khyber Pakhtunkhwa, Forest (Amendment) Act, 2022

Pakistan Forest Institute: Copy of Service Rules of PFI, Peshawar is available at PFI official website i.e. www.pfi.gov.pk.

Wildlife: The following are available on the website https:// few. kp.gov.pk

(i). Wildlife and Biodiversity Protection Preservation and Management Act, 2015.

Forest Development Corporation: The Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation Ordinance, 1980 is available on website of Khyber Pakhtunkhwa government. i.e. https: // kp code. kp.go.pk.

(c) The department has formulated rules periodically; a list of these rules is discussed in the following:

Environmental Protection Agency: Under the Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection Act, 2014, the following rules have been framed:-

(i). Khyber Pakhtunkhwa, Assessment Rules, 2021.

(ii). Khyber Pakhtunkhwa, Administrative Penalty Rules, 2017.

(iii).Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Improvement Fund Board Rules, 2022.

Moreover, the following draft rules have been prepared and are in process of examination:-

(i). Khyber Pakhtunkhwa, Hospital Waste Management Rules, 2024.

(ii).Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection Sealing or Seizing Rules, 2024.

(iii). Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection (Smog Prevention and Control) Rules, 2024.
(iv). Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Audit Rules, 2024.

Chief Conservator of Forests-I (Head of Attached Department):

Under the enacted Acts and Ordinances, the following rules have been framed from time to time:
(i). Compensation of Forest Offence & Value of Case Property Rules, 2004.
(ii). Khyber Pakhtunkhwa, Duty on Forest Produce Rules, 2004.
(iii). Khyber Pakhtunkhwa, Management of Guzara Forest Rules, 2004.
(iv). Khyber Pakhtuankhwa, Mazri Control Rules, 2004.
(v). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Officers (Powers, Duties & Rewards) Rules, 2004.
(vi). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Produce Rules, 2004.
(vii). Khyber Pakhtunkhwa, Sale, Sawing & Processing of Timber Rules, 2004.
(viii). Khyber Pakhtunkhwa, Joint Forest Management (Community Participation) Rules, 2004.
(ix). Khyber Pakhtunkhwa, Forestry Round Table Rules, 2004.
(x). Khyber Pakhtunkhwa, Protected Forest Management Rules, 2005.
(xi). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Fund (Management & Utilization) Rules, 2006.
(xii). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Rules, 2013
(xiii). Khyber Pakhtunkhwa, Disposal of Exploitable Trees of Woodlot Rules, 2017.

Pakistan Forest Institute: (Not applicable).

Wildlife: Under the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife & Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Act, 2015, the following Rules have been framed:
(i). Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife & Biodiversity Board Rules, 2016.
(ii). Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife Force Rules, 2017.
(iii). Khyber Pakhtunkhwa, Community Managed Game Reserve Rules, 2019
(iv). Khyber Pakhtunkhwa, Breeding Facility Rules, 2021.
(v) Khyber Pakhtunkhwa, National Park Rules, 2021.
(iv) Khyber Pakhtunkwa, Biosphere Reserve and Conservancy Rules, 2022.

Forest Development Corporation: The Corporation framed following rules under the Ordinance ibid and the same are implemented.
(i). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation (Constitution and Functioning of the Price Committee) Rules, 2002.
(ii). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation Administrative Procedure Rules, 1979

(iii). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation Regulation of Business Rules, 1979

(iv). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation (Sale of Timber & other Forest Produce Rules, 1984.

(v). Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation Employees Contributory Provident Fund Rules, 1984.

(d) The Department has enacted all the rules / regulations in the attached formations while adhering to the spirit of various Acts of the Assembly, as noted below:

<u>Environmental Protection Agency:</u> All the laws framed by this agency are in conformation with the dictates of the Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection Act, 2014.

<u>Chief Conservator of Forests-I (Head of Attached Department):</u> Under Forest Ordinance, 2002, rules are framed by the Forest department after completion of prescribed process i.e. vetting by Law department and getting approval from the Cabinet.

<u>Pakistan Forest Institute:</u> (Not applicable).

<u>Wildlife:</u> Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife department has already framed the above mentioned 6th Rules under the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife and Biodiversity Act, 2015 and also following new rules are drafted, which are under consideration at various forums:

5. Khyber Pakhtunkhwa, Game Reserve Rules, 2023.
6. Khyber Pakhtunkhwa, Private Game Reserve Rules, 2023
7. Khyber Pakhtunkhwa, Zoo and Wildlife Park Rules, 2023.
8. Khyber Pakhtunkwa, Power of Wildlife Officers Rules, 2023

The same will be notified by the competent forum

<u>Forest Development Corporation:</u> All the rules framed by the Corporation are in confirmation with the dictates of the Khyber Pakhtunkhwa, Forest Development Corporation Ordinance, 1980.

<u>جناب احمد کنڈی:</u> تھینک یو سپیکر صاحب۔ میرا بڑا ایک Detailed Question تھا:

Is it true that the department enacted Laws / Acts from time to time related to department / attached departments and subordinate bodies & authorities? Will the Minister for Climate Change state that is it true?

سر، گزارش یہ ہے، میں نچوڑ اس کا نکال دیتا ہوں، Basically سوال یہ ہے کہ یہاں پہ ہماری اسمبلی میں بڑے Qualitative Acts بن جاتے ہیں لیکن اس کے بعد ڈیپارٹمنٹ رولز نہیں بناتا اور میں آج آپ کی وساطت سے یہ Quote کرنا چاہتا ہوں کہ Ministry of Climate Change, Forestry and Wildlife کا 2022 میں ہمارا فشریز کا ایکٹ بنا اور غالباً اس نے 1978 کے ایکٹ کو Repeal کیا، ستمبر 2022ء میں ایکٹ بنا ہے اور رولز آج تک اس کے ابھی تک نہیں بنے، آپ خود اندازہ لگالیں کہ تین سال کم و بیش ہونے کو ہو گئے ہیں لیکن اس کے نیچے کوئی رولز نہیں ہیں، وہی پرانے رولز Follow ہو رہے ہیں اور اس میں بھی مرضی ہو

رہی ہے، تو میری گزارش یہ ہے کہ منسٹر مجھے واضح جواب دے دیں کہ یہ رولزکیوں نہیں بنے؟اور اس طرح بہت سارے محکموں کا حال ہے، میری آپ سے گزارش یہ ہوگی کہ ہمیں Post legislation evaluation چاہیئے، میں Chair سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ جتنی بھی Legislation یہاں سے ہو جاتی ہے تو اس کا کیا ہم لوگوں کو End beneficiaries کو یا پبلک کو ریلیف دے رہے ہیں؟اس کے اوپر آپ بھی کچھ غور کریں، یہ ہاؤس بھی ڈیبیٹ کرے کہ Post legislation evaluation ہم کس طرح کر سکتے ہیں؟ جو چیزیں ہم یہاں بنا رہے ہیں، کیا وہ لوگوں کو Benefit کر رہی ہیں کہ نہیں کر رہیں؟ کہ یہاں سے ہم بنائے جا رہے ہیں اور آپ نے Legislation کی فیکٹری بنائی ہوئی ہے اور اس کا کوئی ریزلٹ نہیں آیا، دو سال ایک محکمے کو ہو گئے، اس نے رولز نہیں بنائے، کون پوچھے گا سپیکر صاحب؟ مجھے بتائیں، میرا یہی آپ سے معصومانہ سوال ہے خدارا اور یہ بڑا اہم موضوع ہے، اس کے اوپر آپ مجھے صوبائی حکومت سے جواب طلب کر کے دیں۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی کون Respond کرے گا گورنمنٹ کی طرف سے؟ جی نذیر عباسی صاحب، کون جواب دے گا اس کا؟ گورنمنٹ کی طرف سے کون Respond کرے گا؟

<u>جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک):</u> جی سر، میرے خیال میں اس کے لئے اگر انتظار کر لیں اگلے اس تک کہ منسٹر صاحب اس کا جواب دے دیں گے، ہمیں تو اس کوسچن کا ابھی تک نہیں پتہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> سٹینڈنگ کمیٹیوں کے جتنے بھی چیئرمین ہیں جی، ہمارے پاس اڑتیس(38) سٹینڈنگ کمیٹیاں ہیں، میں چیئر کی طرف سے تمام سٹینڈنگ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو یہ ڈائریکشن دیتا ہوں کہ جو جو Respective departments ان کے پاس موجود ہیں، ان سے فوری طور پہ یہ انکوائری کرائیں اور سیکرٹریوں سے طلب کریں کو کہ کون کون سے ایکٹس پاس ہوئے ہیں اور اس کے نیچے کون کون سے رولز فریم ہوئے ہیں؟ وہ سٹینڈنگ کمیٹیوں کے آگے پیش کریں تاکہ سٹینڈنگ کمیٹیاں ہمیں کل کو یہ بتائیں اور عباسی صاحب، اس کوسچن کو کیوں نہ ہم سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجیں، یہ بڑا اہمیت کا حامل اور اداروں کی نااہلی کا اگر یہ عالم ہے تو پھر کیسے چیزیں ٹھیک ہوں گی اور کیسے Rectify ہوں گی کہ جو تین تین اور چار چار سال رولز فریم نہیں کر سکتے۔

<u>وزیر مال واملاک:</u> ٹھیک ہے سر، آپ بھیج دیں، ہمیں اعتراض نہیں ہے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Is it the desire of the House that the Question No. 327 may be referred to the Standing Committee concerned? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it; the Question is referred to the concerned Standing Committee. Question No. 333, Mr. Daud Shah, Revenue & Estate.

* 333 _ <u>جناب داؤد شاہ:</u> کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ بمقام جرما میں سرکاری زمین کو لوکل افراد میں تقسیم کی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال2017-18 کابینہ میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ مذکورہ سرکاری زمین کے متعلق قانون سازی کی جائے گی تاکہ لوگوں کو زمین کے مالکانہ حقوق دیئے جاسکیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جناب پرویز خٹک صاحب کے دور میں کوہاٹ کے مختلف علاقوں میں سرکاری زمین لوکل افراد کو جرما کے طرز پر تقسیم کرنے کے اعلانات کئے گئے، جیسے کہ شاپور، چکر کوہاٹ، چھمئی، توغ، گنڈیالی وغیرہ؛

(د) اگر(الف) تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ضلع کوہاٹ جرما اور دیگر علاقوں میں حکومتی اعلانات کے ضمن میں قانون سازی کرنے کو تیار ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب نذیر عباسی(وزیر مال واملاک):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ 21 مارچ 2011 میں صوبائی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں جرما کی سرکاری زمین کو موجودہ کرایہ داروں میں تقسیم کرنے کی پالیسی بنانے کے لئے کہا گیا۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔تاہم پالیسی سامنے نہ آنے کی وجہ سے سرکاری زمین کی لوکل لوگوں میں تقسیم نہیں ہو سکی۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ سال2017-18 میں کابینہ نے قانون سازی کے لئے کہا تھا۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی) لیکن ابھی تک اس سلسلے میں کوئی پالیسی یا قانون سازی نہیں ہوئی۔

(ج) جی ہاں، اس سلسلے میں محکمہ مال میں ایک خط ریکارڈ پر موجود ہے جو کہ ڈی سی کوہاٹ سے کمشنر کوہاٹ کو Addressed ہے جس میں متذکرہ کا ذکر موجود ہے۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(د) اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ایک اہم اجلاس مورخہ 14 مارچ 2019 کو منعقد ہوا جس میں اس وقت کے ممبر صوبائی اسمبلی جناب امتیاز شاہد قریشی اور دوسرے متعلقہ اہلکاران کی موجودگی میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ جرما کی سرکاری زمین کے لئے ایک علیٰحدہ اجلاس وزیر اعلیٰ کی سربراہی میں منعقد کیا جائے گا جس میں جناب امتیاز شاہد قریشی، ایس ایم بی آر، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، کمشنر کوہاٹ اور ڈپٹی کمشنر کوہاٹ شامل ہوں گے۔اس میٹنگ کے بعد پھر اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہ ہو سکی۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی) تاہم اس سلسلے میں قانون کے دائرے میں جو بھی ممکن ہو، کیا جائے گا۔

<u>جناب داؤد شاہ:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، میرا جو کوسچن ہے، وہ صوبائی وزیر مالیات سے ہے کہ آیا یہ درست ہے کہ جرما کی زمینوں کے حوالے سے صوبائی اسمبلی سے قرارداد پاس ہوئی ہے؟ (ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس قرارداد پر ابھی تک عمل درآمد کیوں نہیں ہوا؟ تو کوہاٹ میں جرما کی زمین کے مالکانہ حقوق کب تک عوام کو منتقل کئے جائیں گے؟ اچھا سر، میں اس پہ تھوڑی ڈیٹیل سے ڈسکشن کروں گا۔اس میں یہ ہے کہ 2011 میں اے این پی کی صوبائی حکومت میں جرما کے جو زمیندار یعنی مطلب ہاری تھے، ان کو مالکانہ حقوق دلوائے گئے اور کیبنٹ سے باقاعدہ اس کی Approval ہو چکی اور لوگوں کے جو اس میں ڈیپازٹس تھے، جو اس کے Pay slips تھے، انہوں نے جمع کروائے اور تقریباً میجارٹی لوگوں نے انتقالات وغیرہ حاصل کر لئے،

2011 سے لے کر 2018 تک انتقالاتوں کا سلسلہ جاری تھا، پھر 2018 میں کیبنٹ سے ایک Decision آیا کہ اس کی Proper legislation ہونی چاہیئے اور اس Legislation کے بارے میں میں کچھ اس کیبنٹ کا کچھ حوالہ دوں گا کیونکہ کیبنٹ میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: داؤد شاہ صاحب! آپ نے جو کوئسچن کیا ہے، اس کے مطابق چلتے رہیں تاکہ وہ ہماری بھی سمجھ میں آئے۔

جناب داؤد شاہ: نہیں جی، یہ کوئسچن سے ہی متعلق ہے، تھوڑا تھوڑا معمولی سا۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ سپلیمنٹری بات ہے، میری ایک بات سمجھ لیں ناں، پہلے چیز کو جو آپ نے پوچھا ہے اپنے سوال میں۔۔۔۔

جناب داؤد شاہ: اچھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ انہیں، اس کا دیکھیں کہ جواب درست ہے یا نہیں ہے؟ اس پہ آپ کوئی ان سے Clearance چاہتے ہیں، پھر ٹھیک ہے سپلیمنٹری کریں تاکہ چیز سمجھ میں آئے ترتیب سے چلیں۔

جناب داؤد شاہ: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: (الف) پہ آپ آ جائیں۔ کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ بمقام جرما میں سرکاری زمین کو لوکل افراد میں تقسیم کی گئی تھی؟ انہوں نے آگے سے کہا ہے جی کہ سرکاری زمین کو موجودہ کرایہ داروں میں تقسیم کرنے کی پالیسی بنانے کا کہا گیا، تاہم پالیسی سامنے نہ آنے کی وجہ سے سرکاری زمین کو لوکل لوگوں میں تقسیم نہ ہو سکی۔

جناب داؤد شاہ: سر، لوگوں کو تقسیم ہو چکی ہے، میں تو کہہ رہا ہوں کہ لوگوں کو تقسیم ہو چکی ہے۔

جناب سپیکر: ہاں، یہ بات کریں ناں۔

جناب داؤد شاہ: ہاں لوگوں کو تقسیم ہو چکی ہے۔

جناب سپیکر: وزیر صاحب، اس کا جواب دے سکتے ہیں؟ داؤد شاہ! اب آپ آگے چلیں (ب)، (ج)، (د) پہ۔

جناب داؤد شاہ: اچھا سر، وہ (ب) پہ اس طرح ہے کہ لوگوں کو مالکانہ حقوق دلوائے گئے ہیں کہ نہیں؟ بالکل لوگوں کو مالکانہ حقوق دلوائے گئے ہیں اور لوگوں کو مطلب زمینوں کے انتقالات وغیرہ ان کے ہو چکے ہیں اور (ج) پہ میں آتا ہوں سر، کہ یہ کیبنٹ کا جو میں نے جو کہا کہ 24 مئی 2018 کو کیبنٹ کا ایک Decision آیا تھا کہ Next assembly اس پہ قانون سازی پر عمل درآمد کر لے لیکن بد قسمتی سے اس پہ عمل درآمد اس وجہ سے نہیں ہوا کہ ہمارا جو ایم پی اے تھا وہ اپوزیشن سے تھا، اس کی مطلب ہے استطاعت میں نہیں تھا کہ وہ اس کی Follow up کر لے اور Next assembly میں اسی طرح Linger on اور لوگوں کے کروڑوں روپے پھنسے ہوئے ہیں کال ڈیپازٹس میں، جو کال ڈیپازٹس انہوں نے جمع کروائے ہوئے ہیں اور کچھ کو انتقالات وغیرہ ہو چکے ہیں جبکہ کچھ رہ

چکے ہیں اور کچھ اس میں بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہمیں کب تک زمین منتقل ہو جائے گی۔ جناب سپیکر صاحب، مسئلہ یہ نہیں ہے، مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا جو بنیادی ایشو ہے، اس کو حل کرنا چاہتا ہوں اور وزیر مالیات صاحب جو بیٹھے ہوئے ہیں، ان سے میری Humble request ہے کہ وہ اس پہ ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

جناب سپیکر: (د) پہ آ جائیں، اگلے نکتے پہ آ جائیں، یہ جو نیچے ہے۔

جناب داؤد شاہ: اچھا، یہ (ج) پہ میں آتا ہوں کہ مالکانہ حقوق لوگوں کو کب تک دیں گے؟ جو باقی رہ چکے ہیں، ان کو کب تک دیں گے؟ کچھ کا تو ہو چکا ہے اور کچھ کا، جو باقی رہ چکے ہیں ان کو کب تک اور یہ زمین فری میں نہیں دی گئی ہے، اس زمین کا انہوں نے پانچ سالہ Price breakup بنایا تھا اور سب سے زیادہ Price breakup بنا ہوا تھا اور وہ مطلب اسی لوگوں سے لیا گیا ہے۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر ریونیو صاحب، انہوں نے جو سوال کیا ہے، ڈیپارٹمنٹ نے جو جواب دیا ہے اور اس کے اوپر ایم پی اے صاحب نے جو Comment کیا ہے تو یہ آپس میں ملتی چیز نہیں ہے، Kindly اس کو Clarify کر دیں۔

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک): اچھا جی، اس طرح ہے کہ بالکل 2011 میں کیبنٹ کا ایک فیصلہ ہوا تھا، اے این پی کی حکومت میں، اور اس میں یہ زمین، چونکہ آپ State land بغیر کسی قانون یا پالیسی کے نہیں دے سکتے، تو وہ اعلان تک ہوا تھا کہ، یہ بات بھی میرے بھائی کی درست ہے، میرے اپنے ذرائع سے بھی مجھے پتہ ہے کہ لوگوں نے اس کے لئے پیسے بھی جمع کروائے لیکن پھر اس کے بعد 18-2017 میں دوبارہ انہی کا کوسچین ہے، دوبارہ کیبنٹ میں کہا کہ اس کے لئے ایک پالیسی بنانا ہے اور قانون سازی کرنا ضروری ہے، چونکہ یہ State land ہے، آپ اس کو نہیں دے سکتے، Even کہ یہ کیبنٹ کا بھی اختیار نہیں ہے کہ بغیر کسی قانون یا پالیسی کے وہ دے سکے، تو بالکل یہ جو ماضی میں ہوا ہے، اس میں خاص طور پہ جو 2011 میں کیبنٹ نے جو Decision لیا ہے، انہوں نے یہ جذباتی طور پر یہ Decision لے لیا اور اس کے لئے قانون سازی نہیں کی اور وہ تا وقت نہ ہو سکی، اب اس کے بعد یہ ہے کہ اگر یہ چاہتے ہیں تو کمیٹی میں بیشک اس کو Refer کر دیں اور اگر چاہتے ہیں تو ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہم اس میں بالکل ان کی Help out کریں گے لیکن بغیر پالیسی یا قانون کے State land آپ کسی کو نہیں دے سکتے۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ اپنا ایم پی اے صاحب، ایم پی اے صاحب کا مائیک On کریں بھائی، ایم پی اے صاحب! آپ مجھے یہ بتائیں کہ آپ کے پاس، یہ کہتے ہیں کہ ہم نے کوئی زمین لوکل لوگوں کو تقسیم نہیں کی، آپ مجھے بتائیں کہ آپ کے پاس کیا کوئی ایسے Evidences ہیں؟

جناب داؤد شاہ: سر، میں وہ Read کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: بس چھوڑیں ابھی Read نہ کریں، پھر اس کو ہم۔۔۔

جناب داؤد شاہ: سر، تھوڑا سا، One sentence ہے زیادہ نہیں ہے، میں Read کرتا ہوں۔ سر، وہ اس طرح ہے کہ

Decision of meeting of the Provincial Cabinet on 24th May, 2018:

The Senior Member Board of Revenue briefed the cabinet about the salient features of the items. After detailed discussion the cabinet approved the extension for one year.

سر، اس میں مطلب انہوں نے ایک سال کا وقفہ بھی دے دیا کہ ایک سال پہ آپ مطلب جو آپ کے انتقالات باقی ہیں، وہ ایک سال تک وہ کر سکتے ہیں اور مطلب اس میں انہوں نے کہا ہے کہ After the detail discussion cabinet approved for one year which the department should table necessary legislation.

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، یہ بات اور ہے۔ جی آنریبل منسٹر ریونیو۔

وزیر مال واملاک: سر، جب تک اس کے لئے قانون سازی نہیں ہو گی آپ State land نہیں دے سکتے، یہ ایک ہے، 2011 میں بھی یہ ہوا کہ انہوں نے ایک اعلان کیا اور لوگوں نے اس کو Process کیا لیکن کوئی قانون اور پالیسی نہیں تھی، اس لئے یہ چیز چلتے چلتے یہاں تک آئی ہے، تو میرے خیال میں اس کو بے شک آپ کمیٹی میں Refer کرتے ہیں تو تب بھی اعتراض نہیں ہے، ہمارے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں تو اس کا کوئی ہم Way out نکال سکتے ہیں۔

جناب خلیق الرحمان (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، خلیق الرحمان صاحب کا مائیک On کریں۔

جناب خلیق الرحمان (وزیر آبکاری و محاصل): سپیکر صاحب، ایسا ہے کہ یہ جو مسئلہ ہے، یہ تو اپنے Specific حلقے کی بات کر رہے ہیں، یہ پورے صوبے کا مسئلہ ہے، اس طرح کی کافی State lands ہیں جہاں پہ لوگوں کے گھر بنے ہوئے ہیں اور وہ State land ہے، تو اس کے لئے ہم نے پہلے بھی پچھلے دور میں بھی کوشش کی تھی کہ اس کے لئے قانون بنایا جائے، تو اگر آپ فرض کریں اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجتے ہیں تو اس میں یہ بھی شامل کر دیں کہ یہ ایک Generalize قانون بنے، Not specifically for one place یہ ذرا آپ دیکھ لیں۔

جناب سپیکر: جی عباسی صاحب۔

وزیر مال واملاک: سر، بالکل ٹھیک ہے، ہماری بہت سی State lands ہیں جو لوگوں کے قبضے میں ہیں اور میرے بھائی نے جو تجویز دی ہے کہ بالکل بننا چاہیئے، اس سلسلے میں میں اپنے بھائی سے ایک عرض کر لوں کہ ابھی جو لیز پالیسی ہے ہماری صوبے کے اندر، اس کی ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے، میں اس کا ممبر بھی ہوں کہ ہمیں State land یا پراپرٹی کو کس طرح Rent out کرنا ہے یا اس کو Sale تو نہیں کر سکتے جب تک قانون سازی نہیں ہو گی، تو اس کے لئے ہم بنا رہے ہیں، میرے خیال میں آپ اگر ہمارے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں اور اس کو ہم دیکھ لیں کہ 2011 سے یہ تقریباً تیرہ چودہ سال گزر چکے ہیں، تو اس میں صرف یہ رکاوٹ ہے کہ اس کا چونکہ قانون موجود نہیں ہے، پالیسی موجود نہیں ہے، جناب سپیکر، حکومتوں نے اعلانات کئے ہیں یا اس کی یقین دہانی کروائی ہے لیکن اس پہ عملداری اس لئے نہیں ہو سکتی کہ یہ ایوان قانون سازی کرے گا، یہ اختیار دے گا تو اس قانون کے تحت یہ ہو سکتی ہے،

تو اس میں باقی جو Lands ہیں یا ہماری پراپرٹیز ہیں، ان کے لئے بھی ہمیں کرنا چاہیئے، Already ہم لیز کی جو پالیسی ہے، اس میں بڑی تبدیلی لارہے ہیں کہ ہمارے پاس جو جگہیں ہیں، ان کے لئے بھی وہ پالیسی جلد ہی ان شاء اللہ آپ کے اس فلور پہ آچکی ہو گی اور اس میں قانون سازی بھی ہو گی، تو اس میں بھی قانون سازی کی ضرورت ہے، جب تک وہ نہیں ہو گا تو میرے لئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا وزیر محترم! گزارش یہ ہے ناں کہ 2011 میں کیبنٹ فیصلہ کرتی ہے، میں آپ کو ذرا اداروں کی ہئیت بتاتا ہوں کہ ادارے کر کیا رہے ہیں؟ 2017-18 میں اس وقت پالیسی بنانے کا کہا گیا لیکن پالیسی نہیں بنی، 2017-18 میں پھر کابینہ نے قانون سازی کے لئے کہا، کوئی ابھی تک پالیسی یا قانون سازی نہیں ہوئی، 14 مارچ 2019 کو دوبارہ وہ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں یہ منعقد ہوا اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ جی اس پہ ابھی تک کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی، یعنی یہ ایک قصہ ہے جو 2011 سے چل رہا ہے، اب 2024 آگیا ہے، تو ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو اس پالیسی کو وضع کرنے کے لئے کتنا وقت چاہیئے؟ This end یا Other end.

وزیر مال واملاک: نہیں سر، اس میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہوں گا کہ اس میں ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا قصور نہیں ہے، 2011 میں اگر حکومت بغیر پالیسی اور بغیر قانون کے بادشاہ سلامت کی طرح اعلانات کر رہی تھی تو ان کو چاہیئے تھا کہ اس اسمبلی پہ قانون سازی بھی کرتے اور پالیسی بھی اس کو دیتے تاکہ ان لوگوں سے جو وعدہ کیا گیا تھا، جو ان سے پیسے جمع کروائے گئے تھے تو ان کے حوالے کئے جاتے، اس میں ڈیپارٹمنٹ قانون کا پابند ہے، ڈیپارٹمنٹ از خود قانون سازی نہیں کر سکتا کہ وہ کسی کو جگہ الاٹ کر دے یا وہ کر دے، یہ اس اسمبلی کا حق ہے کہ قانون سازی یہ کرے گی، پالیسی اور قانون سازی حکومت اور اس ایوان کا استحقاق ہے تو یہ کریں گے، اس میں ڈیپارٹمنٹ کی کوئی نہیں ہے، ڈیپارٹمنٹ سے تو جب آپ پوچھیں گے تو وہ کہے گا کہ ہمارے ہاتھ تو بندھے ہوئے ہیں، ہمیں قانون اجازت نہیں دے رہا۔

جناب سپیکر: اب آپ اس پہ کیا کہتے ہیں؟ اب گورنمنٹ کیا چاہتی ہے اور آپ کا محکمہ کیا چاہتا ہے؟

وزیر مال واملاک: سر، یہ چونکہ ہمارا اعلان کردہ نہیں ہے، ہماری حکومت، پی ٹی آئی حکومت کا یہ اعلان نہیں ہے۔

جناب سپیکر: سر، 2017-18 میں آپ کی حکومت تھی۔

وزیر مال واملاک: سر، 2017 دیکھیں۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، دیکھیں بحث میں نہیں جاتے، میں تو جو یہاں لکھا ہوا ہے اس کو پڑھ رہا ہوں۔

وزیر مال واملاک: سر، میں عرض کر لوں کہ یہ 2017-18 کی حکومت نے نہیں کیا، نہ یہ 2013-18 والی حکومت نے کیا ہے، یہ اس سے پہلی والی حکومت نے کیا ہے۔

جناب سپیکر: سر، یہ 2017-18 میں کابینہ میں ڈسکس ہوا ہے۔

وزیر مال واملاک: سر، میں تو اپنے بھائی سے یہ کہتا ہوں کہ اس وقت یہ غلط کیا گیا کہ آپ بغیر کسی قانون یا کسی پالیسی کے آپ State land کسی کو نہیں دے سکتے، یہ قانون ہے اور اس کے بعد ہمارے دو ادوار جو پی ٹی آئی کے گزرے ہیں، تو اس پہ اس کو قانون سازی ہونی چاہیئے تھی۔

جناب سپیکر: یہ فیصلہ 18-2017 میں کابینہ میں ہوا تھا کہ اس پر قانون سازی کریں اور آج 2024 ہے۔

جناب خلیق الرحمان (وزیر آبکاری و محاصل): سر جی، سټینډنګ کمیټۍ ته یئ او لیږئ۔

جناب سپیکر: سٹینڈنگ کمیٹی میں بات لٹک جائے گی، میں آنریبل منسٹر سے یہ سننا چاہتا ہوں کہ اگر انہوں نے جس طرح خلیق رحمان صاحب نے بھی Point out کیا کہ اس صوبے کے اندر اور بھی جگہوں پر بھی یہ ایشوز ہیں، تو اگر گورنمنٹ کوئی ایسی Comprehensive policy لاتی ہے کہ جس سے گورنمنٹ کو بھی Benefit ہو اور پبلک کو بھی Benefit ہو، تو میرا خیال ہے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

وزیر مال واملاک: جناب سپیکر، اس میں جو رکاوٹ ہے، وہ یہ ہے کہ یہ اس کی ملکیت لینا چاہ رہے ہیں، اس کی Rental lease یا لیز کی پالیسی موجود ہے اور اسی پہ ہم کام بھی کر رہے ہیں کہ اس میں کچھ ترامیم لائیں اور اس کے مالکانہ حقوق پہ عرض کر لوں، مالکانہ حقوق کے لئے ان کے ساتھ جو Commit کیا گیا تھا، جو اناؤنس ہوا تو اس کے بدلے میں پھر انہوں نے پیسے بھی اس Land کے جو اس وقت طے ہوئے وہ مقرر ہوئے اور وہ جمع کروائے اور ان کے بقول میرے بھائی کے، کہ جی اس میں انتقالات بھی ہوئے ہیں، تو اس کی بھی رپورٹ ہم جلدی لے لیتے ہیں، تو میرے خیال میں یہ پہلے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ جائیں، ہم ان کو پوری طرح سے Brief کر سکیں گے کہ ہمیں کہاں رکاوٹ آ رہی ہے؟ پھر اگر یہ حکومت کے End سے یا کیبنٹ کے پاس یہ جاتی ہیں تو بالکل جانی چاہیئے، ہم بھی اس بات کے حق میں ہیں کہ ایک زمین جو کہی گئی تھی، تو اس میں تو عوام کا کوئی قصور نہیں ہے۔

جناب سپیکر: عباسی صاحب، آپ اس گورنمنٹ کے بہت زبردست قسم کے Dynamic Minister ہیں اور اس کے ساتھ پبلک کے حقوق وابستہ ہیں، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کی سربراہی میں یہ فیصلہ بڑی آسانی کے ساتھ جس طرف گورنمنٹ لگانا چاہتی ہے، گورنمنٹ لیز دینا چاہتی ہے، مالکانہ حقوق پہ جانا چاہتی ہے مگر 2011 کا قصہ ہے اور اب 2024 ہو گیا ہے۔ دیکھیں، یہ ہمارے End پہ، ہمارے اداروں کے End پہ یہ بات آتی ہے کہ یہ لوگ اتنے لمبے عرصے سے ٹینشن میں ہیں، کچھ لوگ مر گئے ہوں گے، ان کے ورثاء ہوں گے اور یہ ایسے معاملات ہوں، تو کوئی Clarity ہونی چاہیئے تاکہ ان لوگوں کو آسانی ہو جائے اور ہم آپ سے یہ توقع کرتے ہیں۔

وزیر مال واملاک: سر، میں اپنے فاضل دوست کو یا ان کا ایک وفد جو ہمارے ساتھ بیٹھنا چاہے، تو میرا ڈیپارٹمنٹ بھی بیٹھ جائے گا اور ہم اس کا کوئی Way out نکالتے ہیں اور پھر ظاہر ہے کہ اس کی کیبنٹ سے منظوری کے بعد قانون سازی کے لئے اس ایوان میں آئے گا، اب تو قانون موجود نہیں ہے، اگرچہ پریکٹس کیا گیا ہے وہ۔۔۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر صاحب، یہ 2011 یا 2024 کی بات نہیں ہے، آپ اگر چاہیں تو آپ جیسا زبردست آدمی جو منسٹر ہیں، آپ ان کا یہ معاملہ تین مہینے کے اندر حل کر سکتے ہیں۔

وزیر مال واملاک: سر، میں آفر کرتاہوں کہ یہ ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں اور ہم بالکل کچھ پالیسیاں بھی لا رہے ہیں، Already اس پہ کام ہو بھی رہاہے، اس کے لئے قانون سازی بھی ہو گی، اس پہ Already کمیٹی بنی ہوئی ہے، اگر میرے بھائی کا کوئی وفد آنا چاہتاہے تو ہم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی داؤد شاہ، آپ بیٹھتے ہیں؟ میرا خیال ہے آپ پہلے ان کے ساتھ بیٹھ جائیں، اگر معاملہ حل نہیں ہوا تو ہم دوبارہ اسے لے لیں گے اور پھر ہم سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دیں گے، پہلے آپ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ جائیں، میرا خیال یہ ہے۔

جناب داؤد شاہ: سر، میں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بھی بیٹھ جاؤں گا، لاء منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان سے بھی مطلب ہے پوچھنا چاہتاہوں کہ 2011 سے لے کر 2018 تک اگر انتقالات ہوئے ہیں تو وہ کس قانون کے تحت ہوئے ہیں؟

جناب سپیکر: بس وہ ڈسکشن میں آجائیں گے۔

جناب داؤد شاہ: ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: آپ ابھی وزیر قانون صاحب سے اس وقت نہ پوچھیں۔

جناب داؤد شاہ: یہ جرما کے مالکانہ حقوق کے حوالے سے میں کچھ۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ جب بیٹھیں گے تو ڈسکشن میں یہ ساری چیزیں Cover up ہو جائیں گی۔

جناب داؤد شاہ: ٹھیک ہے جی، اور اس میں وزیر قانون صاحب کو بھی ڈائریکشن دے دیں کہ وہ بھی ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں۔

جناب سپیکر: بالکل بیٹھیں گے، وہ تو بیٹھیں گے۔

جناب داؤد شاہ: ٹھیک ہے، Thank you, okay.

Mr. Speaker: Question No. 367. Excise and Taxation. Ms. Shehla Bano, MPA, please.

* 367 _ محترمہ شہلا بانو: کیا وزیر برائے آبکاری، محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں عوام آمد ورفت کیلئے بہت سے ذرائع استعمال کرتے ہیں جن میں چھوٹی بڑی گاڑیاں اور موٹر سائیکل شامل ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں اور بالخصوص پشاور اور دیگر اضلاع میں 2018 سے اب تک کتنی تعداد میں کون کون سی گاڑیاں محکمہ نے رجسٹرڈ کی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب خلیق الرحمان (وزیر آبکاری ومحاصل): (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) محکمہ نے سال 2018 سے اب تک 594,924 موٹر سائیکل، چھوٹی اور بڑی گاڑیاں رجسٹرڈ کی ہیں۔

(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

محترمہ شہلا بانو: شکریہ جناب سپیکر، انہوں نے مجھے تو ڈیٹا دے دیا ہے جو کہ میرے پاس ہے لیکن خیبر پختونخوا میں زیادہ تر گاڑیوں کی رجسٹریشن ہو ہی نہیں رہی ہے، یہ زیادہ تر اسلام آباد فیڈرل ایریا میں ہو رہی ہے، اگر یہاں پر رجسٹریشن نہیں ہو گی تو ڈیٹا بھی گاڑیوں کا میرے خیال میں نہیں آسکے گا کہ کتنا ریکارڈ بنا ہے، ابھی کتنی گاڑیاں ریکارڈ میں موجود ہیں، کتنی گاڑیاں خیبر پختونخوا میں رجسٹرڈ ہو چکی ہیں؟ تو جناب سپیکر، اس کے لئے میں کہتی ہوں کہ یہ ہم اپوزیشن اور یہ سارے گورنمنٹ کے مل کر ایک کمیٹی میں اگر بیٹھ جائیں، اس میں کوئی Strategy بنائیں، اس میں رجسٹریشن کی Strategy بن جائے جیسے کہ Environmental issues بھی ہیں اور اس میں جو ہمارا "SDG 13 or "Climate Action ہے، تو اس میں 2030 کا ایک goal set ہوا انوائرمنٹ پر، تو اس میں ایک سو اکیانوے (191) جو ممالک ہیں، وہ UN کے ساتھ بیٹھے ہیں، ان میں پاکستان بھی شامل ہے۔ تو جناب سپیکر، جب تک گاڑیوں کا ڈیٹا نہیں آئے گا تو گاڑیوں کا پتہ نہیں چلے گا کہ کتنی پیٹرول پہ ہیں، کتنی گیس پہ ہیں، کتنی ڈیزل پہ ہیں؟ تو پھر میرے خیال میں یہ ڈیٹا حاصل نہیں ہو سکے گا اور پاکستان اپنا گول بھی Achieve نہیں کر سکے گا، تو اگر ریکارڈ کے ذریعے یہ پتہ چل جائے کہ کتنی ہیں، تو اس میں انوائرمنٹ کے لئے بھی کام ہو سکے گا اور گاڑیوں کا بھی پتہ چل جائے۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ مسز شہلا بانو صاحبہ، آپ نے جو کوئسچن پوچھا ہے، اس کا جواب انہوں نے ٹھیک دیا، جو آپ نے پوچھا ہے، اب یہ جو آپ بات کر رہی ہیں، یہ بالکل مختلف بات ہے، یہ پچھلی مرتبہ بھی اس پہ اسمبلی کے اندر ڈیبیٹ ہو چکی ہیں کہ خیبر پختونخوا کی جو گاڑیاں ہیں، ان کے لئے ابھی تک رولز واضح نہیں ہوئے ہیں، فریم نہیں ہوئے ہیں جس کی وجہ سے وہ گاڑیاں پنجاب میں رجسٹرڈ ہو رہی ہیں جس سے ہمارا میجارٹی ریونیو پنجاب میں جا رہا ہے اور گاڑیاں ہمارے صوبے میں چل رہی ہیں، تو آپ اس پہ علیٰحدہ کوئسچن لے آئیں تاکہ پھر ڈیپارٹمنٹ اس کے مطابق جواب دے دے۔

محترمہ شہلا بانو: بس میرا سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ Satisfactory ہے؟

محترمہ شہلا بانو: بس یہ ریونیو جنریشن کا ہی سوال ہے کہ ہمارے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ پھر آپ دوسرا کوئسچن لے آئیں۔

محترمہ شہلا بانو: ٹھیک ہے، تھینک یو۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 374، جناب سجاد اللہ خان، ایم پی اے، محکمہ ریونیو۔ اس کو ہم پینڈنگ کر دیتے ہیں کیونکہ سجاد اللہ نے مجھے فون کیا تھا، وہ آ رہا ہے، اس کو ہم پینڈنگ کر دیتے ہیں۔ کوئسچن نمبر 386، جناب احسان اللہ خان، محکمہ انڈسٹریز اینڈ کامرس۔

* 386 _ جناب احسان اللہ خان: کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کا سابق سرحد ڈیویلپمنٹ، ایس ڈی اے کے نام 25ہزار ملکیتی رقبہ موضع درابن کلاں، تحصیل درابن ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے یہ رقبہ سال 2017 سے خیبر پختونخوا اکنامک زون ڈیویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (KP EZDMC) کے حوالے کر کے درابن کلاں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون قائم کرنے کے لئے مختص کر رکھا ہے اور ساتھ ساتھ قبضہ اراضی بھی (KP EZMDC) کے حوالے کیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2017 سے لے کر اب تک درابن کلاں ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی صنعت و حرفت): (الف) اگرچہ ایس ڈی اے 25ہزار کنال کا دعویدار تھا لیکن ایس ڈی اے کے پاس تقسیم اراضی اشتمال اراضی کے نہ ہونے کے باعث قبض الوصول نہیں کر پایا۔

(ب) KP EZDMC کے قیام کے بعد سابق ایس ڈی اے کے تمام اثاثے KP EZDMC کے نام پر منتقل کر دیئے گئے۔ تاہم جیسا کہ ایس ڈی اے کے پاس درابن زمین کا فزیکل قبضہ نہیں تھا اس لئے تقسیم اراضی اور اشتمال اراضی کے مسائل کی وجہ سے KP EZDMC کو 2018 میں دوبارہ زمین پر قبضے کا عمل شروع کرنا پڑا۔ مسلسل کوششوں کے بعد KP EZDMC نے کامیابی سے درابن کی 23ہزار 782 کنال اراضی کی ملکیت حاصل کر لی، فرد بدر باضابطہ طور پر مارچ 2024 میں جاری کیا گیا۔

(ج) جنوبی خیبر پختونخوا کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے KP EZDMC نے درابن پراجیکٹ کو دو مراحل میں تیار کرنے کو منصوبہ بنایا ہے۔ KP EZDMC نے M/S EY Ford Rhodes (جس کا شمار دنیا کی چار بڑی کمپنیوں میں ہوتا ہے) کے ذریعے ایک فزیبلٹی اسٹڈی کی ہے۔ مزید برآں، تکنیکی، مالیاتی اور قانونی فرموں کے ایک کنسورشیم کو حکومت خیبر پختونخوا کے محکمہ پی اینڈ ڈی نے Onboard کیا ہے تاکہ وہ Transaction Advisory Services (TAS) فراہم کر سکے اور اس منصوبے کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے طور پر آگے بڑھایا جا سکے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ قانون کے تحت محکمے میں NOD (جو محکمانہ کمیٹی ہے) کے ذریعے بھیجا جائے گا جس کے بعد مرحلہ وار منظوری کے ذریعے صوبائی کیبنٹ بھیجا جائے گا۔ جو کہ بعد از سرمایہ کاری کے لئے بذریعہ اشتہار بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پیش کیا جائے گا۔

جناب احسان اللہ خان: تھینک یو جناب سپیکر، میرا سوال وزیر صنعت اور تجارت سے ہے۔ (الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کا سابق سرحد ڈویلپمنٹ (ایس ڈی اے) کے نام 25ہزار ملکیتی رقبہ موضع درابن کلاں، تحصیل درابن ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود ہے؟ (ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے یہ رقبہ سال 2017 سے خیبر پختونخوا KP EZDMC کے حوالے کر کے درابن کلاں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون قائم کرنے کے لئے مختص کر رکھا ہے اور ساتھ ساتھ قبضہ اراضی KP EZDMC کے حوالے کیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2017 سے لے کر اب تک درابن کلاں ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت کی تفصیل سے اگاہ کیا جائے؟

جناب سپیکر: جی، وہ آپ کا جواب ہے ناں، آپ اس سے مطمئن ہیں؟

جناب احسان اللہ خان: جناب سپیکر، میں بالکل مطمئن نہیں ہوں، وہ اس لئے کہ انہوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ ہمیں سال 18-2017 میں اس اراضی کی ملکیت دے دی گئی تھی، سنٹرل گورنمنٹ کی وہاں پہ تقریباً تین لاکھ کنال اراضی ملکیت ہے اور یہ مختلف زمینداروں نے ہمارے علاقے میں انہوں نے قربانی دے کر جو اپنے قبضے والی زمینیں تھیں وہ انہوں نے حکومت کو اکٹھی ملکیت دے دیں تاکہ یہاں پہ اکنامک زون قائم ہو اور ڈی آئی خان کے ہ چار سپیشل اکنامک زون میں سے ایک درابن کلاں بھی شمار ہوتا ہے لیکن 2017 سے لے کر آج تک اس کے اوپر کوئی پیش رفت نہیں ہو رہی۔ (ج) میں مجھے جو جواب دیا گیا ہے کہ ہم نے کوئی کنسور شیم کیا ہوا ہے، پتہ نہیں کونسی کمپنی ہے اور ہم کریں گے اور ایسا ہوگا، تو یہ ساری بڑی مبہم قسم کی باتیں ہیں اور کوئی Time frame نہیں ہے کہ یہ کب تک ہوگا؟ کیونکہ جناب سپیکر، اکنامک زون صرف ہمارے علاقے کے لئے نہیں، صوبے کے لئے نہیں بلکہ پورے ملک کے لئے ضروری ہے، ہمارے وہاں سے CPEC کا Route گزر رہا ہے اور میں ایک بات کرتا چلوں کہ وہاں پہ ہمارے علاقے میں اس وقت جو بے روزگاری کا حال ہے، مطلب ہے کہ یہاں سے ایک تو Jobs generate ہوئی ہیں اور جو رہی سہی باقی، Even کہ کلاس فور کی Jobs ہیں جناب سپیکر، میں اس لئے اس کے اوپر بار بار بات کر رہا ہوں، شاید کوئی پرائیویٹ کمپنی ہے، وہ ان لوگوں کو Job دے دیں کیونکہ حکومت خیبر پختونخوا نے یہ تہیہ کر رکھا ہے کہ درابن کلاچی، دارازندہ میں ادھر لوکل لوگوں کو نہیں لگانا، اس لئے کہ انہوں نے پی ٹی آئی کو ووٹ نہیں دیا۔

جناب سپیکر: چلیں وزیر محترم سے پوچھتے ہیں، آپ نے پورا نیا قصہ شروع کر دیا، اب آپ بیٹھ جائیں۔

جناب احسان اللہ خان: ایک سیکنڈ، صرف ایک آخری بات، وہاں پہ۔۔۔۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Industries, please.

معاون خصوصی صنعت و حرفت: شکریہ جناب سپیکر صاحب، مجھے تو یہ امید تھی کہ ایم پی اے صاحب ہمیں شاباش دیں گے کہ یہ کس زمانے کی زمین تھی اور Consolidation نہیں ہوئی تھی، تو جب سے کمپنی بنی ہے 2016-17 میں، یہ Successor کو مل گئی KP EZDMC کو۔ سر، اس کے بعد Consolidation of land اس پہ میرا خیال ہے کہ میرے Personal interest سے تین ساڑھے تین سال میں یہ Consolidate ہوئی ہے اور جہاں تک Progress کی بات کر رہے ہیں تو باقاعدہ اس کی فیزیبلٹی جو آپ کہہ رہے ہیں جو مشکل سا نام ہے انگریزی میں لکھا ہے، تو یہ انٹرنیشنل فرم ہے، اس کی Consultancy کروائی گئی ہے کہ یہ علاقہ یہ جو گزرگاہ ہے، یہ کس کس چیز کے لئے مفید ہے، پھر TAS ٹیکنیکل اس کے لئے پھر یہ پی اینڈ ڈی نے کنسورشیم بنایا ہے ڈیپارٹمنٹ انوائرونمنٹ کا، پھر یہ ہوا ہے، یہ میں آپ کو ابھی ڈیٹا دے رہا ہوں کہ 5 مارچ 2024 کو، پھر سٹیک ہولڈرز کی میٹنگ ہوئی ہے یکم اپریل 2024 کو، اس میں مزید Step by step جہاں تک آپ آخر میں جائیں کہ اس کا

ڈرافٹ جو کہ پی پی پی پراجیکٹ (پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ)، اس کے ڈرافٹ کی تکمیل کے لئے فروری 2025 جو ہے وہ Expected ہے کہ ہم اس کام کو Complete کر لیں گے، پھر یہ نوٹ کے لئے جائے گا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو اور کیبنٹ اس کی Approval دے گی اور پھر مارکیٹ میں Float کیا جائے گا، یہ فیزیبلٹی یہ Ready ہے For investment.

جناب سپیکر: میرے خیال میں وزیر محترم نے کافی مفصل بات کی ہے۔

جناب احسان اللہ خان: جناب سپیکر، جو اچھی چیز ہے ہم اس پر داد بھی دیتے ہیں، انہوں نے مجھے جو ڈیٹیل بتائی، وہ یہاں پہ شامل نہیں تھی، جواب انہوں نے بتائی کہ ہماری جو مارچ 2025۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے کہا کہ لکھا ہوا ہے۔

جناب احسان اللہ خان: نہیں جی، یہاں پہ کہیں بھی نہیں لکھا ہوا، مارچ 2025ء تک انہوں نے کہا کہ ہم اس کو Complete کریں گے اور اس کے بعد Plots for sale ہوں گے ان شاءاللہ، اللہ کرے ایسا ہو، اگر ایسا ہے تو ہم آپ کو شاباش بھی دیتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ ہمارے اس پسماندہ علاقے میں کچھ نہ کچھ ترقی کی نوید ہو گی کیونکہ باقی سپیشل اکنامک زون سب پہ کام شروع ہے، جناب سپیکر، رشکئی ہے، حطار ہے، سب پہ کام شروع ہو چکا ہے، صرف یہ ایک رہا ہوا ہے اور یہ میرے خیال سے اراضی کے لحاظ سے سب بڑا اکنامک زون ہے۔

جناب سپیکر: میرا خیال ہے اس پہ اس سے زیادہ ڈیٹیل میں آپ کو اور کیا بتائیں گے؟ انہوں نے بڑا Comprehensive answer دیا ہے، کبھی مان بھی لیا کریں۔

جناب احسان اللہ خان: سر، میں چاہتا ہوں، اگر ہم اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب سپیکر: تو ضرورت نہیں ہے، اتنا Comprehensive answer، تو کیسے انہیں بھیج دیں؟

جناب احسان اللہ خان: سر، اس پہ ہم ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو بھی بلائیں گے۔

جناب سپیکر: وہ ٹائم بھی دے رہے ہیں، سب کچھ دے رہے ہیں، پھر کیوں بھیج دیں؟

جناب احسان اللہ خان: سر، دیکھیں یہ تو 2017 سے سن رہے ہیں کہ اس طرح کی کئی میٹنگز ہو چکی ہیں۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: سر، یہ حطار کا کہہ رہے ہیں، فلاں کا کہہ رہے ہیں، ان کی جو ڈی آئی خان میں انڈسٹریل اسٹیٹ تھی، وہ پچھلے زمانے میں وہاں پہ ایک یونٹ تھا، ابھی الحمد للہ وہاں پہ پلاٹ نہیں ہیں، کوئی تیس کے قریب یونٹ وہاں پہ سٹارٹ ہو گئے ہیں، اس کی پرانی جو سال انڈسٹریل اسٹیٹ تھی، اس میں بجلی کا فیڈر بھی نہیں تھا جو کہ Independent feeder ہو، وہ بھی پچھلے دور میں کرایا ہے، Rehabilitation کرائی ہے، اب Cancelation پہ جا رہے ہیں، تو ماشاءاللہ ہماری وہاں کی Progress یہ ہے لیکن یہ بہت بڑا پراجیکٹ ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، Very well answered the Question

جناب احسان اللہ خان: سر، اس کو کمیٹی میں بھیج دیں کیونکہ وہاں پہ۔۔۔

جناب سپیکر: کیوں بھیج دیں؟

جناب احسان اللہ خان: سر، اس لئے کہ یہاں پہ انہوں نے کہا ہوا ہے کہ جو Land ہے، اس کے پورے فرد بدر ہمیں نہیں ملے، اس میں کچھ رہ گئے ہیں۔

جناب سپیکر: او بھئی! انہوں نے 23 ہزار 24 ہزار میں سے تو لے لی ناں، 23 ہزار اور کچھ۔

جناب احسان اللہ خان: چلیں سر، ہم امید کرتے ہیں کہ اس پہ جلد از جلد کام شروع ہو۔

جناب سپیکر: اور گورنمنٹ آپ کو ایشورنس دیتی ہے۔

جناب احسان اللہ خان: اب آپ نے ہمیں مارچ 2025 کا Time line دی۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: سر، میں ایم پی اے صاحب کو وہ کر دوں کہ آپ آئیں، ہم آپ کو بٹھائیں گے، سارا پلان آپ کے ساتھ ڈسکس کریں گے، آپ کو Presentation دیں گے۔

جناب سپیکر: ان کو وہاں وزٹ کرائیں، وزٹ پہ بھیجیں۔

معاون خصوصی صنعت و حرفت: بالکل جی، بالکل کرالیں گے، Okay, Sir.

جناب سپیکر: کوسچین نمبر 404، ارباب محمد عثمان خان، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اس کو پینڈنگ کر دیتے ہیں، ارباب تو ادھر ہی تھے۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

300 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؛

(ب) کیا کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور ان کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے؟ اگر ہاں تو مذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اور اس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب عبدالکریم (معاون خصوصی صنعت و حرفت): (الف) محکمہ صنعت و حرفت کی ذیلی اداروں نے مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کیلئے درج ذیل اقدامات اٹھائے ہیں:

1۔ ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز اینڈ کامرس (DG-IC):۔

ہماری کل آبادی کا انہتر فیصد (69%) نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ نوجوانوں کی تعلیم و تربیت اور ان کو خود کفیل بنانا خیبر پختونخوا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس سلسلے میں حکومت خیبر پختونخوا نے Apprenticeship Act پاس کیا ہے جس کا مقصد مختلف صنعتوں میں نوجوانوں کو عملی ہنر (skill) سکھا کر ہنر مند اور مفید شہری بنانا ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ Apprenticeship Act خیبر پختونخوا کے تفصیلی قوانین محکمہ قانون

میں تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ محکمہ ہذا نے مختلف صنعتوں کے مالکان سے باقاعدہ ملاقاتیں کی ہیں اور ان کو نوجوانوں کے ہنر اور روزگار کے سلسلے میں حکومت کی ترجیحات سے آگاہ کیا ہے اور محکمہ کے ذمہ دار افسران کو اس سلسلے میں تربیت بھی دی گئی ہے۔ محکمہ ہذا نے قوانین کی منظوری سے پہلے ہی متعدد صنعتوں سے رابطہ کیا ہے، جنہوں نے باقاعدہ طور پر کئی نوجوانوں کو تربیت(Apprenticeship Act)کا آغاز کیا ہے جس کی تفصیل درجہ ذیل ہے:

S. No	Name of Employer	Employer	No of Apprentices
01	Coca Cola Beverages Pakistan Ltd.	Registered	Hiring unde Process
02	Pak German	Registered	15
03	*Fauji Cement*	Registered	18
04	Philip Morris	Registered	05
05	Pakistan Tobacco Company	Registered	Hiring unde Process
06	Best way Cement	Registered	Hiring unde Process

Apprentices کی ٹوٹل تعداد۔38

جونہی مذکورہ قوانین محکمہ قانون سے منظور ہوتے ہی ہنر(Apprenticeship)کا دائرہ کار صوبے میں واقع ساری صنعتوں تک بڑھایا جائے گا۔

2۔ خیبر پختونخوااکنامک زون ڈیویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی(KP-EZDMC) :

صوبائی حکومت نے خیبر پختونخوا اکنامک زون ڈیویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے ذریعے صوبے بھر میں 14 اکنامک زون قائم کئے ہیں جن میں سے 9اکنامک زون کا قیام پچھلے پانچ سالوں میں عمل میں لایا گیا (بنوں اکنامک زون، جلوزئی اکنامک زون، نوشہرہ اکنامک زون Extension، ممند اکنامک زون، ڈی آئی خان اکنامک زون، چترال اکنامک زون، حطار سپیشل اکنامک زون اور رشکئی سپیشل اکنامک زون شامل ہیں) ان اقتصادی زونوں میں صنعتوں کی کل تعداد 1740 ہے۔ مذکورہ بالا اکنامک زونز کے قیام سے ایک لاکھ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔

کے پی اے زیڈ ڈی ایم سی، ترجیحی بنیادوں پر خواتین کاروباریوں کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کو یقینی بناتا ہے۔

پشاور میں بہت جلد انکلوزیو بزنس ڈیویلپمنٹ کا افتتاح کیا جائے گا۔ یہ انکلوزیو بزنس ڈیویلپمنٹ پارک (آئی بی ڈی پی) خیبر پختونخوااکنامک زون مینجمنٹ کمپنی اور کے پیک کا ایک مشترکہ منصوبہ ہے جس کی مالی اعانت ورلڈ بینک کرتا ہے۔اس منصوبے کا مقصد مردوں، خواتین، معذور افراد اور خواجہ سراؤں کو اپنا کاروباری سیٹ اپ قائم کرنے کے قابل بنانا ہے۔مزید براں چھوٹے کاروباری اداروں کو بڑے پیمانے پر بڑھانے اور پائیداری حاصل کرنے میں مدد کرتا ہے،آئی ڈی بی پی ابتدائی طور پر پشاور میں کاروباری افراد کے لئے خصوصی طور پر قائم ہا ہے جسے خیبر پختونخواکے دیگر قابل عمل مقامات پر بھی نقل کیا جائے گا۔اس سلسلے میں کے پی ای زیڈ ڈی ایم سی کاروباری ترقی کی خدمات فراہم

کرنے کے لئے مختلف سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ روابط بھی قائم کرے گا تاکہ کاروباریوں کے کاروبار کو بڑھانے میں مزید مدد فراہم کی جاسکے۔ نیز مزید براں ریگولیٹری اتھارٹی کے مسائل میں مدد کے لئے ون اسٹاپ فیسیلیٹیشن ڈیسک بھی دستیاب ہوگا۔

خیبر پختونخوا اکنامک زون ڈویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ کمپنی نے حال ہی میں ایک مخصوص کلسٹر ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا ہے۔ اس شعبہ کا مقصد صوبہ بھر میں جدید ترین انجنیئرنگ خدمات فراہم کرنا ہے جبکہ کلیدی صنعت کلسٹرز کی شناخت، فروخت اور مدد بھی کرنا ہے۔ شعبہ کلسٹر ڈویلپمنٹ ایک عام پہلو کی نمائندگی کرتا ہے جس میں ابتدائی توجہ ایک مشترکہ سہولتی تربیتی مرکز کے قیام پر مرکوز ہے۔ سی ایف سی ٹی سی اپنی خدمات کو متنوع صنعتوں کو مہیا کرے گا جن میں آٹو موٹو، پائپ سازی اور متعلقہ اشیاء، ٹیکسٹائل، تمباکو، فوڈ پروسیسنگ، فاسٹ مووِنگ کنزیومر گڈز (ایف ایم سی جی) چھوٹے ہتھیاروں کی تیاری وغیرہ شامل ہے اور مخصوص شعبوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے موزوں حل و یقینی بنانا شامل ہیں۔

3۔ سمال انڈسٹریز ڈیویلپمنٹ بورڈ (Small Industries Development Board (SIDB:

1۔ انڈسٹریل پالیسی 2020 کے مطابق علاقے کے عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کئے گئے ہیں:

i - انڈسٹریل پارک پشاور کے قیام کیلئے نزد سرہ خاورہ تنی 941.10 کنال رقبے پر سیکشن 4 نافذ ہو چکا ہے جس پر ترقیاتی کام شروع ہو چکا ہے اب تک 88 پارٹیوں نے 25% ڈاؤن پیمنٹ کر دی ہے اور انہیں Letter of Acceptance جاری کر دیا گیا ہے۔ اس انڈسٹریل اسٹیٹ کی کامیابی کی وجہ سے ہزاروں بے روزگار تعلیم یافتہ، غیر تعلیم یافتہ، ہنر مند اور غیر ہنر مند افراد کو روزگار کے مواقع فراہم ہونگے۔

ii - سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں، ڈی آئی خان، مانسہرہ اور کوہاٹ کی بحالی کے بعد روزگار میں اضافہ ہوا۔

iii - سمال انڈسٹریل اسٹیٹ پشاور کو ذاتی فیڈر کی فراہمی کے بعد روزگار میں اضافہ ہوا۔

iv - انڈسٹریل پارک ڈی آئی خان کیلئے 4,000 کنال پر مشتمل ریاستی زمین کا انتخاب ہو گیا ہے جب یہ ریاستی زمین SIDB کو منتقل ہو جائے گی تو اس پر ترقیاتی کام کا آغاز کر دیا جائے گا۔

v - سمال انڈسٹریل اسٹیٹ باجوڑ میں زمین کی قیمت ادا کی گئی ہے، زمین کا حصول آخری مراحل میں ہے

vi - سمال انڈسٹریل اسٹیٹ بنوں میں زمین کی قیمت ادا کی گئی ہے۔

vii - انڈسٹریل پارک کرم 1&2 کی فیزبیلٹی مکمل کر دی گئی ہے۔

viii - انڈسٹریل پارک ساؤتھ وزیرستان کی زمین کا انتخاب ہو چکا ہے۔

ix - انڈسٹریل پارک دیر لور (502) کنال اور انڈسٹریل پارک سوات (1000) کنال منتخب زمین پر سیکن 4 نافذ ہو چکا ہے۔

2۔ پاک جرمن ووڈ ورکنگ سنٹر میں ووڈ ٹیکنالوجی کا ہنر سکھایا جاتا ہے جس میں ہنر مند نوجوانوں کی کورس مکمل کرانے کے بعد100%روزگار کے مواقع فراہم ہو جاتے ہیں۔

3۔ پاکستان آرٹس & کرافٹ گیلری اسلام آباد میں مقامی کاریگروں کو مصنوعات کی نمائش کیلئے online platformمہیاء کی گئی ہے۔

4۔ گزشتہ سکیم کے تحت 21ریڈی میڈ گارمنٹس سنٹر کے ذریعے 2065 خواتین کو تربیت دی گی ہے۔ جن میں سے489 خواتین نے اپناذاتی روزگار شروع کر دیاہے۔

4۔ بورڈ آف انویسمنٹ اینڈ ٹریڈ:۔KP-BOIT

چونکہ سوال کا تعلق KP-BOIT سے نہیں ٹریڈ اتھارٹی سے ہے جو پالیسی کی سطح پر ایک وفاقی موضوع ہے۔ دریں اثناء ردعمل موضوع سے متعلقہ چیزوں اور ان اقدامات پر مرکوز ہے جو KP-BOITکی جانب سے متعلقہ شرائط میں اٹھائے گئے ہیں۔

KP-BOITعام عوام / سرمایہ کاروں اور سیکٹرل حکومتی محکموں کے درمیان ایک ذریعہ ہے جو سہولت کار اور درمیانی فریق کے طور پر کام کرتا ہے۔KP-BOIT اپنے ستونوں کی بنیاد پر اپنے پرعزم مقاصد اور متوقع منصوبوں سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہاہے۔

خیبر پختونخوا کی تجارت اور کاروبار کو ترقی دینے اور فروغ دینے کی کوششوں میں، بہت سے اقدامات کئے گئے ہیں جیسے :

- Ease of doing business (Asaan karobar Portal)
- Trade and Commerce strategy
- Cross Border Trade
- Facilitation form in the official digital business platform.
- Pakistan Regularity Modernization initiative for policy reforms.

ڈونر ایجنسیوں اور دیگر سرکاری محکموں کے تعاون سے مقامی اور بین الاقوامی تقریبات اور ایکسپوز کی تعداد میں جگہ ملی ہے۔ جیساکہ:

- Peshawar Expo 2022.
- Several networking in promotional events with donor agencies i.e. UNDP ,USAID, (ERDA).USAID(IPA) etc.
- Trade Expo 2023 in Karachi with TDAP.
- And many more.

سرمایہ کاری کی سہولت / موبلائزیشن :

KP-BOIT نے صوبے میں سرمایہ کاری کو متحرک کرنے اور انجیکشن لگانے اور صنعتی افرادی قوت اور کام کی جگہ کو بڑھانے کے لئے درجہ ذیل کمپنیوں / انٹرپرائزز کے ساتھ بات چیت اور کوششیں کی ہیں۔

- Coca cola Pvt Company (Investment is USD 50 million) (300+ Direct jobs and 700+ Indirect jobs).
- China Road and Bridge Corporation (CRBC) – (200,000+ jobs Opportunities).
- Premier Cement Ltd (Sapphire Group of Companies)/ (Projected investment is 180 million dollars).
- Ghani Chemical Industries Pvt .Ltd.
- Fatima Cement Limited (Fatima Group).
- Diapers manufacturing plants(S&K Hygiene Products Pvt. Ltd.).
- Solar Panel Manufacturing plant(Kulal Solar Pvt Ltd).
- Maersk, The International Logistics Company.
- Packages Private Ltd regarding Investment in Marble Sector.

صوبے میں کاروبار کے قابل ماحول کے لئے کیئے گئے اصلاحات :

چونکہ KP-BOIT کو کاروبار کرنے میں آسانی کے لئے فوکل پوائنٹ بنایا گیا ہے، اس لئے ان کوششوں کے نتیجے میں بہت سے اقدامات / اقدامات خاص طور پر ریگولیٹری گیلوٹین اقدام کے تحت ہوئے.بنیادی مقصد خیبر پختونخوا میں کاروبار کے ماحول / مقابلے کے لئے کاروبار کو آسان بنانااوراس کی مدد کرنا ہے۔

KP-BOIT سرمایہ کاروں کے ساتھ بھی بات چیت کرتا ہے اور صوبے میں سرمایہ کاری اور کاروبار کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اس سلسلے میں آن لائن میٹنگز، سیمینار، ورک شاپس کا انعقاد کیا جاتا ہے اور اس دفتر سے شرکت دوسرے ممالک کے سرمایہ کاروں / شرکاء کو تحفظ فراہم کرنے اور اعتماد پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

PRMI موضوع کے دائرکار کے تحت KP کے پی بی او آئی ٹی میں آسان کاروبار پورٹل رکھنے کا فائدہ ہے۔-KP-BOIT پاکستان ریگولیٹری ماڈرن نائزیشن انیشیٹوز(PRMI) کے نفاذ کی نگرانی، رہنمائی اور معاونت کے لئے وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر قائم کردہ سٹیئرنگ کمیٹی میں صوبائی حکومت کی نمائندگی کرتا ہے۔ پالیسیوں، قواعد و ضوابط کی تعداد میں رد و بدل، آسان یا ختم کے طور پر اصلاح کی گئی ہے۔اس اقدام کا کلیدی مقصد ایک طرف کاروباری اداروں کے تعمیل کے بوجھ کو کم کرنا ہے، تودوسری طرف ریگولیٹری نظام کی تاثیر کو بہتر بنانا ہے۔

(ب) 1۔انڈسٹریز کامرس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ:

ہاں،آئی سی اینڈ ٹی ای ڈیپارٹمنٹ کے پاس بے روزگار نوجوانوں (مرد، خواتین) کو روزگار فراہم کرنے کی سکیم ہے تاکہ وہ خود انحصاری کے لئے اپنا کاروبار شروع کر سکیں۔

اس سلسلے میں محکمہ صنعت کی طرف سے NMDs خیبر پختونخوا میں درج ذیل دو سکیمیں چلا رہی ہیں۔

1۔ انصاف روزگار سکیم PDWP نے 1370.00 ملین روپے کی لاگت سے 5 سال کی مدت کے لئے منظور کی ہے۔

مالی سال 2018-19 سے 2024-25 تک جن سے اب تک کل 4760 افراد مستفید ہوئے ہیں جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2۔ PDWP نے (AIP) MAs میں انٹرپرینیور شپ ڈویلپمنٹ کے لئے 2007.50 ملین روپے کی لاگت سے بلاسود مائیکرو فنانس اسکیموں (IFMS) کے لئے منظور کیا ہے جو کہ 15 سال کی مدت کے لئے ہے۔ مالی سال 2019-2020 سے 2033-34 تک جس میں کل 82547 افراد مستفید ہوئے جس کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2۔ خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (KP-EZDMC)

مزید برآں، خیبر پختونخوا اکنامک زونز ڈیویلپمنٹ اینڈ منیجمٹ کمپنی مختلف تنظیموں اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان روابط قائم کر کے کاروباری ماحول کو آسان اور بہتر بنانے کے لئے کوشاں ہے۔ اس سلسلے میں کے پی ازمک نے بنک آف خیبر (B.O.K) کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے، ایس ایم ای آسان فنانس سکیم کے تحت کاروبار کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لئے مختلف اقتصادی زونوں میں سیمینارز اور آگاہی مہمات کا کامیابی سے انعقاد کیا۔ اس سکیم کے ذریعے کاروباری شخص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے آغاز اور توسیع کے لئے چالیس لاکھ سے ایک کروڑ کا قرض کم شرح سود آسان اقساط پر حاصل کر سکتا ہے جس کے ذریعے کاروبار اور روزگار کے متعدد مواقع پیدا ہوئے ہیں یا ہوں گے۔ مکمل تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

274 _ ارباب زرک خان: (الف) کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ سال 2018 تا 2023 کے اے ڈی پیز حلقہ پی کے۔80 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ کتنا جاری ہوا تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مصور خان (معاون خصوصی ماحولیات و جنگلی حیات): (الف) جی ہاں سن 2018 تا 2023 تک کے ترقیاتی پروگراموں (ADPs) میں حلقہ پی کے۔80 کے لئے تقریباً 2240.2907 ملین روپے مختص کیے گئے تھے۔ جن میں سے تقریباً 1613.9087 ملین روپے جاری کئے گئے اور پوری رقم خرچ کر دی گئی۔

(ب) ترقیاتی پروگراموں (ADPs) کی مکمل تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں۔ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: Leave applications: جناب طفیل انجم صاحب، سپیشل اسسٹنٹ برائے سی ایم، تین یوم، 13 تا 15 جنوری 2025؛ جناب طارق محمود آریانی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ ملک عدیل اقبال صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد ظاہر شاہ صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب شرافت علی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب جلال خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب افتخار علی مشوانی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب لائق محمد خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد اقبال خان، ایم پی اے، آج کیلئے؛

جناب فضل حکیم خان، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب رجب علی خان عباسی، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب فضل حق، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب اکبر ایوب خان، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Item No. 7. 'Call Attention Notices': Mr. Ijaz Muhammad, MPA, to please move his call attention notice No. 152, in the House. Mr. Ijaz Muhammad, MPA, please.

جناب اعجاز محمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں وزیر برائے ٹرانسپورٹ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ پشاور میں بی آر ٹی بسوں میں انتہائی رش کی وجہ سے خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جس کی وجہ سے Harassment اور دھکم پیل روز کا معمول بن گیا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ ایک طرف بسوں کی کمی اور دوسری طرف ایکسپریس روٹس کی اکثر بندش، صبح سکول کے اوقات میں رش اور رات کو سروس کی جلدی بندش شامل ہے، لہذا اس مسئلے کے تدارک کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

جناب سپیکر صاحب، د اسمبلئی نه یو قرارداد متفقه پاس شوے وو جی، هغه قرار داد نمبر 82 دے، په 8 اګست2024 باندې، که تاسو وايئی نو زه به ټول قرارداد پيش کړمه چې کوم تاسو پاس کړے دے، په هغې باندې جی زه اوس چارسده روډ باندې جی په يوه نيمه ګهنټه کښې د خپل کلی نه چې د لسو منټو سفر دے، د رش په وجه باندې په يوه نيمه ګهنټه کښې دلته رااورسيدم جی، نو دلته چې کوم قرارداد پاس شوے وو، نو په هغې باندې ټول کار شوے دے او چې کوم د شاه عالم پل نه تر ناګمان چوک پورې قرارداد پاس شوے دے جی دا په 8 اګست 2024، نو هغه سټاپ مونږ ته دوباره تر ناګمان پورې چينج شوے نه دے، نو لهذا دا هغه قرارداد دے که تاسو مکمل وايئی چې قرار داد ماته پيش کړئ او که نه تاسو ئې پخپله ګورئ قرار داد نمبر 82 دے جی، په دغه باندې هم کار کول دی او پاتې شو يونيورسټی روډ باندې يا چې پيښور کښې څومره هر طرف دا رش دے، نو په دغه باندې جی تاسو مونږ له جواب هم راکړئ او دا قرار داد نمبر 82 دے، په دغه باندې چارسده روډ باندې کار نه دے شروع شوے جی۔

جناب سپیکر: Who will be respond? جناب رنگیز لالا کا مائیک On کریں۔

جناب رنگیز احمد (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، میرے آنریبل بھائی / ممبر صاحب نے جو کال اٹنشن دیا ہے تو جہاں تک بسوں میں خواتین کا رش، دھکم پیل اور یہ جو Harassment والا لفظ ہے، تو یہ تو مجھے مناسب نہیں لگ رہا کیونکہ بی آر ٹی کا جو Main corridor ہے، اس پہ جو بسیں چلتی ہیں تو اس میں خواتین کے لئے الگ Doors ہیں، نشستیں خواتین کی الگ ہیں اور جو Steel

barriers لگے ہوئے ہیں تو باقاعدہ خواتین کے ایریا میں وہاں پہ کوئی مرد حضرات نہیں جا سکتے، ان کے لئے علیٰحدہ سیٹوں کا انتظام ہے، اس میں باقاعدہ Barriers لگے ہوئے ہیں۔ جہاں تک اسٹیشن کا مسئلہ ہے، تو ٹکٹ کاؤنٹر میں خواتین کو ترجیح دی جاتی ہے، خواتین کے لئے ہر اسٹیشن پر الگ Waiting area ہے اور وہاں پہ خواتین سیکیورٹی عملہ بھی ہے، یہاں تک کہ بسوں میں خواتین بس انسپکٹرز بھی ہیں، وہاں پہ سی سی ٹی وی کیمرے بھی لگے ہوئے ہیں، اس کے باوجود بھی اگر اسٹیشن پہ کوئی نامناسب حرکت کرتے ہیں تو باقاعدہ اس کا نوٹس لیا جاتا ہے، ان کو یا تو گرفتار کر لیا جاتا ہے یا ان کو نوٹس دیا جاتا ہے کہ آئندہ اس طرح نہ کریں، تو یہ جو Harassment والا لفظ ہے یہ تو مناسب نہیں ہے۔ البتہ Peak hours میں جو رش ہوتا ہے تو وہ پوری دنیا میں اسی طرح ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، Main جو Corridor ہے، وہاں پہ ہر چار منٹ بعد ایک بس آتی ہے، تو چار منٹ کا ٹائم اتنا زیادہ نہیں ہے، ہر چار منٹ کے بعد ایک بس گزرتی ہے اور یہ جو Peak time ہوتا ہے تو اس ٹائم پہ ہماری ساری بسیں آپریشنل ہوتی ہیں لیکن رش پھر بھی زیادہ ہوتا ہے اور جو ایکسپریس روٹس ہیں جس کا میرا بھائی Extension کی بات کر رہا ہے، تو چارسدہ روڈ پہ تقریباً چھ یا سات بسیں غالباً چلتی ہیں، اگر اس کو مزید آپ آگے Extend کریں گے تو اور بھی Burden آئے گا اور سٹاپ بسیں اور بھی لیٹ ہوں گی، تو میرا خیال ہے کہ جہاں تک یہ Extension جاتی ہے تو وہاں سے آخری اسٹیشن تک تقریباً چار کلو میٹر تک کا فاصلہ ہے، تو آنے جانے میں آٹھ کلو میٹر مزید راستہ بڑھے گا جس سے ان بسوں کے ٹائم میں، مطلب ہے اور ٹائم زیادہ لگے گا اور لوگوں کو مزید مشکلات ہوں گی۔ چونکہ بسیں مزید ابھی خریدی نہیں گئی ہیں اور پلان ہے ڈیپارٹمنٹ کا کہ صوبائی حکومت مزید بسیں خریدے، تو ان شاءاللہ پھر روٹس کو Extend کریں گے۔ ابھی ہمارے پاس یہ گنجائش نہیں ہے، اگر ہم مزید بسیں دیں گے ان روٹس کو تو بی آر ٹی کی تقریباً دو سو چوالیس (244) بسیں ہیں اور اٹھارہ روٹس ہیں، ان اٹھارہ روٹس پر یہ بسیں چلتی ہیں، اگر مزید Extension دیں گے کسی روٹ کو تو یہ جو آپریشنل سسٹم ہے یہ متاثر ہوگا، پھر لوگوں کی مشکلات بڑھیں گی، تو میں اپنے بھائی سے ریکویسٹ کروں گا کہ قرارداد اپنی جگہ جو کہ اس معزز ایوان نے پاس کی ہے، وہ اپنی جگہ ٹھیک ہے لیکن جب تک بسیں مزید نہیں خریدی جاتیں تو میرے خیال میں Extension ممکن نہیں ہے۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: جی، آنریبل ایم پی اے صاحب۔

جناب اعجاز محمد: جناب سپیکر صاحب، چې څنګه منسټر صاحب اووئیل چې دا کوم سټاپ دے دا آٹھ کلومیټر دے، نو آٹھ کلو میټر خو د پېښور نه زما کلی پورې هم نه جوړیږی جی، دا سات کلو میټر روډ تاسو اوګورئ دا د دې ځائې نه تر ناکئی پورې دے چې دا سټاپ په شاه عالم پل کښې دے جی، او بیا یو کلو میټر فاصله دا د شاه عالم پل نه تر ناګمان چوک پورې ده جی، چې په هغه چوک باندې تقریباً درې څلور یونین کونسلونه دی جی او هغې ته د هرې علاقې نه هغه روټونه راوتلی دی، تاسو پخپله د دې چوک تپوس اوکړئ نو په دې باندې ستاسو څه دومره خرچه هم نه راځی، صرف د دې ګاډو

چې کوم هلته ترن کيږی نو هغه سورلئی به را وچتوی، هغه خلقو ته به فائده وی، زمونږ چارسده روډ ډير حساس روډ دے، روزانه دا بند وی جی۔

جناب سپیکر: اس طرح ہے، آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں، آپ کی بات آنریبل منسٹر صاحب نے بڑی اچھی طرح سنی اور بڑا اچھا Comprehensive جواب دیا ہے، یہ جو انہوں نے باتیں بتائیں اور آپ نے کہا کہ ادھر Harassment دھکم پیل، تو آپ کا یہ پوائنٹ تو Invalid ہو گیا کہ کیمرے لگے ہوئے ہیں، سیکیورٹی سٹاف کا سسٹم ہے، اگر اس کے علاوہ آپ کے پاس کوئی ایسا Evidence ہے تو آپ اسے لائیں ورنہ وہ ٹھیک کہتے ہیں کہ یہ نامناسب الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور دوسرا، جو اس اسمبلی نے قرارداد پاس کی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پہ غور کر رہے ہیں اور اس کے لئے پلاننگ کر رہے ہیں، اب کسی بھی چیز کی جب گورنمنٹ پلان کرے گی تو اس میں لازمی بات ہے کہ کوئی تھوڑا بہت ٹائم لگے گا، تو وہ آپ سے انکاری نہیں ہے۔ جی رنگیز خان۔

معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ: میں عرض کرتا ہوں کہ جس طرح میرے بھائی کہہ رہے ہیں کہ یہ ایک ڈیڑھ کلو میٹر کا فاصلہ ہے، تو اگر اس کو Extend کر دیں، ناگمان تک ایک یا ڈیڑھ کلو میٹر کا فاصلہ ہے تو میں ان شاء اللہ جو آپریشن سسٹم ہے، جو بی آر ٹی کو Operate کرتے ہیں، تو میں ان سے میٹنگ کروں گا، اگر ممکن ہوا تو ان شاء اللہ اس کا جو ایک یا ڈیڑھ کلو میٹر کا ایشو ہے اور موجودہ جو روٹس ہیں، اگر ان پہ کوئی اثر نہیں پڑے تو پھر ان شاء اللہ اس کو Extend کر دیں گے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا، آپ اس کے ساتھ کسی ٹائم بیٹھ جائیں۔ جی عارف احمد زئی صاحب، عارف احمد زئی کا مائیک کھولیں۔

جناب محمد عارف: شکریہ جناب سپیکر، پہلی مرتبہ جب وہاں پہ Extend ہو رہا تھا تو یہ Commitment ہوئی تھی کہ اس کو ناگمان تک Extension دیں گے، چونکہ اس وقت یہ Road under construction تھا اور ابھی یہ روڈ جو ہے ٹھیک ٹھاک طریقے سے بن بھی گیا ہے اور ساتھ ہی میں آپ کو یہ آگے بتاتا چلوں کہ چارسدہ روڈ پہ یہ جو جہاں پہ اعجاز صاحب کہتے ہیں ناگمان، تو یہ ایک جنکشن ہے۔ دوسری بات، وہاں پہ تقریباً تحصیل شبقدر جو ڈسٹرکٹ چارسدہ کا حصہ ہے اور ساتھ ہی مہمند بھی ہے تو وہاں پہ ان کی Access بھی، Approach بھی بہت آسان ہے، اگر وہاں تک یہ Extend ہو جائے اور یہ راستہ اتنا زیادہ نہیں ہے، یہ آسانی سے Extend کر سکتے ہیں، پہلے جو شاہ محمد خان وزیر صاحب تھے تو اس کو بھی میں نے بتایا تھا اور اس نے یہی کہا تھا کہ روڈ بن جائے تو ان شاء اللہ اس کو Extension دے دیں گے کیونکہ Extension ہوئی تھی ناگمان تک، تو میری بھی یہ گزارش ہے کہ یہ اگر ناگمان تک Extension ہو جائے تو لوگوں کے لئے بہت آسانی ہو گی۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: جی رنگیز خان۔

معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ: جناب سپیکر، میں نے جو معلومات کی تھیں تو مجھے بتایا گیا تھا کہ یہ جہاں تک Extension چاہتے ہیں تو ایک طرف سے چار کلو میٹر کا فاصلہ پڑتا ہے، یہ تو اس لئے میں نے کہا کہ دونوں اطراف کا

آٹھ کلو میٹر بنتا ہے، اگر یہ کہتا ہے کہ ایک، ڈیڑھ یا دو کلو میٹر کا ہے تو ان شاءاللہ میں متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ میٹنگ کروں گا، جو بی آر ٹی کا آپریشنل ہے، ان کے ساتھ میٹنگ کروں گا اگر جو Existing routes ہیں، ان پہ کوئی فرق نہیں پڑتا اور دوسرے لوگوں کی مشکلات مزید نہیں بڑھتیں تو اس کو ان شاءاللہ ضرور Extend کریں گے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: عدنان خان، اسی موضوع پہ آپ بات کرنا چاہتے ہیں؟

جناب عدنان خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، موضوع تو بس ڈسکس ہو گیا ہے لیکن ایک پوائنٹ میں نے نوٹ کیا ہے کہ ایک قرارداد Unanimously پاس ہوئی ہے، تو قرارداد کی اپنی ایک وقعت ہوتی ہے، اس قرارداد کو اتنا بے وقعت نہ کریں کیونکہ میں منسٹر صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ یہ قرارداد 8 اگست 2024 کو Unanimously پاس ہوئی ہے، اگر اس کے اوپر آپ نے عمل درآمد یعنی جو پوائنٹس آپ بتا رہے ہیں کہ اس کے اوپر عمل نہیں ہو سکتا ہے، ٹھیک ہے اگر اس میں کوئی As such ابہام ہے، کوئی As such مسائل ہیں، وہ تو ٹھیک ہے لیکن اس روٹ پہ جو U-turn لے رہا ہے، تو تھوڑا سا ایک کلو میٹر آگے چلا جائے کیونکہ اس میں یہ جو قرارداد Unanimously پاس ہوئی ہے اور جب ایک قرارداد Unanimously پاس ہو جاتی ہے تو .That is binding upon the government، تو میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس میں پھر ہماری اسمبلی کی وقعت نہیں رہتی ہے کیونکہ اسی طرح اسمبلی سے قراردادیں پاس ہوتی رہیں گی اور اس کے اوپر عملدرآمد نہیں ہو گا، تو میں صرف یہ پوائنٹ فلور آف دی ہاؤس اٹھانا چاہ رہا ہوں کہ Unanimously passed قرارداد کے اوپر پانچ مہینے گزر چکے ہیں اور اس کے اوپر کوئی عملدرآمد نہیں ہوا ہے، تو یہ بھی ہماری اسمبلی کی وقعت میں کمی آتی ہے، تو Kindly اس کو بھی ذرا دیکھ لیں۔

جناب سپیکر: عدنان خان، اس طرح ہے کہ صرف جو Constitutional قراردادیں ہیں، وہ جب Unanimous پاس ہوتی ہیں تو وہ حکومت پر Binding ہوتی ہیں، یہ باقی کو تو ہم ساتھ چلاتے ہیں، بہر حال گورنمنٹ اس بات سے بھاگ نہیں رہی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ ہم اس کو کریں گے، تو ان شاءاللہ تعالیٰ میرا خیال ہے بہتری آئے گی اور رنگیز خان تو ہمارے بڑے زبردست اور Experienced ہیں، تو ان شاءاللہ ٹھیک ہو گا۔ ارباب صاحب، آپ اسی میں کچھ Add کرنا چاہتے ہیں؟ Okay ارباب صاحب کا مائیک On کریں۔

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب، اصل میں بی آر ٹی کا جو Initiative لیا گیا تھا، تو یہ پورے پشاور ڈسٹرکٹ کے لئے تھا اور ڈسٹرکٹ میں ستر پچھتر (75 / 70) فی صد آپ کی آبادی رورل ایریاز میں ہے اور پھر زیادہ تر آپ جب نارتھ میں جاتے ہیں تو وہاں پہ گنجان علاقے ہیں، تو میری منسٹر صاحب سے اتنی ریکویسٹ ہو گی کہ ایک اگر آپ اس کے نمبرز بھی Tally کریں تو اس میں آپ کے پاس جتنی بسیں ہیں، جتنی فیڈر بسیں ہیں، وہ اگر آپ زیادہ دیتے ہیں، تو اس میں Remuneration اور Return بھی آپ کو آئیں گے اور دوسرا اس علاقے میں اگر چار کلو میٹر تک جاتے ہیں یا پانچ تک جاتے ہیں It would have done to the public، یہ

پورے ڈسٹرکٹ کے لئے اور ہم اس کی پوری Capacity پہ چل بھی نہیں رہے اور اتنا تھا کہ اس سے گورنمنٹ کو بھی فائدہ ہوگا اور رورل ایریاز کے عوام کو بھی فائدہ ہوگا۔

جناب سپیکر: تھینک یو، ارباب صاحب، بس ٹھیک ہے آپ کا پوائنٹ آگیا۔ رنگیز خان، بس ٹھیک ہے، میں نے ان کو ڈیبیٹ ہونے دی ہے ورنہ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے جو آپ نے بات کی، قرارداد کا تو اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، آپ نے کچھ اور Matter پوچھا ہے مگر میں نے کہا چلیں اچھا ہے ڈیبیٹ ہو جائے، یہ لوکل ایشو ہے۔ اب میں پہلے کال اٹنشنز لے لوں۔

Mr. Hameed ur Rehman, MPA, to please move his call attention notice No. 167, in the House. Mr. Hameed Ur Rehman, MPA, please.

جناب حمیدالرحمان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، میں وزیر برائے صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ محکمہ صحت نے 2018 میں ایک نوٹیفیکیشن بتاریخ 15 مئی کے ذریعے پیرامیڈیکل سٹاف کی مختلف آسامیوں میں تعیناتی کے لئے Re-structuring and ratio enhancement کی Proposal منظور کی تھی اور صوبہ بھر کے تمام میڈیکل سپرنٹنڈنٹس اور ڈی ایچ اوز بشمول سابق فاٹا کو کاپیاں بھجوائی گئی تھیں۔ اس کے بعد صوبے کے تمام اضلاع میں اس نوٹیفکیشن کی روشنی میں ہائر کیڈر میں Ratio enhancement کی گئی لیکن بدقسمتی سے فاٹا کے مالی معاملات وفاقی سیفران کے ساتھ ہونے کی وجہ سے سابق فاٹا کے اضلاع، موجودہ Newly merged districts اس عمل میں Ratio enhancement سے محروم ہو گئے ہیں اور اب چونکہ پیرامیڈیکل سٹاف کی پروموشن صوبائی سینیارٹی لسٹ پر ہوتی ہے اور Newly merged districts میں ہائر کیڈر میں پوسٹ نہ ہونے کے برابر ہے، اس لئے NMD's کے پیرامیڈیکل سٹاف کی پروموشن پر ہی ضلع بدر ہو جاتا ہے اور پھر Settled districts میں آسامیاں پر ہونے کی وجہ سے وہاں پر ان کو Adjust نہیں کیا جاتا ہے اور سابق فاٹا کے پیرامیڈکس سٹاف دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہو جاتا ہے، تو اس لئے منسٹر ہیلتھ صاحب سے گزارش ہے کہ اب چونکہ قبائلی اضلاع صوبے کا حصہ ہیں، اس لئے صوبے کے دیگر اضلاع کی طرح NMDs میں Ratio enhancement پر کام کریں تاکہ ہمارے مرجڈ ڈسٹرکٹس کا یہ مسئلہ حل ہو سکے۔

سر، یہ ایک بنیادی مسئلہ ہے، اس میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ پیرامیڈیکل سٹاف کی بہت میٹنگز ہو چکی ہیں اور انہوں نے Commitment کیا ہوا تھا کہ اس کے لئے ہم کمیٹی بنائیں گے لیکن تاحال یہ مسئلہ حل طلب ہے، تو Kindly اگر اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیج دیا جائے تو پھر اس میں ہم ڈسکشن کر لیں گے اور اس میں فنانس ڈیپارٹمنٹ پر زیادہ بوجھ بھی نہیں آسکتا ہے، تو اس کے لئے ہم کوئی کمیٹی بنائیں تاکہ ہمارا یہ مسئلہ حل ہو جائے۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, please. چونکہ آنریبل منسٹر فار ہیلتھ اس وقت نہیں ہیں۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر، بالکل ان کی Status اور Future کا مسئلہ ہے تو اگر کمیٹی ریفر کرتے ہیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ چونکہ اس ٹائم ایڈوائزر فار ہیلتھ موجود نہیں ہیں، یا تو اس کو Postpone کر دیں اور یا کمیٹی کو بھیج دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: حمید خان، پھر اس کو پینڈنگ کر دیں گے۔

جناب حمیدالرحمان: سر، اگر یہ سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ جو 15 جنوری یا 15 فروری کو ہے تو اگر اس میں یہ ڈسکس ہو جائے تو ان شاء اللہ اس میں Already کام ہو چکا ہے۔

جناب سپیکر: میں کہتا ہوں کہ اگر آنریبل ایڈوائزر صاحب آپ کا مسئلہ حل کر دیتے ہیں تو سٹینڈنگ کمیٹی میں لے جانے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر لے جانا چاہتے ہیں تو انہوں نے تو خیر کہہ دیا ہے۔

جناب حمیدالرحمان: سر، اس طرح ہے کہ اس پر بار بار ڈیپارٹمنٹ میں میٹنگز ہو چکی ہیں، تو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیج دیں تو ان شاء اللہ اس پر کمیٹی پھر بنے گی۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے۔

The motion before the House is that the call attention notice No. 167, moved by the honourable Member, may be referred to the Standing Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the call attention notice is referred to the Standing Committee concerned.

جناب محمد نثار: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: نثار باز خان، میں یہ بزنس لے لوں تو پھر اس کے بعد اس پر بات کرتے ہیں۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا قوانین مجریہ 2024 کا دوبارہ زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Item No. 8. Re-consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2024 under Article 116 clause (3).

The Governor Khyber Pakhtunkhwa has returned the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2024 to the Provincial Assembly, under Article 116 clause (2), paragraph (b) of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan for reconsideration. The message of the Governor under rule 29 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, for consideration of Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2024, has been circulated in the House. Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2025 may be taken into re-consideration at once.

جناب سپیکر: نہیں، آپ Opinion respond کر دیں ناں، اچھا ابھی ٹھیک ہے، .Okay ابھی ہم اس کو لے لیں گے۔ اچھا جناب کنڈی صاحب، کنڈی صاحب کا مائیک On کریں۔

جناب احمد کنڈی: سر، اس میں میری گزارش یہ ہے، یہ جو فرمان ان کا آیا ہوا ہے، یہ آپ پڑھ لیں تاکہ اس کے اوپر پھر جو اعتراضات ہیں، اگر آفتاب صاحب بات کرنا چاہتے ہیں کیونکہ ہمارے بھی اس کے اوپر تحفظات ہیں، اس وقت بھی عدنان صاحب کی امنڈمنٹ تھی اور وہ بلڈوز کر دی گئی تھی، تو میری گزارش یہ ہے کہ اس میں پہلے آپ اگر وہ فرمان پڑھ لیں According to the rules، تو پھر زیادہ بہتر ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: یہ میں نے اس دن بھی پڑھا تھا، اس دن آپ شاید نہیں تھے۔

جناب احمد کنڈی: نہیں سر، یہ دوسرا ہے۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ دوسرا بل ہے۔

جناب احمد کنڈی: یہ دوسرا ہے، اس میں میرے خیال میں آپ ہری پور چلے گئے تھے جو شاید بھول گئے ہیں۔

جناب سپیکر: میں پڑھ لوں یا آپ پڑھ لیں؟

جناب احمد کنڈی: سر، آپ کو یہ پورا فرمان پڑھنا پڑے گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جناب، آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔

Mr. Ahmad Kundi: Thank you.

Mr. Speaker: "Governor Secretariat, Khyber Pakhtunkhwa Peshawar.

Dear Mr. Speaker!

After careful examination of the proposed Bill titled "Khyber Pakhtunkhwa Laws (Amendment) Act, 2024," the Governor is constrained to withhold assent and return the Bill to the Provincial Assembly for reconsideration under the Constitution with the following observations:-

(1) The Bill proposes the inclusion of "Advisors and Special Assistants" wherever the word "Minister" appears in the existing law, rules, regulations, notifications, or all other legal instruments. This blanket amendment appears to lack any clear justification or identified need.

(2) As per the constitutional framework, "Advisors and Special Assistants" are not members of the cabinet and cannot exercise executive authority, which is the prerogative of elected representatives serving as Ministers. They are not accountable to the Provincial Assembly a fundamental principle ensuring democratic oversight of the Executive.

(3) Ministers, as elected representatives, enjoy a constitutionally defined status and direct accountability to the legislature and the public. Equating Advisors and Special Assistants who lack electoral legitimacy with Minister raises serious constitutional concerns.

(4) The "Khyber Pakhtunkhwa Government Rules of Business, 1985", which derive legitimacy from the Constitution, govern the formation and functioning of various committees. Extending powers and privileges to the non-elected individuals under these provisions risks disrupting cabinet functioning, eroding the constitutional roles and responsibilities of Ministers, and would be clearly unconstitutional.

Given the broad and undefined scope of the amendment, the Assembly must reconsider its necessity, scope, and constitutional validity. A more focused and tailored approach, based on demonstrable need would be preferable to the current generic proposal.

In light of above, and to ensure compliance with constitutional provisions, the "Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2024" is being returned to the Provincial Assembly for reconsideration.

(Faisal Karim Khan Kundi)
Governor of Khyber Pakhtunkhwa"

The Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2025 may be taken into re-consideration at once. Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2025 may be taken into re-consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2025 may be taken into re-consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

لاء منسٹر صاحب، اس پر آپ اپنا Opinion دے دیں تو پھر آپ احمد کنڈی اس پر بات کریں۔

وزیر قانون: سر، یہ بات کریں پھر میں Respond کر لوں گا۔

جناب احمد کنڈی: جی، اگر بات کرنا چاہتے ہیں تو کر لیں، اپنا Opinion دے دیں۔

جناب سپیکر: آپ ان کے Opinion سے مطمئن ہیں یا بات کرنا چاہتے ہیں؟

جناب احمد کنڈی: نہیں، میں وہی کہہ رہا ہوں کہ ہم اپنا اعتراض پیش کر دیں پھر اس کے بعد یہ سارا اکٹھا Reply دے دیں گے۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ جی احمد کنڈی۔

جناب احمد کنڈی: شکریہ سپیکر صاحب، میں خود بھی بڑی شرمندگی محسوس کر رہا ہوں کہ یہ بل ہمارے سامنے سے گزرا ہے جس میں عدنان خان صاحب نے جو ہمارے فاضل Colleague ہیں، جو کافی Understanding رکھتے ہیں اور Experienced بھی ہیں، انہوں نے اس پہ اس وقت کافی امنڈمنٹس لائی تھیں، یہ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اگر ہم نے اچھی اور Qualitative legislation کرنی ہے جو کہ پبلک کے لئے Productive اور Beneficiary ہو تو ہمیں تھوڑا سا آپ ٹائم بھی دیں کیونکہ یہ انتخابی سیاست بہت وقت طلب چیز ہوتی ہے جس میں ہمیں تھوڑا سا ٹائم نکالنا ہے، کبھی کبھی جلدی میں مشکل ہو جاتا ہے، تو سپیکر صاحب، آپ نے جو گورنر صاحب کا فرمان پڑھا ہے تو اس کا جو میں سمجھا ہوں، تو Understanding یہ ہے کہ اس بل میں انہوں نے امنڈمنٹ کی ہے اور اس میں کہا ہوا ہے کہ خیبر پختونخوا میں جتنے بھی ایکٹس ہیں یا کوئی رولز ہیں یا کوئی آرڈی نینسز ہیں، ان کے نیچے جتنے بھی جہاں پہ "منسٹر" کا لفظ لکھا ہوا ہے، تو آپ اس کے ساتھ سپیشل اسسٹنٹ اور ایڈوائزر کو ڈال دیں اور کوئی بھی کمیٹی بنے، چاہے وہ بورڈ بنے، چاہے وہ اس کے علاوہ میونسپل بنے، کمیشن بنے، کوئی چیز بھی بنے، میں زیادہ دور نہیں جانا چاہتا، یہ صرف آپ کی Understanding کے لئے میں آپ سے ایک سوال کرتا ہوں سپیکر صاحب، اگر یہ بل پاس ہوتا ہے تو آپ کی پارلیمان کے اندر جتنی بھی سٹینڈنگ کمیٹیاں ہیں جن میں منسٹر انچارج جو ہر ڈیپارٹمنٹ کا Ex-officio Member ہوتا ہے اور جو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ہے یا جو سٹینڈنگ کمیٹی ہے جس کا مینڈیٹ ہے کہ Oversight the elected official and public servant، تو سر، اس میں آپ کو Differentiate کرنا پڑے گا کہ Elected official کون ہے؟ Elected official جو ہے وہ منسٹر ہے، Not a Advisor or not a Special Assistant، آپ کا Advisor and Special Assistant is not an elected body, they are nominated people، اس میں میں آپ کو ایک اور مثال دیتا ہوں، یہ Historical مثال ہے، Let me read Article 160 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, which mandated the President to constitute National Finance Commission for five years اور اس کی Composition کیا ہو گی؟ Consisting of the Minister of Finance of the Federal Government, the Minister for Finance of the Provincial Government and such other persons جو گورنر Nominate کریں گے۔ جناب سپیکر، پچھلی پی ٹی آئی کی گورنمنٹ میں دسویں این ایف سی کی Composition ہوئی تھی، حفیظ شیخ صاحب جو تھے وہ پرائم منسٹر کے ایڈوائزر تھے اور ان کو این ایف سی میں Nominate کر دیا گیا تھا۔ جناب سپیکر، میں آپ کو ایڈوائزر اور منسٹر کی مثال دے رہا ہوں، دسویں این ایف سی کی Composition میں ان کو ایڈوائزر کے طور پہ رکھ دیا گیا تھا، وہ منسٹر نہیں تھا وہ سینیٹر تھا، Elected body نہیں تھا، تو لوگ Writ petition میں گئے اور اس Writ petition میں آپ کی

دسویں این ایف سی کی جو Composition ہے، اس میں اس کو اڑا دیا گیا اور صرف اسی بات پہ اڑایا گیا کہ He is not the Federal Minister who will chair NFC Commission. اب بات یہ ہے اور جناب سپیکر، آپ مجھ سے زیادہ تجربہ بھی رکھتے ہیں ماشاء اللہ، آپ جس Chair پہ بیٹھیں ہوئے ہیں، اس کے اوپر آپ کی Understanding مجھ سے زیادہ ہے، مجھے یہ بتائیں، میں ان کمیشنز میں مثال دیتا ہوں کہ آپ کے پاس ابھی فنانس کا منسٹر نہیں ہیں، آپ ایڈوائزر کو بھیجیں گے تو وہ اس کو اٹھا کر باہر پھینک دیں گے، نقصان کس کا ہوگا؟ صوبے کا، سٹینڈنگ کمیٹیوں میں کیا آپ ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ بٹھانا چاہتے ہیں؟ تو جناب سپیکر، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ تو Constitution کے Ultra vires اور Inconsistent to Constitution ہے، تو خدارا وہ کام کریں جو کہ Obedience to the Constitution and Law, which is the inalienable rights of every citizen and every organ of the country. میں جو Understand کر سکا جناب سپیکر، آپ کے سامنے گوش گزار کر رہا ہوں، یہ جو فرمان آپ نے پڑھا ہے، اس میں جو Apprehensions ہیں، یہ جو Concern ہے، یہ بالکل ہماری Legitimacy کو چیلنج کرے گا، اگر آپ یہ Implement کریں گے، یہ آپ کی کورٹ میں جائے گا، یہ تمام ایکٹس میں ایک بہت بڑا طوفان برپا ہوگا، آپ منسٹر کو Replace کر رہے ہیں ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ کے ساتھ، تو سر، آپ خود سمجھتے ہیں، میں آپ کا مزید وقت نہیں لینا چاہتا، میرے بڑے فاضل ممبران یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو چاہیئے کہ اس کے اوپر اپنا Input دیں اور پھر اس کے بعد آپ اس چیز کو کریں، میری آپ سے سیاست سے بلاتر ہو کر یہ گزارش ہے۔

It is ultra vires and inconsistent to the Constitution, so it will be much more effective and appropriate to reconsider the apprehensions and concern of the honourable Governor, Khyber Pakhtunkhwa. Thank you.

جناب سپیکر: عدنان خان کا مائیک On کریں۔

جناب عدنان خان: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، اس بل کے اوپر میری امنڈمنٹ آئی ہوئی تھی لیکن وہ اس ہاؤس میں مذاق کی طرح اڑائی گئی، ہم چاہتے ہیں کہ جو ہم قانون سازی کر رہے ہیں، وہ بعد میں مذاق نہ بنے کیونکہ ابھی جو گورنر صاحب کی Reservation آئی ہوئی ہے، وہ تو ایک پوائنٹ کے اوپر آئی ہوئی ہے کہ آپ Un-elected ----

(خاموشی)

جناب سپیکر: ابھی عدنان خان کی بات سنتے ہیں پھر لاء منسٹر کی بات سنتے ہیں، اگر مزید ضرورت ہوئی تو پھر اس پر مزید Deliberation کریں گے، ٹھیک ہے۔ جی عدنان خان۔

جناب عدنان خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، اس کے اوپر پہلے بھی کافی بحث کر چکا ہوں اور کنڈی صاحب نے تو اس کے اوپر زبردست بحث کر دی اور یہاں پہ ایک ہی پوائنٹ اٹھایا گیا ہے، ہم آپ کا ہر جگہ پہ ساتھ دے رہے ہیں لیکن آپ کا قبلہ بھی درست کرا رہے ہیں، یہ ٹھیک ہے کہ ہم کوئی غلام تو نہیں ہیں کہ ہم اس طرح آپ کی قانون سازی

کا بغیر دیکھے، بغیر سوچے سمجھے، بغیر اس کے اوپر ہم آپ کے ساتھ امنڈمنٹ میں آپ کا ساتھ دیں، ہم کسی کے غلام نہیں ہیں، ہو سکتا ہے یہاں پہ آپ کی پارلیمنٹ یہاں غلام ہو، لاء منسٹر صاحب بھی غلام ہو کیونکہ یہ جو قانون آیا ہوا ہے، یہ صرف ایک بندے کو Adjust کرنے کے لئے آیا ہوا ہے کہ جو آپ کے Unelected representative ہیں، تو میرے خیال میں یہاں پہ آپ لوگوں میں سے جو میرے بھائی جو ترانوے (93) بندے بیٹھے ہوئے ہیں، ان میں As such کوئی لائق بندہ نہیں ہے؟ اس قابل نہیں ہے کہ وہ امور حکومت چلا سکے اور آپ باہر سے بندے لائے ہوئے ہیں، ترانوے (93) بندوں میں آپ کو بندے نہیں مل رہے ہیں کہ ان کو Adjust کرنے کے لئے یہ قانون سازی کی گئی ہے اور اس میں یہ جو پوائنٹ ہے، ابھی اس طرح کے بہت سے بورڈز آپ دیکھ لیں، بورڈ آف گورنرز دیکھ لیں، وہاں پہ آپ سپیشل اسسٹنٹ کو بٹھا رہے ہیں، اسی طرح آپ کی جو کمیٹیاں ہیں، ابھی By laws آپ اگر اس کو دیکھ لیں، ایک تو اس کا مفہوم بھی غلط ہے، میں نے پہلے بھی اور میری امنڈمنٹ اس کے اوپر آئی ہوئی تھی کہ اس کا تو مفہوم سمجھ نہیں آرہا ہے کیونکہ آپ لاء کے Legal frame work میں .etc کا Word بھی اس میں Use کر رہے ہیں، .etc تو لاء میں آتا ہی نہیں ہے، مجھے یہ ثابت کر دیں کہ .etc کا لفظ آتا ہے کہ نہیں؟ وہ تو گورنر صاحب نے اس کو چھیڑا ہی نہیں ہے، گورنر صاحب نے صرف ایک پوائنٹ کو چھیڑا ہوا ہے کہ یہ کس طرح Possible ہے؟ کیونکہ آئین پاکستان کے مطابق آپ کی جو کیبنٹ ہے وہ صرف منسٹرز ہیں، اس میں ایڈوائزز اور سپیشل اسسٹنٹس کیبنٹ کا حصہ نہیں ہیں، تو کس طرح ہماری سٹینڈنگ کمیٹی کو جب وہ اجلاس ہوتا ہے تو اس میں منسٹر ہمارا Ex-officio ممبر ہوتا ہے، تو وہ Responsible ہوتا ہے ساری چیزوں کا، تو اگر وہ منسٹر وہاں پہ موجود نہیں ہے اور آپ اس کو بٹھا دیتے ہیں تو وہ ہم کس طرح اس کو Accountable کریں گے اس چیزوں کے بارے میں؟ کیونکہ وہ تو Unelected ہے، یہ اسمبلی جو ہے ناں یہ Electables سے بنی ہوئی ہے، یہاں پہ ہم سارے Elected بندے بیٹھے ہوئے ہیں، آپ Unelected بندے کو وہاں پہ بٹھا کر کمیٹیوں میں، دوسری جگہوں پہ بٹھا کر تو وہ کس طرح اس اسمبلی کو Accountable ہوگا؟ وہ تو ہمارے ممبرز کو Accountable ہو ہی نہیں سکتا ہے۔ تو سر، لاء میں یہ جو چیز ہے، یہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ یہ لاء غلط ہے، آپ لوگ جو یہ لاء لا رہے ہیں، پہلے ہمارے ساتھ تھوڑی سی مشاورت کر لیں، ٹھیک ہے اگر ہم امنڈمنٹ بھی لائیں تو ہم اس کو درست کرنے کے لئے لائیں گے اور اس لاء کی وجہ سے ہماری اسمبلی کا مذاق بن رہا ہے کیونکہ یہ جو Specific amendments آئی ہوئی ہیں، اس کا کوئی وجود ہی نہیں ہے، اس کا Sense ہی نہیں بنتا ہے۔ تو سپیکر صاحب، آپ ادھر مصروف ہیں لیکن بہر حال۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، میں آپ کی اسی چیز کو دیکھ رہا ہوں، میں یہ کہتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

<u>جناب عدنان خان:</u> خیر ہے جی، ہم یہ نہیں کہتے، ہم اس کو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ذرا سن لیں پھر اس پہ آگے Comment کر لینا، آرٹیکل 111 کیا کہتا ہے؟ اس میں فیڈرل گورنمنٹ نے امنڈمنٹ کی ہے ناں، جو پچیسویں ترمیم ہوئی ہے۔

جناب عدنان خان: ایک منٹ،آئین کے آرٹیکل 211 میں۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: آرٹیکل 111 جو پچیسویں ترمیم ہوئی۔
جناب عدنان خان: نہیں سر، وہ تو ٹھیک ہے۔
جناب سپیکر: چھبیسویں ترمیم۔
جناب عدنان خان: جناب سپیکر، وہ Sitting والی ترمیم؟
جناب سپیکر: وہ آپ دیکھ لیں ناں۔
جناب عدنان خان: وہ چھبیسویں امنڈمنٹ نہیں، وہ ابھی نہیں آئے گی۔
جناب سپیکر: آپ اس کو دیکھیں۔
جناب عدنان خان: سر، ایک تو آپ چھبیسویں ترمیم کو مانتے ہی نہیں ہیں اور دوسرا اس کا سہارا بھی لے رہیں ہیں۔
جناب سپیکر: نہیں نہیں۔
جناب عدنان خان: نہیں، ایک منٹ جی، ایک تو چھبیسویں امنڈمنٹ آپ سب مان بھی نہیں رہے ہیں اور دوسرا اس کا سہارہ بھی لے رہیں، یہ نہ کریں۔ (قہقہہ)
جناب سپیکر: میں اور بات کر رہا ہوں، میرے ماننے یا نہ ماننے کی بات نہیں ہے اب نماز پڑھنے کے لئے وقفہ لیتے ہیں، وقفہ کے بعد اس پر بات کریں گے۔
جناب عدنان خان: ٹھیک ہے۔ (قہقہہ)

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی مغرب کی نماز کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ معزز اراکین اسمبلی! جناب احتشام خان، وزیر صحت کے ماموں اور جناب طفیل انجم صاحب، سپیشل اسسٹنٹ کی دادی محترمہ صاحبہ فوت ہو چکی ہیں، تو ڈاکٹر صاحب! ان کیلئے دعا فرما دیں، ڈاکٹر امجد صاحب کا مائیک On کر دیں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: میں جناب ارسلان، نیئر خان، شہزاد خان ترکئی اور کامران خان کو اس ایوان میں آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں ویلکم سر۔ اب بالکل اسی کی Continuation ہے۔
Arbab Sahib, as you want to speak? Okay.

ارباب صاحب کا مائیک On کریں۔
ارباب محمد عثمان خان: سپیکر صاحب، یہ آئٹم نمبر 8 ہے جس میں یہ کہا گیا ہے کہ The honourable Chief Minister will move the Bill as returned by the Governor without any

amendment may taken into reconsideration اور گورنر کے میسج میں یہ لکھا ہوا ہے کہ He is totally، امنڈمنٹس کو آپ چھوڑیں، He is not even accepting the Bill as he has rejected the Bill. تو، In view of that یہ Clarification مجھے چاہیئے ہو گی کہ آپ اس کو Re-consider کر کے واپس ہاؤس میں لائیں گے For the debate کہ نہیں؟ اس میں جو Perception ہے یا جو Employed language ہے، وہ یہ ہے کہ امنڈمنٹس نہیں ہیں، لہذا اس کو آپ Consider کریں اور پاس کریں لیکن وہ بل Reject ہو چکا ہے، تو پلیز میں Clarification چاہوں گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> منسٹر لاء، آپ انہیں Explain کر دیں، ان کی Quarries آپ ان کو Explain کریں۔

<u>جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون):</u> شکریہ جناب سپیکر، یہ جو ایڈوائزرز اور سپیشل اسسٹنٹس کو مختلف کمیٹیوں، کمیشنوں اور مختلف جتنے بھی ہمارے رولز، ریگولیشنز، نوٹی فکیشنز کے Under cover دینے کیلئے یہ امنڈمنٹ کی جا رہی ہے تو اس کا Main مقصد یہ ہے کہ کافی ڈیپارٹمنٹس کے ہیڈز جو ہیں وہ ایڈوائزرز اور سپیشل اسسٹنٹس ہیں، تو ان کو Legal cover دیا جائے۔ جناب سپیکر، یہ جو اعتراض آیا ہوا ہے تو میرے خیال میں اس کا میں شارٹ الفاظ میں Respond کرنا چاہوں گا، پہلے تو Article 130 sub clause (6) اگر آپ دیکھ لیں تو یہاں پہ چیف منسٹر کو Bound کیا گیا ہے کہ آپ اپنی کیبنٹ کو پندرہ منسٹرز یا گیارہ فی صد سے Exceed نہیں کریں گے، تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہماری جو موجودہ کیبنٹ ہے Chief Minister including the Ministers، وہ سولہ کی کیبنٹ بن جاتی ہے، سولہ ممبرز کی، تو جناب سپیکر، اب اگر آپ دیکھ لیں تو ہماری پراونشل گورنمنٹ کے کم و بیش تقریباً ٹوٹل چونتیس (34) ڈیپارٹمنٹس بنتے ہیں، اب یہ چیف منسٹر، منسٹرز اور سولہ ممبرز کے بس کی بات نہیں ہے کہ وہ تمام ڈیپارٹمنٹس کو ہیڈ کریں، تو ان کی Assistance کے لئے اور گورنمنٹ کی Smooth functioning کے لئے چیف منسٹر کو خواہ مخواہ Help چاہیئے ہو گی، سپیشل اسسٹنٹ کی اور ایڈوائزر صاحبان کی، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ Already اگر ہم، جناب سپیکر، یہ ایک نوٹیفکیشن میں Quote کرنا چاہ رہا ہوں گا کہ جو فیڈرل گورنمنٹ کے کیبنٹ سیکرٹریٹ سے جاری کیا گیا ہے جناب رانا ثناء اللہ صاحب کے بارے میں مورخہ 30 اپریل 2024 کو، تو اس میں ان کو Portfolio دی گئی ہے ایڈوائزرشپ کی، (Portfolio of Political and Public Affairs) کی، تو کہنے کا مقصد یہ ہے جناب سپیکر، کہ ایڈوائزرز کے لئے تو Already آئین میں Cover ہے اور سپیشل اسسٹنٹ کے لئے Rules of Business کے Rule 33(a) کے Under cover ہے، چھبیسویں امنڈمنٹ میں آرٹیکل 111 جس میں پہلے ایڈوکیٹ جنرل کو فلور کے اوپر Right to speak دیا گیا تھا، اب چھبیسویں امنڈمنٹ میں Right to speak ایڈوائزر کو بھی دیا گیا ہے، تو اس حوالے سے جناب سپیکر، اگر آپ دیکھ لیں تو میرے خیال میں یہ گورنمنٹ اور Good governance کے لئے یہ بہت اچھا ایک اقدام ہے لیکن اگر ہمارے گورنر صاحب کی طرف سے اس کے اوپر Observations ہیں اور For the satisfaction of the whole of House میں یہ Suggestion دینا چاہوں گا کہ آپ اس میں

ایک سلیکٹ یا سپیشل کمیٹی تشکیل دیں اور اگلے سیشن سے پہلے ہم اس کے اوپر ایک بیٹھک کر لیتے ہیں، ہم ایڈوکیٹ جنرل صاحب سے بھی اپنی رائے دوبارہ لے لیتے ہیں اور ان شاءاللہ ہمیں امید ہے وہ ہمیں Satisfy کریں گے اور ان شاءاللہ پورے ہاؤس کو ہم اس کے اوپر On board لے سکتے ہیں۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: لغمانی صاحب، آپ بہت سینیئر قانون دان ہیں، آپ اس پہ کیا Comment کرتے ہیں؟ لغمانی صاحب کا مائیک On کریں کیونکہ کنڈی صاحب اور اپوزیشن نے جو اپنا Point of view پیش کیا، وہ بھی کلیئر نہیں ہے اور جو آنریبل منسٹر نے کیا ہے وہ بھی کلیئر نہیں ہے، جب تک چیزیں کلیئر نہیں ہوں گی اور اس میں Clarity نہیں آئے گی تو اس چیز میں جانا میں سمجھتا ہوں بعد میں مزید فساد کا باعث بنتا ہے، تو اس کو Kindly ذرا آپ اس پہ Comment کر دیں۔

جناب منیر حسین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، اصل میں جب ہم پڑھا کرتے تھے تو ہمیں پڑھایا جاتا تھا کہ Democracy is a form of government, of the people, by the people and for the people اور جب ہم By the people لیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ People elect their representatives in the Assembly and want through those representatives، تو اب اس میں جہاں پر ایڈوائزر یا سپیشل اسسٹنٹ کی بات ہے تو اس میں تھوڑا سا جو میرے بھائی اپوزیشن کی طرف سے ہے، تو اس میں تھوڑا سا ہمیں Differentiate کرنا پڑے گا، ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ دو قسم کے ہیں، ایک وہ ہیں جو اس ہاؤس سے ہیں جن کو عوام نے Elect کیا ہے اور دوسرے وہ ہیں جو Nominated ہیں، اب جو Nominated ہیں، Nominated لوگوں کو اس ہاؤس کے فیصلے میں بھی، ان کا کوئی کردار نہیں ہو سکتا اور گورنمنٹ کی جو کمیٹیاں ہیں، جس طرح ابھی جو کمیٹیاں یا کمیشنز یا جس طرح یہ جو امنڈمنٹ آئی ہے، جو کمیٹیاں اس ہاؤس کی ہیں وہ کمیٹیاں بھی دراصل اس ہاؤس کا حصہ ہیں، تو اس میں بھی Unelected لوگوں کا جانا یا ان کا اس میں Participate کرنا یا ان فیصلوں میں ان کا ہونا یہ قطعاً یہ ڈیموکریسی کی جو تعریف ہے، جو ہمارا آئین ہے، اس کی روح کے خلاف ہے، یہ تو ایک چیز ہے لیکن آج کے اس سیشن سے میں تھوڑا ایک فائدہ لیتے ہوئے میں اپوزیشن کے اپنے ان بھائیوں سے ایک گزارش کروں گا کہ یہ جو چھبیسویں امنڈمنٹ ہے جس کو ہم نہیں مان رہے ہیں، ہم پہلے سے یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ Constitution کے بنیادی سٹرکچر کے خلاف ہے، یہ Preamble ہی کے خلاف ہے اور آپ یقین جانیئے اس میں باقی چیزیں تو چھوڑیں، میرے ان بھائیوں نے بڑی اچھی بات کی کہ ہمیں ڈیموکریسی کے لئے بات کرنی چاہیئے، ہمیں قانون کے لئے بات کرنی چاہیئے، ہمیں آئین کے لئے بات کرنی چاہیئے، ہم ان کے ساتھ ہیں لیکن چھبیسویں امنڈمنٹ میں صرف ایک چیز کو جناب! لے لیں، Appointment of judges یعنی اس امنڈمنٹ نے عدلیہ کے اس Concept ہی کو ختم کر کے رکھ دیا، تو میری یہ گزارش ہوگی کہ ادھر ہم آپ کے ساتھ ہیں کہ Unelected لوگوں کو نہ اس ہاؤس کا حصہ ہونا چاہیئے، نہ اس ہاؤس کی کسی کمیٹی کا حصہ ہونا چاہیئے اور نہ ہی گورنمنٹ یا اس ہاؤس کے کسی فیصلے میں انہیں شامل

ہونا چاہیئے، (تالیاں) اگر اس ہاؤس میں Unelected لوگ ایڈوائزر ہو سکتے ہیں لیکن ان کا اس ہاؤس کی پروسیڈنگز، اس ہاؤس کی کمیٹیز کی پروسیڈنگز جب کیبنٹ میں ان کی کیبنٹ کی جو میٹنگ ہوتی ہے، اس میں ان کا شامل ہونا قطعاً نہیں ہے، یہاں پر Constitution میں جس امنڈمنٹ کی ابھی یہاں پر میرے بھائی جناب لاء منسٹر صاحب جو حوالہ دے رہے ہیں، اس امنڈمنٹ کو تو ہم مانتے ہی نہیں ہیں، وہ امنڈمنٹ اس حد تک ہے کہ ایڈوئزرز ہاؤس میں آ سکتے ہیں، سپیچ کر سکتے ہیں، میں تو اس کو قطعاً جو Elected لوگوں کے ہوتے ہوئے، وہ لوگ جنہوں نے ایلکشن کا جو ایک بڑا لمبا پراسیس ہے، وہ لوگ اتنے سخت پراسیس سے گزر کر آئیں اور یہاں پہ Unelected لوگ Elected لوگ Equal footing پہ بھی ان سے بھی آگے چلے جائیں اور وہ کمیٹی میں As an ex officio شامل ہو سکیں گے تو یہ کس طرح مناسب ہوگا؟ تو میری یہ گزارش ہے کہ Elected لوگ جو ہیں وہ جو ایڈوائزرز یا سپیشل اسسٹنٹس ہیں، ان کی حد تک تو بات ٹھیک ہے لیکن Unelected کی حد تک نہ اس کی Constitution اجازت دیتا ہے اور نہ ہی کوئی قانون اجازت دیتا ہے اور نہ ہی یہ مناسب ہے۔ تھینک یو سر۔ (تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: لاء منسٹر صاحب، یہ مولانا صاحب بات کرنا چاہتے ہیں تو پھر آپ ان کا اکٹھا ہی جواب دے دیں، آپ Kindly نوٹ کر لیں۔ جی مولانا صاحب۔

<u>جناب لطف الرحمان</u>: بِسۡمِ اللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت شکریہ جناب سپیکر، یہ جو اس وقت موضوع بحث ہے، ہمارے بھائی نے جو ایڈوکیٹ ہیں وہ چھبیسویں آئینی ترمیم پہ چلے گئے، تو میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ چھبیسویں آئینی ترمیم بھی آپ لوگوں کے ساتھ بھرپور مشاورت کے بعد پایہ تکمیل تک پہنچی تھی اور پی ٹی آئی کا وفد جس کو مقرر کیا تھا، اس میں قانون دان بھی تھے اور سیاسی لوگ بھی تھے اور تمام کے ساتھ بالاتفاق ہم چھبسویں آئینی ترمیم کے اس مسودے پر پہنچے۔ جناب سپیکر، جو اس وقت یہاں پہ موضوع ہے اور وہ یہ ہے کہ کیبنٹ کا جو ممبر ہے وہ منسٹر ہوا کرتا ہے کہ جو Authorize ہوتا ہے اور وہ ظاہر ہے کہ گورنمنٹ کے Behalf پر وہ Authorize ہوتا ہے، یہ جو آپ ایڈوائزر اور اس کی بات کر رہے ہیں، پہلے تو میں سمجھتا ہوں کہ سیاسی طور پہ یہ بخار بھی پی ٹی آئی کو تھا کہ کم سے کم کابینہ ہونی چاہیئے، تو اس وقت تو کابینہ پہ کوئی قدغن نہیں تھا اور اس کابینہ کو کم سے کم کرنا بھی مطالبہ Basically پی ٹی آئی کا تھا، تو اب اگر کم سے کم کابینہ پہ آپ نے حکومت چلانی ہے تو پھر اگر چونتیس (34) منسٹریاں ہیں تو سولہ لوگ کیوں اس کو نہیں چلا سکتے؟ دو دو منسٹریاں تو سب چلا سکتے ہیں، یا تو آپ کا جو اصولی مؤقف ہے کہ کابینہ کم سے کم ہونی چاہیئے، اس میں آپ اضافہ کر دیں Percentage میں، جس Percentage کے مطابق اسمبلی کی بنیاد پہ جو سولہ ارکان جو ہیں وہ منسٹرز بن سکتے ہیں، تو آپ اس Percentage میں اضافہ کر دیں تاکہ آپ کے منسٹرز زیادہ ہو سکیں اور آپ بہتر کارکردگی دے سکیں۔ تو جناب سپیکر، اب اس طرح تو نہیں ہو سکتا کہ ہم اپنے خیالات کی بنیاد پر، اپنی رائے کے مطابق ہم یہ کہہ دیں کہ نہیں یہ اختیار تو سپیشل اسسٹنٹ کو بھی حاصل ہے اور وہ ایڈوائزر کو بھی حاصل ہے، تو یہ تو نہیں ہو سکتا، اپنی رائے کے مطابق تو بات نہیں بن سکتی، بات تو ہوگی قانونی کی اور قانون کا اس کے پاس اختیار نہیں ہے، لہذا ہم اگر Legislation کریں یا ایکٹ پاس کریں تو وہ بھی بنیادی طور پر وہ

ہونا چاہئیے جو قانونی طور پہ کل کو اس کو مانا جائے، Accept کیا جائے ورنہ پھر اس پہ اعتراضات اٹھیں گے اور قانونی طور پر جب اعتراض اٹھے گا تو شاید ہو سکتا ہے کہ جو ایکٹ آپ بناتے ہیں، اس کی کوئی حیثیت ہی نہ رہے اور وہ حیثیت ختم ہو جائے، تو پھر ہم عملداری کس طرح کریں گے؟ عملداری تو ہم پبلک کے لئے کرنا چاہتے ہیں، وہ ہم ایکٹ کے ذریعے ڈیپارٹمنٹ اور اس کے ضابطے کے مطابق چلانا چاہتے ہیں، اگر ہم اس کو صحیح نہ چلا سکیں اور ہم پبلک کو فائدہ نہ دے سکیں تو پھر ظاہر ہے کہ پھر ہمیں سوچنا چاہیئے اس پہ اور اس کا وہ حل نکالنا چاہیئے جو قانونی طور پر ہم اس کو مان بھی سکیں اور اس پہ کوئی اعتراض بھی نہ ہو۔ جناب سپیکر، تو ہماری اپوزیشن کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ طریقہ کار قانون اور آئین کے مطابق چلے اور اس میں کوئی اوپر نیچے نہ ہو تاکہ ہم عملی طور پر اس کو فائدہ مند بنا سکیں، یہ بنیادی مقصد ہے اپوزیشن کا اور جناب سپیکر، میں تو پہلے بھی عرض کر چکا ہوں، آج میں پھر Floor of the House پہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اٹھارہویں ترمیم کے تحت جو منسٹرز کو بااختیار بنانا ہے، اس کے لئے تو آپ قانون سازی کر نہیں رہے، یہ صوبے میں منسٹر کا بااختیار ہونا یہ اٹھارہویں ترمیم کے تحت آپ یہاں پہ Legislation کریں اور ان کو بااختیار بنائیں، میں نے تو انہیں بااختیار نہیں بنانا ہے، آپ بااختیار بنائیں گے، اپنی حکومت کے منسٹروں کو، میں تو صرف آپ کو یہ Floor of the House پہ کہہ سکتا ہوں، جو میرا حق بنتا ہے کہ میں آپ کو کہوں کہ آپ اس کے تحت وہ اختیارات دیں، میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ آپ کی جتنی بھی کمیٹیاں ہیں، ان کو بھی Strengthen کریں، ان کو بھی طاقت دیں تاکہ وہ بیٹھیں اور میری یہ بھی التجاء ہے کہ جب بھی آپ کوئی بل پاس کریں تو برائے مہربانی آپ ایک دفعہ کمیٹی میں بھیجیں تاکہ کمیٹی میں اس پر بحث ہو سکے اور تمام پارٹیوں کے ممبران تقریباً اس میں شامل ہوں تو سب کو سمجھ بھی آئے گی کہ یہ بل آ رہا ہے، اس میں اس کی کیا تفصیلات ہیں؟ اس کے کیا کیا شقیں ہیں؟ اور اس میں گورنمنٹ کیا کرنا چاہتی ہے؟ تو کم از کم ان کو پتہ تو چلے گا، آپ کی کابینہ کے ممبران کو بھی اور اسمبلی کے ممبران کو بھی، ورنہ آپ بل پاس کرتے جاتے ہیں اور آپ کے ایک ممبر کو بھی پتہ نہیں ہوتا کہ اس ایکٹ میں آ کیا رہا ہے؟ ہم اس بل میں لا کیا رہے ہیں؟ اور اس کی کیا کیا شقیں ہیں اور اس کا کیا کیا مقصد ہے اور وہ کل کو کیا کیا فائدہ دے سکتا ہے اور نقصان ہو سکتا ہے؟ ایک کو بھی پتہ نہیں ہوتا جناب سپیکر، تو برائے مہربانی یہ میری التجاء ہے Floor of the House اور یہ میں کوئی تیسری چوتھی دفعہ کہہ رہا ہوں کہ برائے مہربانی آپ اس کو Strengthen کریں کہ پہلے بل کو اسمبلی کمیٹی میں جائے اور اس پر بحث ہو اور پھر اسمبلی میں بھی اس پر دوبارہ بحث ہو سکتی ہے اور اختیار تو پھر گورنمنٹ کے پاس ہے، اکثریت تو گورنمنٹ کے پاس ہے، تو گورنمنٹ کے پاس اکثریت تو کمیٹی میں بھی ہوتی ہے اور گورنمنٹ کے پاس اکثریت اسمبلی کے اندر بھی ہوتی ہے، لہذا اس کو پہلے آپ کمیٹی میں بھیجیں، آپ اس کے لئے رولز بنائیں، فیڈرل میں بھی اسی طریقہ کار سے کہ پہلے بل کمیٹی میں جاتا ہے، تو یہاں پہ بھی آپ اسمبلی کے Rules of Business میں، طریقہ کار میں Changing لائیں تاکہ ہم پہلے کمیٹی کو بھیج سکیں اور پھر کمیٹی میں ڈسکشن کے بعد اسمبلی میں آئے، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے ہر ممبر کو پتہ چل سکے گا کہ ہم بل میں کیا پاس کر رہے ہیں، یا ویسے ہی بس ہم ووٹ دے رہے ہوتے ہیں اور بل کا پتہ نہیں ہوتا اور بل میں کیا ہے اور کیا نہیں ہے؟ وہ

کیا فائدہ دے سکتا ہے؟ اس کی معلومات ہمارے ممبران کو نہیں ہوتیں، تو لہذا مہربانی کرکے اپنے ممبران کو بھی اور اپنی کمیٹیوں کو بھی Strengthen کریں، ان کو اختیار دیں، جب بل آئے تو اسمبلی کی کمیٹی میں آئے اور پھر اسمبلی میں آئے، تو اس سے اور بہتر طریقہ میری نظر میں کوئی نہیں ہے، تو یہ گزارشات تھیں جو آپ کے سامنے رکھی ہیں، تمام ممبران کے سامنے آپ کے توسط سے، بڑی مہربانی۔

<u>ارباب محمد عثمان خان:</u> میں اس کا جواب چاہتا ہوں، میرا وہی سوال ہے، یہ ایکٹ پاس نہیں ہو سکتا۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ کیسے پاس نہیں ہو سکتا، مجھے بتانا پسند کریں گے؟

<u>ارباب محمد عثمان خان:</u> آپ نے اس میں لکھا ہوا ہے کہ No amendments Governor has said that he has constrained to assent دوبارہ بھیجیں گے تو ہو گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ آپ گورنر صاحب کے فرمان کا آخری حصہ پڑھ لیں۔

In light of the above and to ensure compliance with constitutional provisions the Khyber Pakhtunkhwa Laws (Amendment) Bill, 2024 is being returned to the Provincial Assembly for re-consideration, so, this is the re-consideration Sir.

<u>Arbab Muhammad Usman Khan:</u> So re-consideration.

<u>Mr. Speaker:</u> How can it not be passed?

<u>Arbab Muhammad Usman Khan:</u> I agree, re-consideration means to table in the Assembly again Sir.

<u>Mr. Speaker:</u> So, this is for consideration, you are re-considering the same Act.

<u>ارباب محمد عثمان خان:</u> To go over the terms، میں صرف یہ ریکویسٹ کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے، آپ آرٹیکل (3) 116 ذرا پڑھ کر سنائیں انہیں جی۔

<u>وزیر قانون:</u> شکریہ جناب سپیکر۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا، آپ تین چیزوں کا جواب دے دیں، ایک تو جو باتیں میری سمجھ میں آئی ہیں، جس طرح لغمانی صاحب نے بھی عرض کیا، جناب مولانا صاحب نے بھی بات کی، ایک تو چھبیسویں ترمیم آگئی جس میں انہوں نے ایڈوائزرز ہاؤس کے اندر کے اندر لا کر بٹھا دیئے، اس پہ تو ہمارا اعتراض ہے کہ یہ ٹھیک کام نہیں ہوا ہے، ٹھیک ہے، ہمارے سے مراد یہ ہاؤس، جو باتیں ہوئی ہیں یہاں پہ، دوسری چیز یہ ہو گئی کہ ہم نے ایڈوائزر کے ساتھ ساتھ سپیشل اسسٹنٹ کو بھی لانا چاہ رہے ہیں اور انہیں Empower کرنا چاہ رہے ہیں گورنمنٹ کے اس بہت سارے پراسیسز میں، نمبر دو، مولانا صاحب نے Point out کیا ہے کہ جو اٹھارہویں ترمیم آپ کو اختیار دیتی ہے، وہ اختیار تو ابھی تک صوبے نے لیا ہی نہیں ہے۔ نمبر تین اور اس میں ایک چوتھی بات کی ایڈیشن کر دوں، یہ تین باتیں ہیں جن کو آپ مجھے ذرا تھوڑا سا سمجھا دیں گے اور چوتھی بات مجھے یہ بتائیں کہ ہماری پراونشل اسمبلی کے Rules of Business علیحدہ ہیں جو یہ پراونشل اسمبلی تیار کرتی ہے اور یہی پاس کرتی ہے، تو ہم پہ یہ کیسے Applicable

ہو سکتی ہے کوئی چیز ہماری سٹینڈنگ کمیٹیوں پہ؟ وہ تو ہمارے اپنے رولز ہیں، اس ہاؤس کی اپنی ایک وہ ہے اور آئین اس ہاؤس کو آپ سے علیٰحدہ بنا رہا ہے، آپ کی گورنمنٹ کے ساتھ مل کر نہیں بنا رہا، آئین ہمیں اس پہ پہلے بھی، ایک مرتبہ ہمارے اسی ہاؤس میں ڈیبیٹ بھی ہو چکی ہے، تو یہ چار چیزیں کلیئر کر دیں تو اس کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ اس کو کیا کرنا چاہیئے، اس کو کسی سلیکٹ کمیٹی کو بھیجنا چاہیئے، اس پہ Further deliberation کرنی چاہیئے یا اس کو کیا کرنا چاہیئے؟

<u>جناب احمد کنڈی</u>: سر، مجھے ایک منٹ دیں، میں اس پہ مؤقف دینا چاہتا ہوں، یہ تو سب کا موقف نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ٹھیک ہے۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: سر، آپ نے بات کی ہے کہ ایڈوائزرز کو بٹھانے کا جو اختیار دیا گیا ہے آرٹیکل 111 کے نیچے چھبیسویں ترمیم میں، تو آپ شاید ہاؤس کا اس کے اوپر وہ لے لیں جو بھی آپ لینا چاہیں لیکن میرے خیال میں یہ Provision نیشنل اسمبلی میں Already موجود تھی اور یہ 'right to speak' Provision ہے۔ سپیکر صاحب، اس بات کو آپ سمجھیں آپ کے ایگزیکٹیو کا اختیار کس کے پاس ہے؟ پراونشل گورنمنٹ کے پاس اور پراونشل گورنمنٹ کی Definition Mustafa Impex case میں بڑی Clarity کے ساتھ ہو چکی ہے کہ پراونشل گورنمنٹ یا فیڈرل گورنمنٹ کیا ہوگی؟ وہ آپ مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ہیں، وہ کیبنٹ ہے No Advisor, no Special Assistant, no Attorney General، یہاں پہ آپ کے ایڈوکیٹ جنرل بھی بیٹھتے ہیں But he has only right to speak, not a vote، دیکھیں پراونشل گورنمنٹ کیا ہے؟ وہ ایسے سمجھ لیں کہ ہمارے Provincial Consolidated Fund کے اوپر بھی پراونشل کیبنٹ ہماری گورنمنٹ بیٹھی ہوتی ہے اور اس کے فیصلوں کے اوپر ہم یہاں پہ بیٹھ کر ان کو Accountable کرتے ہیں، ہم کسی ایڈوائزر کو، کسی سپیشل اسسٹنٹ کو Accountable کرنے کے لئے یہاں نہیں بیٹھے ہیں، آپ Framer of the Constitution کو دیکھ لیں، اس میں ہمیشہ انہوں نے کہا ہے کہ Provincial Government will be collectively responsible to the Provincial Assembly اور اس کی بڑی Clarity کے ساتھ Definition ہے، میرے فاضل ممبر اس کو Confuse کر رہے ہیں، جو ایڈوائزر ہے، اس کے پاس کوئی ووٹ کا اختیار نہیں ہے، یہاں پہ، وہ کسی بل میں اپنا اختیار نہیں ڈال سکتا، ایڈوکیٹ جنرل صرف بات کر سکتا ہے، Point of view بتا سکتا ہے، میرے کہنے کا مقصد پھر وہیں پہ آ جاتا ہے، جو بات آپ کر رہے ہیں وہ بڑی آپ کی To the point ہے، یہ تمام جو ایکٹس ہیں، یہ Constitution سے ہی Generate ہوتے ہیں، آپ کی پراونشل گورنمنٹ کا ایکٹ کہاں سے Generate ہوتا ہے؟ وہ Constitution میں دیا ہوا ہے جو پراونشل گورنمنٹ اپنے Rules of Business بنائے گی، اس ایکٹ میں جو انہوں نے Definition دی ہوئی ہے، ایکٹ کی Definition وہ ہے جو تمام خیبر پختونخوا صوبے کے اوپر لاگو ہے، Clarity نہیں ہے، Language کی Clarity نہیں ہے تو وہ Productive نہیں ہوگا۔ میری بھی یہی گزارش ہے، خدارا

Constitution کی جو Language ہے اس کو Follow کرتے ہوئے اس کو سلیکٹ کمیٹی کو بھیجیں، وہاں پہ ہم بڑی باریک بینی کے ساتھ اس پر سیر حاصل گفتگو کریں گے اور جس طرح گورنمنٹ چاہتی ہے، ہم ان کو Help out کریں گے جس طرح آپ کہہ رہے ہیں، Clarity نہیں ہے بھئی یار! خیبر پختونخوا اسمبلی کا جو ایکٹ ہے وہ Constitution generate کرتا ہے یا اس کے بعد بات یہ ہے کہ وہ ایکٹ بھی تو آپ پراونشل اسمبلی میں لاتے ہیں، پراونشل اسمبلی کے ٹھپے کے بغیر اس صوبے میں کوئی قانون نہیں بن سکتا۔ حضور والا! Provincial Consolidated Fund سے بھی اگر آپ ایک روپیہ نکالیں گے، پراونشل گورنمنٹ ٹھپہ لگائے گی، اس کے بعد پراونشل اسمبلی میں آئے گا اور یہ ٹھپہ لگے گا تو تب جا کر آپ نکال سکتے ہیں، Otherwise نہیں ہو سکتا، تو خدارا یہ بڑا اہم موضوع ہے، اس کا تمام ایکٹس کے اوپر Influence آئے گا، اس لئے میں نے ہاؤس سے گزارش کی ہے کہ آپ اس کے اوپر اپنا Point of view بھی دیں، آپ نے اس کے اوپر اپنا Point of view دیا، آفتاب صاحب کا میں بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے وہ روایتی جلد بازی نہیں کی اور اپوزیشن کے مقابلے میں اپوزیشن نہیں کی، انہوں نے اپنا Mind apply کیا ہے اور ان شاءاللہ جس طرح یہ کہیں گے جلد سے جلد تاکہ گورنمنٹ کا بزنس بھی Affect نہ ہو اور ہم ایک Productive چیز اپنے End beneficiary عوام تک لے کر جا سکیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: نہیں، آنریبل منسٹر نے تو پہلے ہی سلیکٹ کمیٹی کا کہہ دیا تھا، میں تو یہ چاہتا تھا اس پہ تھوڑی اور بات ہو جائے تاکہ چیزیں Clarity کی طرف آ جائیں، اس کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ اسے سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجتے ہیں یا سلیکٹ کمیٹی کو بھیجتے ہی بھیجیں؟

جناب سپیکر: دونوں کام ہو سکتے ہیں۔ جی آنریبل منسٹر فار لاء۔

وزیر قانون: شکریہ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں آنریبل ارباب صاحب کو Respond کرنا چاہوں گا۔ جو انہوں نے Passage کے حوالے سے بات کی، تو اس کے اوپر آرٹیکل 116 وہ بڑا کلیئر ہے جس میں آرٹیکل 116 سب کلاز (3) کے Under جو بھی Matter reconsideration کے لئے ریفر ہوتا ہے تو اس کو With observations یا With recommendation یا With amendment یا Original shape میں اس کو اسمبلی Return کر سکتا ہے اور اسمبلی اس کو Re-passage کر سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، لغمانی صاحب سے میں Disagree کروں گا، دیکھیں، پراونشل اسمبلی، Legislature اور ایگزیکٹیو میں فرق ہے، پراونشل کیبنٹ یا ایگزیکٹیو جو ہے، وہ ایگزیکٹیو کو ہیڈ کرتا ہے اور ظاہری بات ہے کہ ایک فیڈرل گورنمنٹ یا پراونشل گورنمنٹ چلانے کے لئے ہو سکتا ہے آپ کے ساتھ On the spot کچھ اس طرح کے Experts موجود نہ ہوں جس کی ضرورت آپ کو Unelected لوگوں سے بھی پڑ سکتی ہو اور ان سے آپ Assistance لے سکتے ہیں، تو ایک تو یہ بات ہے۔ دوسری بات جناب سپیکر، ہم کوئی نئی چیز کرنے نہیں جا رہے ہیں، Already یہ کنونشن

اور یہ جو روایت ہے، یہ فیڈرل گورنمنٹ میں first Day سے ہو رہی ہے، اس کو Constitution کا Cover بھی ہے اوراس کے ساتھ ساتھ۔۔۔۔

جناب سپیکر: وزیر محترم! یہ بات کلیئر ہو گئی، دوسری بات پہ آ جائیں۔

وزیر قانون: جی دیکھیں، کنڈی صاحب نے جو سٹارٹ میں بات کی کہ یہ ہمارے سٹینڈنگ کمیٹی کے ممبرز ہوں گے اور وہاں پہ Nonelected لوگوں کا بیٹھنا، تو دیکھیں یہاں پہ بات Confuse کی جا رہی ہے، جناب سپیکر، ایڈوائزر، اسپیشل اسسٹنٹ Elected بھی ہو سکتے ہیں اور Non elected بھی ہو سکتے ہیں، ایڈوائزر کو آئین میں Cover ہے اور اسپیشل اسسٹنٹ Rules of Business 1985, under rule 33(A) کے Under جو ہے وہ Covered ہے، ایگزیکٹیو جو ہے وہ Help لے سکتی ہے Elected سے بھی اور Non elected سے بھی، یہ بڑا کلیئر ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے ساتھ Financial expert نہ ہو، فیڈرل لیول پہ بھی Elected لوگوں میں، تو ظاہری بات ہے آپ نے Financial expert کے Through ہی فنانس منسٹری چلانا ہوتی ہے، تو آپ کو ایڈوائزر یا سپیشل اسسٹنٹ کی فیڈرل گورنمنٹ میں بھی ضرورت پڑ سکتی ہے، آپ کو پراونشل گورنمنٹ میں بھی پڑ سکتی ہے، جہاں تک Twenty six Amendment کی بات کی گئی، میں اس کی ڈیٹیل میں نہیں جانا چاہتا کہ کس طریقے سے اس امنڈمنٹ کو پاس کیا گیا، اس کے لئے گراؤنڈ بنانے کے لئے کیا کیا طریقے اختیار کئے گئے؟ ایم این ایز کو اغواء کرنا، ان کی فیملیز کو زود و کوب کرنا، ان کو Persecute کرنا، وہ میرے خیال میں الگ ڈیبیٹ ہو جائے گی لیکن جہاں تک تعلق ہے آرٹیکل 111 کا، تو میں نے اس کی Clarity کے لئے کہا کہ اگر ایک ایڈوائزر کی جو امنڈمنٹ ہے، Twenty six Amendment تو اس میں ایڈوکیٹ جنرل آرٹیکل 111 کے Under covered تھا کہ وہ Floor of the House جو ہے وہ بات کر سکتے ہیں، Right to speak، تو اس میں اب ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ جو ہیں، وہ بھی Covered ہو گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر، جہاں تک مولانا صاحب نے Austerity کی بات کی، Down sizing کی بات کی کیبنٹ کی، تو بالکل یہ ہمارے منشور میں شامل ہے لیکن ایڈوائزر، سپیشل اسسٹنٹ ہماری میجارٹی تقریباً Ninety percent سے زیادہ وہ Elected لوگ ہی ہیں اور ان ہی کے ذریعے گورنمنٹ کی Facilitation ہوتی ہے اور ایگزیکٹیو کی چیف منسٹر صاحب کے ساتھ، دیکھیں اس بل یا امنڈمنٹ کا جو بنیادی مقصد تھا، وہ یہ تھا کہ چیف منسٹر ہر میٹنگ کو ہیڈ نہیں سکتے، وہاں پہ جو بورڈز بنے ہوئے ہیں، جو کمیشنز ہیں، کمیٹیاں ہیں مختلف قسم کی، تو اس کو ہیڈ کرنے کے لئے، اس کو Direct convene کرنے کے لئے، ان کی Composition میں پہلے منسٹر کے لئے Cover تھا اس قانون میں لیکن ایڈوائزر کے لئے نہیں تھا، اب میں یہاں پہ سوال اٹھانا چاہوں گا کہ Under Article 130 (11) آپ پراونشل گورنمنٹ میں پانچ ایڈوائزر لے سکتے ہیں، Elected یا Non elected کا ذکر نہیں ہے۔ اسی طرح آرٹیکل 93 میں آپ فیڈرل لیول کے اوپر ایڈوائزر چن سکتے ہیں، تو اب اگر آرٹیکل میں ایڈوائزر کو Cover ہے، تو Why not کہ وہ ایڈوائزر ایک کمیٹی کو ہیڈ کر سکتا ہے، وہ کمیشن کو ہیڈ کر سکتا ہے، ایک ڈیپارٹمنٹ کے بورڈ کو ہیڈ

کر سکتا، وہ ایک کونسل، ایک سب کمیٹی کو ہیڈ کر سکتا ہے، تو میرے خیال میں جناب سپیکر، جواب یہی ہو گا کہ وہ کر سکتا ہے، اگر ایڈوائزر آپ چن سکتے ہیں، آپ Choose کر سکتے ہیں تو پھر وہ کمیٹی کو بھی ہیڈ کر سکتا ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> تو اس کے ساتھ آپ نے یہ ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ بھی ساتھ رکھے ہوئے ہیں ناں۔

<u>وزیر قانون:</u> جناب سپیکر، اس کے اوپر میں نے تو Suggestion آپ کو دی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہاں تک تو بات سمجھ آ رہی ہے۔

<u>وزیر قانون:</u> آپ کو میں نے یہی Suggestion دی کہ اس کے اوپر آپ سلیکٹ کمیٹی بنائیں اور اگلے سیشن سے پہلے ہم اس کے اوپر بیٹھک کر سکتے ہیں، ہم اس کے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس ٹھیک ہے۔ اب اس میں دو باتیں ہیں، سٹینڈنگ کمیٹی جو Already constituted ہے، اگر آپ تمام ممبران Agree ہوں تو ہم اسے سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کر دیں اور سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئر مین جن جن لوگوں کو چاہتے ہیں، ان کو بلا دیں یا پھر سلیکٹ کمیٹی ہی بنائیں جی۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی:</u> میں بڑی لمبی بات تو نہیں کرتا، چونکہ ساری باتیں دونوں طرف سے بڑی ڈیٹیل میں ہو گئی ہیں، لغمانی صاحب نے بھی بڑی اچھی باتیں کی ہیں، مولانا صاحب نے بھی، منسٹر صاحب نے بھی، تو میں صرف اتنی سی بات کرنا چاہتا ہوں، جیسے لغمانی صاحب نے کہا کہ دو قسم کے لوگ ہیں ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ، کچھ Elected، کچھ Non elected، اب میں صرف منسٹر صاحب سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ کسی بھی ڈیپارٹمنٹ کی کوئی میٹنگ ہو رہی ہو اور آپ کو بھی اس میں بلایا گیا ہو اور اس کو کوئی Unelected Adviser or the Special Assistant chair کر رہا ہو، تو کیا آپ اس کے Under بیٹھیں گے؟ کبھی نہیں بیٹھیں گے، میں تو کبھی بھی نہیں بیٹھوں گا اور اس ایوان میں سے شاید کوئی بھی Unelected بندے کے نیچے کوئی بھی نہیں بیٹھے گا۔ (تالیاں) So اس لئے جیسے سب کی رائے ہے، منسٹر صاحب نے بھی Agree کر دیا ہے Thankful to him کہ اس کو سلیکٹ کمیٹی میں بھیجیں Detailed deliberation ہو، Law knowing لوگ بھی وہاں پہ بیٹھے ہوئے ہوں تاکہ جو بھی ہم Legislation کریں کہ کل ہمارے اوپر انگلیاں نہ اٹھیں، یا دو مہینے بعد ہم پھر اس میں اَمنڈمنٹ لے کر نہ آ رہے ہوں، تھینک یو سر۔ (تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے۔ آنریبل منسٹر صاحب، آپ موشن پیش کریں پھر سلیکٹ کمیٹی آپ کی Chair ہی میں بنا ئیں گے۔

<u>Minister for Law:</u> Thank you, Mr. Speaker. I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Laws (Amendment) Bill, 2025 may be referred to the Select Committee, under rule 85 (b) of the Provincial Assembly, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion moved by the honourable Minister for Law, to constitute a Select Committee on the Khyber Pakhtunkhwa Laws (Amendment) Bill, 2025 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the Select Committee on the said Bill is constituted, which will be notified tomorrow.

اچھا، قرارداد ہے تو Rule relax کرالیں۔ اجمل خان! آپ کی بھی ہے، پہلے قراردادیں لے لیتے ہیں۔

Mr. Muhammad Nisar: Thank you, Mr. Speaker.

جناب سپیکر: Point of Order پہ بات کرلیں۔

جناب محمد نثار: دا قرارداد به واخلو سر، بیا به چې کوم دے وروستو تاسو۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ دو قراردادیں ہیں، یہ لے لیتے ہیں پھر Point of Order پہ آپ بات کریں۔

جناب عبدالمنعم: سر، آپ مجھے پہلے موقع دیں، یہ بہت سیریس ایشو ہے۔ میرے حلقے کے بچے اور مزدوروں کے ساتھ بلوچستان میں جو سانحہ ہوا ہے، میں اس پہ بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: چلیں جی، انہیں بات کرنے دیں، سانحہ کی بات ہے تو۔

جناب محمد نثار: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: عبدالمنعم خان اور ہمایون خان دونوں بات کرلیں جی۔

بلوچستان میں کان کنی کے دوران مزدوروں کی المناک موت

جناب عبدالمنعم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زه يو اهم او يو دلخراش او يو افسوس ناک واقعې ته د خپل ايوان او ستاسو توجه مبذول کوم۔ جناب سپيکر صاحب، چې چرته هم واقعه کيږي په کوئله کان کښې نو د بدقسمتئ نه زمونږ د شانګلې پکښې اسی (80) فی صد خلق وی۔ پرون نه هغه بله ورځ چې کومه واقعه شوې ده جی، په بلوچستان کښې نو دولس کسان مړه دی او په دولسو کښې لس زما د شانګلې دی او د هغې غټه وجه زمونږ غربت او پلس محنت هم دے چې مونږ محنتيان يو او غربت دے، بې روزګاری ده۔ جناب سپيکر صاحب، چې کوم کسان مری نو هغه نوے (90) فی صد په Illegal mining کښې مری او بيا چهتيس چهتيس او چاليس چاليس ګهنټې مخکښې اطلاع راشی چې يره سړے درې زره فټه کښې دننه پروت دے، نو Automatic مونږ ته پته اولګی چې مړ دے، دا سختيانې په مونږ تيريږی او دا د داسې طاقتورو خلقو دی چې اکثر خلق وائی چې د هغوی په پشت باندې زورآور او سياسی خلق دی، نو زه دا ريکويسټ کوم د دې ايوان په Through د بلوچستان حکومت نه چې يو دا Illegal mining دې بند کړی او بل زمونږ دا مړی چې شوی دی، دوئ ته دې معقول معاوضه ورکړی ځکه چې د دوئ خو بچی پاتې شو، ښځې ئې کنډې پاتې شوې او دوه پکښې جی بالکل سکه خپل ورونړه دی، هغه ژوبل دی، هغه پکښې کور ته راوؤړلے شو، پلار ئې پخوا مړ دے، نو جی مونږ سره ډير زياتے دے، نو دوئ د هغوی د خالص

پیسو د پاره مری، نو Illegal mining په بلوچستان کښې هم کیږی او په خیبر پختنونخوا کښې هم دی او په سندھ کښې هم دی، نو زه دې ټول ایوان ته وایم چې داسې یو قانون مونږه جوړ کړو، یو قانون مونږ پاس کړو چې که په یو صوبه کښې هم داسې اوشی چې هغه بیا د دې جرم دار وی، کوم خلق چې دا Illegal mining کوی (تالیاں)
او دا چې کوم دا محنت کونکی دی او دا حدیث قدسی دے چې الله پاک وائی "اَلکاسِبُ حَبِیبُ الله" محنت کونکی دا زما دوستان دی، نو د الله دوستان په داسې بې دردئ سره مری چې هغه یقین اوکړئ چې په هره میاشت کښې تاسو گورئ چې د شانګلې لس او اته کسان مری، نو زه د دې ایوان ته دا ریکویسټ کوم چې یره دوئ د دې خپل د ایوان وساطت باندې چې هغوی د بلوچستان حکومت ته زمونږ دا Convey کړی او هغوی زمونږ دې خلقو ته معاوضه ورکړی او نور Illegal mining بند کړی او دې ایوان ته دا هم وایم چې دلته هغوی له د مغفرت دعا اوشی نو دا به هم زمونږ د پاره ښه وی۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب، یہ جو بچے ادھر بلوچستان حادثے میں ہلاک ہو گئے ہیں، ان کے لئے دعا فرمادیں، جس طرح انہوں نے بیان کیا ہے۔

(اس مرحلہ پر دعا مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جی ہمایون خان۔

جناب ہمایون خان (معاون خصوصی جیل خانہ جات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، چند دنوں سے ہمارے سوشل میڈیا پہ ایک نوٹی فکیشن چل رہا ہے جس میں ہماری یونیورسٹیوں میں سنڈیکیٹ اور سینیٹ کے لئے کچھ لوگوں کو نامزد کیا ہے جو کہ Elected نہیں ہیں اور کسی ایک خاص پارٹی سے تعلق بھی رکھتے ہیں، تو ہائر ایجوکیشن کے منسٹر صاحب سے ہم ریکویسٹ کریں گے، تو آپ وضاحت کر دیں کہ اس کی قانونی پوزیشن کیا ہے؟ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, please.

جناب محمد انور خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ اسی موضوع پہ بات کرنا چاہتے ہیں؟ اچھا بولیں انور خان۔

جناب محمد انور خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس اہم موضع پہ آپ نے مجھے فلور دے دیا۔ جناب سپیکر صاحب، یونیورسٹی کا بہت بڑا نام ہوتا ہے اور Recently آپ کی مہربانی سے ہم نے UK کا ایک وزٹ کیا تھا، وہاں پہ ہم نے آکسفورڈ یونیورسٹی کا بھی وزٹ کیا، تو وہاں پہ جا کر یونیورسٹی کا جو Grace ہے اور یونیورسٹی کا جو مقام ہے، ہم نے خود دیکھا لیکن بد قسمتی سے ہمارے ہاں یونیورسٹیوں کا جو حال ہے، اس میں کافی کام ہے، اس کو کرنا پڑے گا۔ شہید بے نظیر بھٹو یونیورسٹی جو اپر دیر میں ہے اور ہمارے سارے علاقے کا، ہمارے بچوں کے مستقبل کا دارومدار اسی یونیورسٹی پہ ہے، اسی دن میں نے ایک نوٹی فکیشن پڑھا جس میں سینڈیکیٹ میں اور

سینیٹ میں پولیٹیکل لوگ اور ایسے لوگ جو تعلیم کے زیور سے عاری ہیں، ان کو سینیٹ میں اور سنڈیکیٹ میں ممبرز بنایا گیا ہے، سنڈیکیٹ میں وہ لوگ ڈالے جاتے ہیں جو ایکس جج ہوں، پبلک سروس سے ہوں، ایکس پارلیمنٹیرینز ہوں، ریٹائرڈ بھی ہوں لیکن گریڈ-20 سے Above ہوں، اس قسم کے لوگوں کو اگر ہم یونیورسٹی میں، سنڈیکیٹ میں اور سینیٹ میں ڈالیں گے، Already وہاں پہ سینیٹ میں جو ایک پارلیمنٹیرین ہوتا ہے وہ ہمارا Colleague گل ابراہیم صاحب اس میں ممبر ہیں لیکن جو حالیہ نوٹی فکیشن ہے، آنریبل منسٹر صاحب ادھر تشریف رکھتے ہیں، میں سختی سے انتہائی پرزور اس چیز کی مذمت کرتا ہوں کہ اگر ہماری یونیورسٹی کا یہ حال کریں گے کہ اس ٹائپ کے لوگ اگر ہم سنڈیکیٹ میں اور سینیٹ میں ڈالیں گے جو Purely political ہوں، جناب سپیکر، اب تحصیل لیول کا چیئرمین سینیٹ اور سنڈیکیٹ میں ممبر بنائیں گے اور وہ جو Local politics کرتا ہو، آپ اس کو ایک اہم ادارے میں اور ایک اہم مقام پہ اس کو اتنی بڑی سیٹ دیں تو پھر اس ادارے کا کیا حال ہوگا؟ تو میں جناب! آپ سے اور اس فلور کی وساطت سے، اس اسمبلی کی فلور کی وساطت سے آنریبل منسٹر صاحب جو ہمارے بڑے اچھے آج کل ایجوکیشن میں وہ کافی دلچسپی بھی لیتے ہیں، کافی اچھے کام بھی کئے ہیں، تو اس چیز کا سختی سے نوٹس لیں کہ یہ جو نوٹی فکیشن کرتے ہیں، اس کا مجاز کون ہے؟ یہ گورنر کرے گا یا چیف منسٹر کرے گا؟ اور اگر گورنر نے یہ کئے ہیں تو اتنا غلط کام کیوں کیا ہے؟

<u>Mr. Speaker:</u> Honorable Minister for Higher Education, please.

<u>جناب تاج محمد:</u> سر، میں بھی بات کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> اسی پہ بات کرنا چاہتے ہیں؟ اذان سنیں جی۔

(اذان عشاء)

<u>جناب سپیکر:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جی تاج محمد خان ترند۔

<u>جناب تاج محمد:</u> شکریہ جناب سپیکر، چونکہ مینا خان صاحب جواب دیں گے تو میں اسی طرح کی ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، MDCAT کا Exam ہوا تھا جس میں ہمارے صوبے کے بچے اور بچیوں نے طلباء وطالبات نے حصہ لیا تھا، اس کے بعد اسلام آباد میں جو MDCAT کا Exam ہوا تو وہاں پہ طلباء نے احتجاج کیا کہ ہمارا Exam مشکل تھا، Paper out of course تھا، تو جناب سپیکر، MDCAT والوں نے یہ کیا ہے کہ اسلام آباد کے جو سٹوڈنٹس تھے، ان کو چودہ Grace marks دیئے ہیں، تو جناب سپیکر، اب جب میڈیکل کالج یا انجنیئرنگ کالج میں داخلہ ہوتا ہے تو آدھے آدھے نمبر سے بڑا فرق پڑتا ہے، تو ان طلباء کو چودہ Extra marks دیئے گئے ہیں جس سے اس صوبے مین جن بچے اور بچیوں نے Exam دیا تھا تو آگے میرٹ میں اس پہ بہت بڑا اثر پڑے گا، تو میں چاہتا ہوں کہ ہمارے منسٹر صاحب اس پہ بھی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> Justified بات ہے۔ جی آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب میناخان(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو مسٹر سپیکر، سب سے پہلے میں تاج بھائی کا جواب دوں گا اور اس کے بعد پھر میں محترم ہمایون صاحب اور انور خان صاحب کی بات کے اوپر بھی بات کروں گا۔ سر، انہوں نے جو بات کی ہے، بالکل ٹھیک بات کی ہے، یہ MDCAT ہوا تھا اور خوشی کی بات ہے کہ جس صوبہ میں آپ کی حکومت ہے اور KMU نے جو Test conduct کیا تھا، اس کے اوپر کوئی کوئسچن نہیں پڑا اور باقی تمام صوبوں کے اندر جو ٹیسٹ ہوئے تھے MDCAT کے، تو اس کے اوپر لوگ عدالت گئے اور وہاں پہ جو ہے وہ Acceptable نہیں ہوا لیکن بد قسمتی کی بات پھر یہ ہے کہ اسلام آباد میں جو لوگ ہائی کورٹ گئے تو ہائی کورٹ کا Decision ہے، یہ پراونشل گورنمنٹ کا Decision نہیں ہے، یہ ہماری اسلام آباد ہائی کورٹ کا Decision ہے، مجھے بھی بہت سے طلباء کے میسجز آتے رہے ہیں اور میں بھی چاہتا ہوں کہ میں طلباء کو Facilitate کروں کیونکہ انہی سے ہماری یہ حکومت بھی ہے، تو ان کا یہ جو Decision ہے کہ یہ جو چودہ Grace marks دیئے گئے ہیں، یہ Out of course چودہ کوئسچنز آئے تھے، تو ان کا Decision ہے کہ یہ مارکس آپ نے ان کو Grace marks کے طور پہ دینے ہیں، پھر ڈائریکشن یہ تھی کہ آپ نے نیا MDCAT ان کے لئے Re-arrange کرانا ہے اور جن سٹوڈنٹس کے جو Existing numbers ہیں، اگر اس سے زیادہ نمبرز لیں تو آپ وہ زیادہ نمبر Consider کریں، اگر اس سے کم لیں تو آپ موجودہ والے جو ہیں وہ کریں، تو اس لئے یہ کورٹ کا ایشو ہے، اس کے اندر ہم کچھ نہیں کر سکتے، یہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا Decision ہے اور سر، بالکل ان کو کورٹ جانا چاہیئے، اس کے اوپر سٹوڈنس کو جانا چاہیئے۔

جناب سپیکر: دیکھیں، آپ کے صوبے کے بچے متاثر ہوتے ہیں، ایک دوسری عدالت فیصلہ دیتی ہے، آپ اپنے ڈیپارٹمنٹ کو کہیں کہ اس کے Against کورٹ میں چلے جاؤ، ہمارے بچوں کو کیا ضرورت ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، ہم نے بالکل Being a government ٹیسٹ لیا ہے اور ہمارے ٹیسٹ کے اوپر کسی کو کوئی ایشو نہیں ہے اور وہ جو وہاں پہ سٹوڈنٹس گئے ہوئے تھے تو وہ سٹوڈنٹس متاثر ہوئے تھے، اس لئے وہ ہائی کورٹ گئے تھے، ہم چاہتے ہیں کہ وہی سٹوڈنٹس ہم سے جتنی Facilitation ہو گی Being a government ہم وہ کریں گے لیکن ان سٹوڈنٹس کا Right مجروح ہوا ہے، تو ان سٹوڈنٹس کو چاہیئے کہ وہ آگے کریں، ہم وہاں پہ ان کو Facilitate کریں گے۔ دوسرا، جو انور خان صاحب نے بات کی ہے، جو ہمایون خان صاحب نے بات کی ہے، تو واقعی ایسا ہوا ہے، یہ اس کے متعلق پہلا واقعہ نہیں ہے اور جب تک گورنر صاحب چانسلر رہیں گے تو یہ آخری واقعہ نہیں ہو گا۔ سر، میرے پاس بھی یہ نوٹی فکیشن ہے جو کہ گورنر سیکرٹریٹ سے نکلا ہوا ہے اور اس میں کوئی انیس بیس یونیورسٹیاں ہیں جن کا گورنر سیکرٹریٹ نے نوٹی فکیشن ایشو کیا ہوا ہے جس میں سنڈیکیٹ کے فورم کے لئے ممبرز لئے ہوئے ہیں، جس میں سینیٹ کا ایک فورم ہے جس کے لئے ممبرز لئے ہوئے ہیں، جس میں سلیکشن بورڈ، اور تین چار فورمز میں تو کنڈی صاحب بھی ہیں احمد کنڈی صاحب اور اس میں ارباب زرک صاحب کو ڈالا ہوا ہے، ایک سلیکشن بورڈ میں کوئی انقلابی ہے ان کی پارٹی کا، اس کو ڈالا ہوا ہے۔ جناب سپیکر، جب یونیورسٹی ایکٹ کے اندر

امنڈمنٹس آئیں تو مجھے لگا کہ انہوں نے جلد بازی کی کیونکہ ان فورمز کا دورانیہ کوئی تین سال ہوتا ہے، تو انہوں نے جلد بازی کے اندر یہ نوٹی فکیشن نکالا کہ چونکہ چانسلر تو ابھی As per law سی ایم صاحب نے ہونا ہے، تو یہ ہمارے بندے وہاں پہ Accommodate ہوں، نمبر ایک۔ نمبر دو، یہاں پہ گورنر کے پاس ایک ہی فورم ہے کہ وہ یہاں پہ لوگوں کو کھپا سکتا ہے، اپنی پارٹی کے لوگوں کو Accommodate کر سکتا ہے تو انہوں نے Accommodate کرنا چاہا اور اس کے اوپر ان کی پارٹی مردان کی تنظیم نے بھی شور کیا کہ نہیں یہ ٹھیک نہیں ہوا ہے، یہ غلط ہوا ہے۔ اب میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاؤس کے اندر احمد کنڈی صاحب بڑے متحرک اور آئین کے اوپر بڑا عبور رکھنے والے اور ہمیں بھی اکثر باشن دیا کرتے ہیں کہ آپ آئین کو نہیں جانتے، تو میں سمجھتا تھا کہ یہ تو آئین کی رو سے آئین اور آئین کے ساتھ جو ہے وہ بڑا ان کا Link ہے، تو یہ گورنر سیکرٹریٹ کو بھی سمجھائیں گے، یہ آئین کا آرٹیکل 105، میں آپ کو ذرا پڑھ کر سناتا ہوں، آئین کا آرٹیکل 105 کہتا ہے کہ:

"Subject to Constitution, in the performance of his functions, the Governor shall act [on and] in accordance with the advice of the Cabinet [or the Chief Minister]."

سر، یہاں پر بڑا Categorically لکھا ہوا ہے کہ گورنر پراونشل گورنمنٹ یا وزیر اعلیٰ صاحب کی سفارشات کے مطابق ایکٹ کرے گا، اب یہ جو نوٹی فکیشن نکلا ہوا ہے تو اس میں نہ تو سی ایم صاحب کی طرف سے کوئی سفارشات گئی ہیں، کوئی سمری گئی ہے اور نہ ہی پراونشل گورنمنٹ کی کیبنٹ کی طرف سے کوئی سفارشات یا سمری گئی ہے، لہذا یہ قانون اور آئین کی کھلی Violation ہے اور اس کے اوپر میں ایک ویڈیو بھی بنا چکا ہوں کہ یہ نوٹی فکیشن وقت، کاغذ اور سیاہی کے ضیاع کے آگے کچھ نہیں ہے اور نہ اس کی کوئی قانونی حیثیت ہے۔ سر، اس کے بعد نہ صرف یہ بلکہ اس کے علاوہ بہت سے ایسے مواقعوں پہ جو کہ یہ Constitution کا آرٹیکل 105 کہتا ہے کہ آپ گورنر نے ایکٹ کرنا ہے in accordance with the advice of the Chief Minister or the Government. جناب سپیکر، ہم نے ایک سمری کے اوپر بھیجا ہوا ہے، وہ سمری گئی ہے، اس سمری کے اوپر گورنر صاحب نے کسی اور کو نوٹی فکیشن کے لئے بھیجا ہے کہ آپ اس کو Notify کریں، Approve کیا ہوا ہے، ایک سمری Fifteen days تک گورنر صاحب اپنے ساتھ پارک کر سکتا ہے، وہ ایک ایک ماہ کے لئے پارک کرتے ہیں، اب ہماری یو ای ٹی (یونیورسٹی آف انجنیئرنگ ٹیکنالوجی) پشاور ہے سر، کوئی دو ماہ ہو گئے ہیں کہ اس کا پرو وائس چانسلر نہیں ہے، ہم نے کیس بھیجا، گورنر صاحب نے بہت ٹائم کے بعد واپس کیا، ہم نے دوبارہ بھیجا اور ابھی تک وہ وہاں پہ پڑا ہے اور یہاں پہ احتجاج ہو رہے ہیں، پھر بات ہوتی ہے کہ یونیورسٹیاں پرفارم نہیں کر رہیں، پراونشل گورنمنٹ، ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پرفارم نہیں کر رہے، تو سر، یہ بولنا تو بڑا آسان ہے لیکن اس Constitution کے مطابق اس کے ایک ایک آرٹیکل کے مطابق چلنا بڑا مشکل ہے۔ اسی طرح اس نوٹیفیکیشن سے ایک مہینہ پہلے ہزارہ یونیورسٹی میں سینیٹ اور سنڈیکیٹ کی Violation ہوئی آرٹیکل 105 کے تحت، اسی طرح ہری پور یونیورسٹی میں کی،

بنوں یونیورسٹی میں کی، تو سر، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہمیں فکر ہے اور میں Assure کراتا ہوں ہاؤس کو، کہ اس نوٹی فکیشن کی کوئی حیثیت نہیں ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ عنقریب وہ جو امنڈ منٹس ہیں وہ بھی گزٹ ہو جائیں گی اور آئین کا جو وضع کردہ طریقہ کار ہے، اس کے مطابق Best لوگ اپنی پوزیشن میں سنڈیکیٹ، سینیٹ یا سلیکشن بورڈ کے اندر آئیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بہت شکریہ سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی نثار باز صاحب، آپ اس بات پہ۔ اچھا جی، احمد کنڈی صاحب کا مائیک On کریں۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: سر، محبت کا جواب تو دیں گے ناں، اس طرح تو نا کریں ناں، خاموش رہتے ہیں تاکہ آپ کے وقت کا ضیاع نہ ہو لیکن جہاں پہ ہمیں اپنا مؤقف دینا ہوتا ہے وہ ضروری سمجھتے ہیں۔ سر، ایک تو مجھے خوشی ہوئی ہے کہ آج اس ہاؤس میں ڈسکس ہوا ہے کہ بھئی یار! کسی پولیٹیکل پارٹی کے لوگ ایڈجسٹ ہوئے ہیں، مجھے تو ہمیشہ خوشی ہوتی ہے جب سیاسی کارکن کہیں پہ ایڈجسٹ ہو رہے ہوں تو ہمیں دلی خوشی ہوتی ہے، میں تو کہتا ہوں جو اسی طرح چیف منسٹر صاحب بھی، مینا خان صاحب بھی اگر ان میں Capacity ہے، کیوں آپ ان کو اچھوت بناتے ہیں کہ بھئی پولیٹیکل پراسیس میں اگر ایک بندہ شامل ہے تو کیا وہ Serve نہیں کر سکتا؟ اور ان شاء اللہ ہم Claim کرتے ہیں کہ ہم بہت لوگوں سے بہتر ہیں اور اپنی Improvement مزید بھی لائیں گے اور جن جن کو انہوں نے Nominate کیا ہے، میں کہتا ہوں Wish you best of luck, all to them اور وہ اپنا Role play کریں جن کی جدھر جدھر Nomination ہے، اگر زرک صاحب کی ہوئی ہے، میرے لئے بھی بڑا Challenging job ہے، اگر میرے اوپر انہوں نے اعتماد کیا ہے کسی یونیورسٹی کی سینیٹ یا سینڈیکیٹ میں اور میرے خیال میں ابھی تک وہ چانسلر ہیں، وہ Nominate کر سکتے ہیں۔ جہاں تک مینا خان صاحب نے بات کی آرٹیکل 105 کی، تو میں تو بڑا خوش ہوتا ہوں جب یہاں پہ Constitution کے آرٹیکل کے اوپر ڈسکشن ہو، ایک Academic debate ہو لیکن جناب سپیکر، میرا ایک مشورہ ہمیشہ رہتا ہے، میں خود بھی پولیٹکس کا طالب علم ہوں اور اپنے آپ کو Constitutionalist کہتا ہوں اور اس کے علم میں، تحقیق میں مزید کوشش کرتے رہے اور جب تک آپ Constitution کو Holistically نہیں پڑھیں گے تو آپ کو Constitution کی سمجھ نہیں آئے گی، ہمارے کئی Colleagues جو ہیں وہ ریفرنس تو دے دیتے ہیں لیکن اس کو اگر Holistically پڑھ لیں جو بھئی اس کو مختلف شقوں کے ساتھ، 105 کا جو انہوں نے حوالہ دیا ہے، وہ بالکل انہوں نے ٹھیک کہا ہے کہ گورنر اس کی ایڈوائس کے مطابق کرے گا لیکن آرٹیکل 48 جو کہ پریزیڈنٹ اور نیشنل اسمبلی کے حوالے سے ہے جو کہ گورنر اور پراونشل اسمبلی کے اوپر لاگو ہوتا ہے، تو میری گزارش یہ ہو گی کہ آرٹیکل 48 کو اگر آپ پڑھ لیں، جس میں میں لمبا نہیں جانا چاہ رہا، آپ آرٹیکل (2)48 پڑھ لیں، President to act on advice, etc وہ کہتا ہے:

"Notwithstanding anything contained in clause (1), the President shall act in his discretion in respect of any matter in respect of which he is empowered by the Constitution to do so"

اب مجھے یہ بتائیں اس میں انہوں نے صدر کو مکمل اختیار دیا ہوا ہے، جہاں پہ Constitution اس کو Empower کرتا ہے، یہی آرٹیکل 48 جو ہے پراونس پہ لاگو ہوتا ہے اور یہاں پہ Replace ہوتا ہے Under Article of the Constitution ، گورنر کے لئے بھی یہی Discretion ہے اور اس کے لئے Discretionary powers، ہیں وہ اپنے Discretion میں کر سکتا ہے، یہ ایک ڈیبیٹ ہے، اس کے اوپر بھی ہم بیٹھ سکتے ہیں، اگر ان کا یہ خیال ہے کہ جو نہیں کر سکتا تو Let's start a debate on it اس پہ بھی چلے جاتے ہیں، آپ کمیٹی میں اپنے اٹارنی جنرل لے آئیں، ہم بھی آ جاتے ہیں، بحث کر لیتے ہیں اور میں تو خوش ہوتا ہوں، ہم تو کہتے ہیں یہ فکری، نظریاتی، ایک تحقیقی لڑائی ہے، اختلاف رائے کے آداب رکھیں گے اور اس کے اوپر بیٹھ کر کریں گے، کہیں پہ آپ کو راستہ دیں گے، کہیں پہ آپ ہمیں راستہ دیں گے، جب Logic ہو گا تو راستہ نکلے گا۔ میں آفتاب صاحب کا بے حد مشکور ہوں حالانکہ اگر آج یہ چاہتے، ان کے پاس اکثریت تھی، ایک منٹ میں یہ بلڈوز کر سکتے تھے، ان کے پاس اختیار تھا، By God میں بحیثیت سیاسی کارکن ان کا بے حد مشکور ہوں جو انہوں نے اس چیز کو Accept کیا کہ بھئی جو امنڈمنٹ ایکٹ ہے اس پر ہم ڈیبیٹ کر لیتے ہیں۔ جناب سپیکر، آج یہ منصب ہے یا ہم جو یہاں پہ ان کرسیوں پہ بیٹھے ہیں، یہ ایک انسانی تاریخ کی ایک لمبی تحقیق اور فکری نشستوں کے بعد آ کر یہاں پہ بیٹھے ہیں اور ہم چاہتے ہیں یہ ڈیبیٹ ہو Academically ، میرے نمائندے ہیں، آپ کے نمائندے ہیں، آپ آ جائیں گے تو آپ اپنے نمائندے لگا لیں، اگر آپ اتنی بڑی ایک سو تیس (130) والی صوبائی حکومت کے نیچے صرف یہ سینیٹ اور اس میں پریشان ہو رہے ہیں، تو خیر اگر آپ کہیں گے تو ہم Withdraw کروالیں گے، کوئی ایشو نہیں ہے، اگر اس وجہ سے مینا خان صاحب کو تکلیف ہے تو میری گزارش، میں وہی کہتا ہوں میں تو خوش ہوتا ہوں، یہ کیوں آپ اس کو Politicize کرتے ہیں کہ ورکروں کو نوازنا، اگر ورکرز میں Capacity ہے Introduce him and give him a challenge, let him accept the challenge، کرنے دو اس میں اگر اس کی Capacity ہے، ورکر کا کیا مطلب ہے؟ ورکر نہیں ہو سکتا، میں تو کہتا ہوں پولیٹیکل پارٹیز کو اپنے ورکروں کے اوپر Depend کرنا چاہیئے، اگر ان میں Capacity ہے۔ اور آخر میں میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے میری ناچیز کی رائے لی اور مجھے وقت دیا۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب مینا خان صاحب۔ (شور)

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: نہیں نہیں، Respond کرنا ضروری ہے، نہیں نہیں، جب آپ Un constitutional کام کریں گے اور اس کے اوپر آپ Depend کریں گے تو پھر تو Respond کرنا بڑا ضروری ہے۔ اب سپیکر صاحب، بھلا جو ہے وہ کریں، لیکن جس آرٹیکل کا انہوں نے ذکر کیا ہے، یہ بالکل بھی پراونس کے اوپر نہیں آتا بلکہ آرٹیکل 148 کا Heading ہے کہ President to act on advice etc. This is for President اور اب آپ آرٹیکل 105 پہ جائیں، وہاں پہ کیا لکھا ہوا ہے؟ ذرا پڑھیں، آرٹیکل 105 کے اوپر لکھا ہوا ہے_ Governor to act on advice etc. This means Article 48 is for

Under President and Article 105 is for Governor،وہ وہاں پہ ایکٹ کرے گا، گورنر اس کے act کرے گا، پراونس اس کے Under آئے گا، پریذیڈنٹ کا وہاں پہ فیڈرل گورنمنٹ میں آئے گا، یہ بڑا Categorically لکھا ہوا ہے، اگر Constitution کے اندر جیسے پریذیڈنٹ کے لئے Second proviso کے اندر لکھا ہوا ہے تو وہاں پہ بھی یہ Mention کرتے، لہذا یہ اگر ہوتا تو یہ Proviso تو آرٹیکل 105 کے Under بھی آتی، یہ اسی لئے آرٹیکل 105 کے Under نہیں ڈالا گیا کہ یہاں پہ آپ نے کرنا ہے In accordance with the advice of Provincial Government or Chief Minister. سر، اس کے علاوہ ہمارا جو یونیورسٹی ماڈل ایکٹ ہے، یونیورسٹی ماڈل ایکٹ کو اگر میرے پیارے بھائی نے پڑھا ہو تو وہاں پہ وہ آرٹیکل 48 کا ذکر نہیں ہے، ایکٹ کے اندر بڑا Categorically آرٹیکل 105 کا ذکر ہے، وہاں پہ لکھا ہوا ہے کہ گورنر نے آرٹیکل 105 کے مطابق Advice لینی ہے اور اس کے مطابق ایکٹ کرنا ہے جو پراونشل گورنمنٹ اور چیف منسٹر کہیں۔ آپ نے ورکرز کی بات، تو سر، انہی ورکرز سے یہ اسمبلی ہے، پولیٹیکل ورکرز سے یہ سارا سسٹم ہے اور ہم ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، بلکہ امریکہ میں ایک سسٹم ہے کہ جو بھی گورنمنٹ آتی ہے، اس کو کوئی نام لیتے ہیں، اس کا میں بھول گیا ہوں، وہ پریذیڈنٹ اپنے ساتھ وہ کچن کیبنٹ میں وہ لوگ لیتے ہیں Other than the assembly لیکن سر، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جب آپ کا اختیار جانے لگے اور اسے آپ ایک ہفتہ پہلے تمام انیس (19) یونیورسٹیوں کے وہ لوگ اکٹھے کریں، جیسے انور خان صاحب نے کہا کہ ایک بندہ ہے اور وہ تحصیل کا چیئرمین ہے یا شاید وہ ہار بھی چکا ہے اور اس کو آپ لے لیں اور اس طرح وہ سلیکشن بورڈ کے اندر جہاں پہ Proviso ہی نہیں ہے کہ آپ ایسے لوگ لے سکتے ہیں، وہاں پہ بھی آپ پروفیسر کی سلیکشن کے لئے، لیکچرار کی سلیکشن کے لئے، ان کی پروموشن کے لئے ایسے لوگوں کو بٹھائیں تو میرے خیال میں پھر ایسی زیادتی ہو گی۔ بہت شکریہ سر۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ جی، نثار باز صاحب، ویسے میں آپ کو ایک بات بتاؤں۔۔۔۔

جناب محمد نثار: سر، آپ ہمیں ٹائم نہیں دیتے۔

جناب سپیکر: نہیں جی، میں وہی قرارداد لے رہا ہوں، آپ پیش کر دیں۔ نثار باز، ٹھہریں، یہ لے لیں جی، یہ خفا ہو جاتے ہیں پھر۔

جناب محمد نثار: سپیکر صاحب، میں اتنا بتانا چاہتا ہوں، میں تو یہی آپ سے سوال کر رہا تھا کہ ہاؤس میں کوئی ایسا بندہ تو نہیں رہ گیا ہے بات کرنے سے جس کے بعد میں بطور کسٹر بات کر سکوں۔

جناب سپیکر: بس میرے لئے آپ سارے ایک ہی جیسے ہیں۔

جناب محمد نثار: ہر کوئی بیچ میں اٹھتا ہے اور ہر کوئی بیچ میں سے بولتا ہے، یہ تو عجیب معاملہ ہے۔

جناب سپیکر: Rule relax کریں، بس اس کام کو مکائیں، Rule relax کرائیں ناں، مائیک On کریں جی۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Ajmal Khan: Thank you, Mr. Speaker. I wish to move that rule 124 may be suspended under rule 240 of the Provincial Assembly of Khyber

Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 and allow me to move a resolution in the House, please.

Mr. Speaker: The motion before the House is that rule 124 may be suspended under rule 240 and allow the honourable Member to move the resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the rule is suspended.

جی قرارداد لے لیں جی۔

Mr. Ajmal Khan: Thank you Sir.

جناب سپیکر: یہ جوائنٹ ریزولیوشن ہے؟

جناب اجمل خان: جی جی، یہ جوائنٹ ریزولیوشن ہے۔

قراردادیں

جناب اجمل خان: جناب سپیکر، میں یہ قرارداد پیش کر رہا ہوں اور اس پہ ممبران اسمبلی کے Sign ہیں، اس پہ میرا Sign ہے PK-21، PK-21، انور زیب خان PK-20، ارشد عمرزئی PK-63، محمد عارف PK-66، اکبر ایوب PK-46 اور دیگر ہمارے ساتھی ان کے ساتھ منسلک ہیں۔

بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ قرارداد: ہرگاہ واضح ہو کہ سال 2016 سے لے کر 2018 میں قبائلی علاقوں کے انضمام تک اتفاق رائے کی روسے یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ان علاقوں کی پسماندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقے کی ترقیاتی ضروریات اور ترجیحات پر مشتمل ایک دس سالہ منصوبہ تشکیل دیا جائے گا اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے لئے دس سال تک قابل تقسیم قومی محاصل Federal divisible pool کا کم از کم تین فیصد خصوصی گرانٹ کے طور پر دیا جائے گا۔ مرحوم سرتاج عزیز صاحب کی سربراہی میں قائم کمیشن کی سفارشات کو وفاقی کابینہ اور پارلیمنٹ نے بھی منظور کیا جس کے نتیجے میں پچیسویں آئینی ترمیم کے ذریعے فاٹا انضمام کا قانونی عمل مکمل کیا گیا۔ اس قومی اتفاقی رائے کے پیش نظر حکومت خیبر پختونخوا نے Ten years development plan بنایا اور تیز رفتار عمل درآمد پروگرام Accelerated Implementation Program (AIP) کے نام سے اس کی منظوری دی تاکہ ان علاقوں میں موجود احساس محرومی کا ازالہ کیا جا سکے۔ اس منصوبے کو عملی جامع پہنانے کے لئے نہ تو وفاق اور نہ کسی دوسرے صوبے نے پورا حصہ ڈالا، بلکہ صوبہ خیبر پختونخوا نے اپنی طرف سے اس منصوبے پر بھرپور کام کیا اور اپنا حصہ ڈال کر اپنی ذمہ داری پوری کی۔ وفاقی حکومت اور دیگر صوبائی حکومتوں کی عدم دلچسپی کے نتیجے میں ان علاقوں میں احساس محرومی، بے چینی اور اضطراب میں کمی ہونے کے بجائے تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے، یہ کہ پچیسویں آئینی ترمیم سے قبل این ایف سی کے تین پرسنٹ، تین فیصد حصہ کے حساب سے اس وقت کے بجٹ میں سو ارب روپے بنتے تھے جو وعدہ کیا گیا تھا کہ قبائلی اضلاع کی پسماندگی اور محرومیوں کو دور کرنے کے لئے پیکج دیا جائے گا جو کہ دس سال پر محیط ہو گا لیکن اپنے وعدے کے برخلاف وفاقی حکومت نے این ایف سی کے تین فیصد کے بجائے

سوارب روپے کو دس سال کے لئے مختص کیا گیا، حالانکہ 2018 کے بعد سالانہ بجٹ میں تین فیصد فی سال سوارب سے کئی زیادہ رقم بنتی ہے جو کہ صرف سال 25-2024 کی این ایف سی کے تین فی صد کے حساب سے اور تناسب سے 223ارب بنتے ہیں، اگر سوارب روپے کا حساب بھی لگایا جائے تو اب تک وفاق کے ذمے AIP کی مد میں سات سوارب حسب وعدہ بنتے ہیں جس میں سے وفاق نے صرف 132.1 ارب روپے ادا کئے جبکہ 567.9ارب تاحال بذمہ وفاق واجب الادا ہیں۔ اس طرح قبائلی علاقوں کے عوام کی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیوں اور نقصانات کو مدنظر رکھتے ہوئے War on terror کی مد میں ایک فیصد رقم بھی اضافی بقایا رقم وفاقی حکومت کے ذمہ واجب الادا ہے۔ اس طرح تنخواہیں اور پنشن کی مد میں وفاقی حکومت کی جانب سے سالہا سال اضافے کے باوجود وفاقی حکومت نے قومی اضافی رقم مختص نہیں کی، جس میں صوبے نے ابھی تک اپنی طرف سے 77.4ارب روپے کا اضافی بوجھ اٹھایا ہے۔ مزید یہ کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام ADP کی مد میں وفاقی حکومت کی جانب سے مختص شدہ رقم 174ارب سے اب تک 130 ارب تک ادا کئے گئے ہیں جب کہ 44ارب روپے تاحال بذمہ وفاق واجب الادا ہیں۔ ساتویں این ایف سی جو کہ انضمام کے بعد زائل ہو چکی، کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کا حصہ 14.62 فیصد بنتا تھا جو انضمام کے بعد صوبہ کا حصہ 19.46 فیصد بنتا ہے، اس حساب سے اگر ہم اضافی این ایف سی حصہ 4.84 فیصد مزید شامل کریں تو یہ رقم صرف ایک سال یعنی 25-2024 کے لئے 360ارب روپے سے زیادہ رقم بنتی ہے لیکن وفاقی حکومت نئے این ایف سی کرنے سے انکاری ہے جس کے نتیجے میں قبائلی اضلاع کے لوگوں کی حق تلفی ہو کر ان کی مشکلات اور محرمیوں میں مزید اضافہ کیا جارہا ہے۔ اندریں بالا یہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا سمجھتی ہے کہ ہم من حیث القوم اس بے چینی اور اضطراب کے متحمل نہیں ہو سکتے اس لئے یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت اور تمام صوبائی حکومتوں سے یہ مطالبہ کرتی ہے کہ انضمام کے وقت کئے گئے وعدوں اور فیصلوں پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے وفاق اور دیگر صوبوں کے ذمہ واجب الادا رقم جلد از جلد ادا کی جائے، این ایف سی کے تین فیصد حصہ کے مطابق سالانہ بجٹ کے حساب سے واجب الادا رقم ادا کی جائے، انضمام کے بعد اضافی این ایف سی حصہ صوبہ خیبر پختونخوا 4.84 فیصد کے حساب سے واجب الادا رقم ادا کی جائے، War on terror کی مد میں واجب الادا رقم ادا کی جائے، نیا این ایف سی جلد سے جلد کی جائے، ضم شدہ اضلاع میں موجودہ بے چینی اور اضطراب کا ادراک کیا جائے، ان اضلاع کی ترقیاتی ضروریات کے لئے درکار وسائل کی فوری اور بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، پہلے اقدام کے طور پر وفاق اور صوبائی حکومتیں قابل تقسیم قومی محاصل Federal divisible pool کا تین فیصد میں اپنا پورا حصہ فراہم کرے۔ مزید یہ کہ تمام صوبے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا وعدہ پورا کریں اور تین فیصد این ایف سی Divisible Pool کے حساب سے صوبہ خیبر پختونخوا کو مہیا کریں تاکہ قبائلی اضلاع کی احساسی محرومی کو دور کر کے ملک کے دیگر ترقیاتی علاقوں کے برابر لایا جائے۔ تھینک یو سر۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it; the resolution is passed unanimously.

جناب نثار باز، ریزولیوشن پاس ہو گئی، بڑی Comprehensive resolution ہے۔ اجمل خان، ریزولیوشن ہو گئی، آپ ریزولیوشن پہ کیا بحث کریں گے؟

(شور)

جناب محمد نثار: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، Rule relaxed ہے، میں اپنی قرارداد آپ کے سامنے پڑھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ قرارداد پڑھ لیں۔

جناب محمد نثار: ہر گاہ کہ MDCAT test اسلام آباد کے طلباء کو چودہ اضافی نمبرز دینے سے صوبہ خیبر پختونخوا کے تین سو طلباء میرٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ یہ کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد MDCAT test پر شفافیت کے حوالے سے مختلف سوالات پیدا ہوئے ہیں، یہ شفافیت طلباء و طالبات کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ یہ کہ اسلام آباد کے طلباء کو Grace marks دینے سے خیبر پختونخوا کے طلباء میں پہلے سے احساس محرومیاں مزید بڑھ گئی ہیں اور ان طلباء کی حق تلفی ہوئی ہے کیونکہ Grace marks صرف ایک صوبے کا حق نہیں، ایک ہی ملک میں دو الگ قسم کا قانون اور طریقہ کار سمجھ سے بالاتر ہے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ MDCAT test میں اسلام آباد والوں کو جو اضافی نمبرز دیئے گئے ہیں، Grace marks، ان کو فوری طور پر ختم کیا جائے اور اس کے لئے صوبائی حکومت فی الفور اقدامات اٹھائے، نیز خیبر پختونخوا میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کی سیٹیں بڑھائی جائیں اور تیمرگرہ میڈیکل کالج کو اس سال داخلوں کے لئے کھولا جائے۔

جناب سپیکر، اس قرارداد میں میرے ساتھ دیگر Colleagues بھی شامل ہیں، جناب احمد کنڈی صاحب، جناب اعجاز احمد صاحب، جناب احسان اللہ میاں خیل صاحب، جناب عدنان وزیر صاحب اور محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ اس قرارداد میں میرے ساتھ شامل ہیں۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ اچھا آنریبل منسٹر صاحب، یہ جو قرارداد ہے، یہ صوبائی حکومت تو اس میں کچھ نہیں کر سکتی، یہ چونکہ آگے آنریبل منسٹر نے بیان کیا تو اس سے تھوڑے الفاظ چینج کر دیں اس کے کیونکہ انہوں نے کہا کہ یہ کورٹ کا Decision ہے۔

جناب مینا خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): Yes Sir. یہ ہائی کورٹ کا Decision ہے اور یہ Decision ہائی کورٹ نے دیا ہے۔

جناب سپیکر: ہاں، تو پھر اس کو کیسے۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ تو I don't know، تو اس کا پھر کیا ہو سکتا ہے؟ یہ ہے کہ جو متاثرہ سٹوڈنٹس ہیں وہ اس کے Against جا سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی نثار باز۔

جناب محمد نثار: آپ طلباء کو سپورٹ نہیں کر سکتے، ان کو Facilitate نہیں کر سکتے؟

جناب احمد کنڈی: میری گزارش یہ ہے کہ ہم ایک یونٹ ہیں، ہمارے Already بچوں کے ساتھ ایک زیادتی ہوئی ہے اور ایک ریجن میں ان کو پندرہ نمبرز زیادہ دیئے ہیں، یہ جو پورے ملک میں ان کا Competition ہوتا ہے، ایک ایک نمبر پہ سینکڑوں کی تعداد میں لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، اگر وہ چودہ نمبرز دیتے ہیں تو ہائی کوٹ نے اگر کوئی Decision کیا ہے، تو میری گزارش یہ ہو گی کہ پراونشل گورنمنٹ اس Decision کے Against اپیل کے لئے سپریم کورٹ میں اور فی الفور جائے، یہ سٹوڈنٹس کے اوپر یا یہ عوام کے اوپر تو نہیں چھوڑنا چاہیئے، اگر میرے صوبے کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے تو ہمیں اسے Own کرنا چاہیئے۔

جناب سپیکر: یہ بات ویسے کافی حد تک مجھے درست لگتی ہے کہ اس پہ ڈیپارٹمنٹ کو کورٹ میں جانا چاہیئے، اس قرار داد میں آپ وہ کریں تو اس کو ہم لے لیں گے، اس میں اضافہ کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس کے اوپر میں بات کروں؟

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ ذرا ایک چیز سمجھنے کی ضرورت ہے کہ خیبر پختونخوا کے Related نہیں ہے، میجارٹی خیبر پختونخوا متاثر ہوا ہے لیکن MDCAT کے اندر کوئی بھی سٹوڈنٹ کسی بھی صوبے کے کسی بھی سنٹر کے اندر Apply کر سکتا ہے اور وہاں سے ٹیسٹ دے سکتا ہے، Like Punjab کا کوئی سٹوڈنٹ ہے اور اس نے پشاور کے اندر Apply کیا ہوئی ہے تو وہ یہاں سے ٹیسٹ دے سکتا ہے یا خیبر پختونخوا کا کوئی سٹوڈنٹ ہے اور اس نے اسلام آباد کے اندر Apply کی ہوئی ہے تو وہ وہاں سے ٹیسٹ دے سکتا ہے، تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہاں کے ساروں کو فائدہ ہوا یا ہمارے سارے والوں کو نقصان ہوا، یہ بھی Possible ہے کہ ہمارے خیبر پختونخوا کے سٹوڈنٹس نے اسلام آباد کے اندر ایڈمیشن لیا ہو اور وہ پارٹی بنے ہوں اس چیز کے اندر ہائی کورٹ میں، اور ان کو اس سے فائدہ ہوا ہو، تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے، ہمارے بھی بہت سے سٹوڈنٹس کو، تو Being a government ہم نے تو Both parties جو Facilitate ہوئیں، اب اس میں ایسے بھی ہیں جو Facilitate ہوئے ہیں اور انہوں نے مجھے میسجز کئے ہیں کہ جی آپ اس چیز کو نہ لے کر جائیں، اس سے تو ہم Suffer ہوں گے، لہذا اچھا یہ ہے کہ کنڈی صاحب یا نثار باز صاحب Personal capacity میں سپریم کورٹ میں جائیں یا وہ سٹوڈنٹس جائیں اور ہم سے جتنی بھی Facilitation ہوئی، سب کو Equally treat کرنے میں ہم Facilitate کریں گے ان شاء اللہ وتعالیٰ۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری Simple سی گزارش ہے، دیکھیں بات یہ ہے کہ کس اتھارٹی کے نیچے انہوں نے Grace marks دیئے ہیں، ہم تو اس اتھارٹی کو مانتے نہیں ہیں کہ جس نے Grace marks دیئے ہیں، ہم کہتے ہیں کہ یہ Ultra vires ہے، Illegal ہے، یہ Grace marks دے کر اگر میرے پراونس کے لڑکوں کو اسلام آباد میں بھی دے دیئے ہیں اور ان کے ساتھ اگر کسی Illegal طریقے سے ان کی Favour بھی ہوئی ہے تو میں کہتا ہوں گورنمنٹ اس کے اوپر اپنی Deliberation کرے، اگر آپ کو یہ Grace marks والا اقدام ٹھیک لگتا ہے تو آپ ان کے ساتھ کھڑے ہو جائیں اور اگر آپ کو یہ Grace marks والا اقدام ٹھیک نہیں لگتا، تو MDCAT میں ایک ایک پوائنٹ کے اوپر لوگ سالہا سال محنت کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: کنڈی صاحب، یہ Grace marks عدالت نے دیئے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میری گزارش یہی ہے، وہی کہہ رہا ہوں ناں کہ اگر ایک۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو کوئی عدالت جائے گا ناں۔

جناب احمد کنڈی: سر، میری گزارش وہی ہے کہ اگر کسی عدالت نے کسی سنٹر میں Grace marks دے دیئے ہیں تو اس کے خلاف اپیل تو ہو سکتی ہے، اگر ڈیپارٹمنٹ مطمئن ہے کہ Grace marks انہوں نے ٹھیک دیئے ہیں تو جس بنیاد پر Grace marks دیئے گئے وہ بنیاد ہم سمجھتے ہیں ٹھیک نہیں ہے، کھو کھلی ہے، خدارا اس پہ پراونشل گورنمنٹ اپنا مؤقف کلیئر کرے کہ آپ Grace marks دینے والوں کے ساتھ ہیں یا اس کے خلاف ہیں؟ آپ اس بات کو چھوڑ دیں کہ جو بھئی یار! آپ کا سٹوڈنٹ کہاں پہ Effect ہو رہا ہے، کہنے کا مقصد یہ ہے میرا، تھینک یو۔

جناب سپیکر: ہم اس کو نہیں لیتے ہیں، اس کو پینڈنگ کرتے ہیں جی، ابھی اس قرارداد کو نہیں لیتے، ٹھیک ہے اس پہ یہ Debatable وہ ہے، نثار باز صاحب، یہ Debatable وہ ہے، اگر میں اس Controversial چیز کو لے لوں تو پھر کل کو سب کو پرابلم میں نہیں ڈال سکتا، تو اس پہ Deliberation ہو جائے گی، آپ بیٹھ جائیں جی، اس پر آپ منسٹر لاء اور منسٹر ہائر ایجوکیشن کے ساتھ بیٹھیں، اس کو Rewrite کریں اور اس کے بعد ہم دوبارہ اس کو اگلے اس میں لے لیں گے۔ تو This is kept pending. اچھا آپ کچھ کہنا چاہتے تھے جی، آپ بھی بات کرنا چاہتے ہیں، پہلے اجمل خان بات کریں گے، یہ پہلے بھی خفا ہو گئے تھے۔ یہ اجمل خان کی ریزولیوشن لے لیتے ہیں، جی اجمل خان صاحب۔

جناب اجمل خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ہم قبائل باجوڑ سے لے کر وزیرستان تک ایک مشکل اور تاریخی دور سے گزر رہے ہیں، قبائلی بیلٹ میں ایک غیر یقینی صورتحال ہے، ہم قبائل ایک طرف تو بنیادی ضروریات اور سہولیات سے دور ہیں، وہاں غربت ہے، وہاں بے روزگاری ہے، بچوں میں خوراک کی کمی ہے، صحت، تعلیم، پانی، بجلی، گیس، روڈز کا نہ ہونا اور دوسری طرف سے لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارے گلے ہیں، ہمارے شکوے ہیں اور ہم حق بجانب ہیں، جب Merger ہو گیا تو ہم بڑے خوش تھے کہ اب ہمارے دیرینہ مسائل

حل ہوں گے لیکن بد قسمتی سے ہمارے ساتھ جو وعدے کئے گئے تھے وہ پورے نہ ہو سکے اور اس پہ کچھ بھی عمل درآمد نہیں ہوا، نہ FATA reforms implementation، اب ہم نے جو قرارداد پیش کی کہ ہمارا این ایف سی میں جو تین فی صد حصہ ہے وہ اب تک نہیں ملا تو جناب سپیکر صاحب، یہی ہمارے مسائل کا حل ہے اور یہی ہمارے امن، ہمارے استحکام اور ہماری ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے۔ جناب سپیکر، آپ، یہ ایوان، یہ اسمبلی، سب اس میں اپنا کردار ادا کریں اور سی ایم صاحب Committed ہیں، لاء منسٹر صاحب نے اس میں میری بڑی Help کی اور بڑی محنت کی اور سب چیزیں ٹھیک کر کے آپ کی اس اسمبلی میں پیش کیں، تو سی ایم صاحب بھی چاہتا ہے کہ قبائل میں امن ہو اور قبائل ترقی کریں، وہ بھی اپنا کردار ادا کرے گا، قبائل کو بھی اعتماد میں لیا جائے، ان کی محرومیاں دور کریں، یہی ہمارے قبائلی ممبران کی بھی بات ہے، یہی اس اسمبلی کے ممبران کی بھی بات ہے سر، اس پہ غور ہونا چاہیئے اور ہمیں اپنا حصہ ملنا چاہیئے، سینیٹر اورنگزیب خان سامنے بیٹھا ہوا ہے، اس نے پہلے جب وہ سینیٹر تھا، ابھی تو ہمارے ایوان کا ممبر ہے، انہوں نے اس پہ کام کیا ہے اور سینیٹ میں بھی یہ بل پاس کیا ہے۔ تو سر، آپ سے یہ گزارش ہے کہ وفاق اور دوسرے صوبوں، پنجاب، سندھ اور بلوچستان کو خط بھیجیں، یہ ہماری قرارداد بھیجیں تاکہ وہ ہمیں اپنا حصہ دیں اور ہمیں مزید پریشانی اور تکلیفوں سے دور کریں۔ تھینک یو، شکریہ سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> اورنگزیب صاحب۔

<u>جناب اورنگزیب خان:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر، تاسو یو خبره اوکړه، اجمل صاحب چې کله قرارداد پاس کړو نو تاسو ورته اووئیل چې تا خو ډیر ډیټیل سره قرارداد پاس کړو، نو په دې باندې مزید د خبرو ضرورت نشته۔ سپیکر صاحب، د افسوس خبره خو دا ده چې دا قرارداد لکه څنګه چې اجمل صاحب وئیلی وو او دا ما په 2019 کښې As a Parliamentary Leader ex-FATA دا ما پاس کړے وو او په بهاری اکثریت سره اپوزیشن او ګورنمنټ پاس کړے وو۔ سپیکر صاحب، کله چې د فاټا د Merger خبرې شروع شوې نو په ټول فاټا کښې واحد یو زه ممبر ووم چې ما په سینیټ کښې د دې مخالفت کړے وو، هغه مو ځکه کړے وو چې مونږ په دوئ باندې شک وو چې د دې خلقو چې کوم د دې قبائلو په څه شی نظر دے، د قبائلو خو Seven districts دی، په دیکښې خو زما کور دے، په پښتو کښې متل دے چې "ړوند په خپل کور ښه پوهیږی نه چې سترګه ور" زمونږ خو کور وو، مونږ خو پوهیدو کنه، نو جناب سپیکر، بیا ډیر بحث و تکرار نه بعد د اتوار په ورځ باندې دا بل دوئ پاس کولو، نو چې څه ممبران کم وو نو هغوی ئې د هیلی کاپټر په ذریعه راوستل او په زور ظلم او په زبردستئ دا بل مونږ باندې پاس کړو۔ نو سپیکر صاحب، هغې نه بعد چې کومې ځومره هم وعدې شوې وې، هغه دومره شنه باغونه وو چې مونږ وئیل چې یار زر تر زره هغه خلق څه ناپوهه وو، هغوی هم په دې فاټا ممبرز کښې هم داسې خلق وو چې هغوی د قبائلو

سره ظلم اوکړو، یو داسې تندر ئې پرې رااوغورزولو چې نه مونږ قبائل پاتې شو او نه صوبه کښې ضم شو، مخکښې هم دا خبره ما کړې وه، په دلدل کښې پهنساؤ کړو. نو سپیکر صاحب، دا قراردادونه خو مونږ پاس کوؤ خو پته نه لګی چې بیا وربانديې ولې عمل نه کیږی؟ ایکس فاټا لکه څنګه سرتاج عزیز صاحب الله دې اوبخښی هغه په دنیا کښې نشته، د هغه نګرانئی کښې چې کله دا کمیټی جوړه شوه نو تاسو ته پته ده چې سپیکر صاحب! په هغه ټائم کښې پی اے راج وو، پولیټیکل ایجنټس په قبائلو باندې، نو هغه خلق، هغه غدار خلق چې هغه په دوه سوه، درې سوه خلقو باندې مشتمل وو، هغوی به ئې رااوغوښتل او هلته به ئې مطلب دا دے چې ریکارډ مخکښې دغه کړو چې قبائل ټول پرې راضی دی، حالانکه قبائل چې کوم دے هغه د ایک کروړ نه د پاسه دی، هغه Ignore شو، د سو دو سو خلقو فیصله ئې اومنله، نن د هغې دا نتیجه ده سپیکر صاحب! چې حق نه ورکوی، تین پرسنټ نه ورکوی. هغې نه بعد د قبائلو چې کوم معدنیات دی هغې باندې نظر دے، ټول نظام ئې راته Disturb کړو. سپیکر صاحب، مونږ دا حق په یو حالت کښې هم نه پریږدو، چې څه رنګه ئې قرارداد پاس کړے دے، څه رنګه ئې دا علاقې ضم کړې شوې دی، په کومو شرائطو شوې دی، دا به راته پورا کوی، که پورا ئې نه کړې نو جناب سپیکر صاحب، مونږ دې خبرې ته محتاج یو، د همکی نه ورکوؤ، حالانو مجبوره کړی یو چې مونږ دا قبائل به داسې یو فیصله کوؤ چې بیا به په ټوله دنیا کښې داسې یو طاقت به نه وی چې هغه به کنټرول کړې. مونږ خو هغه خلق یو چې د پاکستان د پاره مونږ دومره بې تحاشه قربانیانې ورکړې دی چې د هغې دنیا کښې مثال نه ملاویږی، د هغې نن مونږ ته دا صله ده چې مونږ در په در او خاؤرې په سر، فاټا کښې ډیرې محرومیانې دی، هغه این ایف سی خو را نکړو، هغه زبانونه ئې خو پورا نه کړل او هغې نه بعد قبائلو سره چې کوم ظلم شروع دے، په کرم کښې، په نورو ځایونو کښې اوګوره، هر ځائې کښې اوګوره چې بالکل ورځ په ورځ پریشانیانې زیاتیږی، قبائل ختمول غواړی، پته نشته چې د دې خلقو څه سوچ دے خو سپیکر صاحب، زه به د دې اسمبلئ فلور نه هغه خلقو ته دا ریکویسټ اوکړم چې خدائے د پاره هغه زبانونه ټول پورا کړئ، قبائل دې ته محتاج نه کړئ چې هغوی سبا رااوځی، بیا په خپل حق غوښتنو باندې به بیا حق هم ورکوی او بیا به دومره خون خرابه اوشی چې بیا مقصد دا دے چې ته به هله پوهه شې چې دې قوم او دې ملک ته ډیر زیات نقصان ملاؤ شی. قبائل خو هغه خلق دی چې انګریز زمانې نه اونیسه تر نن پورې هر قربانئی کښې په فرنټ لائن دی. نو سپیکر صاحب، نور ممبران به هم خبرې کوی خو زمونږ دا ګزارش دے چې بار بار قرارداد پاس کیږی، عمل پرې نه کیږی، نو قبائلو باندې رحم اوکړئ، دې ته مو محتاجه نه کړئ چې سبا بیا هم دا خبرې اومنئ او اوس زمونږ په دې اسمبلی

فلور باندې کوم درخواستونه، کوم دغه آواز اوچتوؤ، هغه Ignore کیږی، نو دا مونږ نور نه شو برداشت کولے۔ تھینک یو۔
Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, please.
جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): مونږ سره هم قبائلی علاقه ده، زه څکه خبره کول غواړم جی، یو منټ غواړم۔ شکریہ جناب سپیکر، Merger کے بعد میرے ساتھ بھی میرے حلقے میں جو سب سے بڑا ایف آر تھا (فرنٹیئر ریجن کوہاٹ)، وہ میرے ساتھ ہے، تو اس وجہ سے میں اس موضوع پہ بات کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ سب سے پہلے میں اپنے بھائی جناب اجمل خان صاحب کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے قبائلی اضلاع کے لئے، ان کے عوام کے لئے، ان کے مظلوم عوام کے لئے اپنی آواز اٹھائی اور ایک بہترین طریقے سے قرارداد پیش کی۔ جناب سپیکر، Merger کے ساتھ قبائلی اضلاع ان کا بہت بڑا نقصان ہوا، ان کی نیشنل اسمبلی کی جو سیٹیں ہیں وہ ختم کی گئیں، ان کے سینیٹرز کی آٹھ سیٹیں سینیٹ سے ختم کی گئیں۔ جناب سپیکر، آج AIP (Accelerated Implementation Program) وہ پروگرام تھا جو کہ مرجڈ اضلاع کو دس سالہ منصوبہ دیا گیا، یہ علاقے ملک کے باقی دیگر علاقوں سے Backward رہ گئے ہیں تو ان کی ترقی کے لئے ہم ان کے ساتھ امداد کریں گے لیکن بد قسمتی سے اس میں بھی دھوکہ کیا گیا، آج جان بوجھ کر ہماری صوبائی حکومت پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی حکومت کے خلاف ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت وہ پیسہ روکا گیا ہے، وہ صوبے کو نہیں دیا جارہا، وہ قبائلی عوام کو نہیں دیا جارہا۔ آپ نے وعدہ کیا تھا کہ NFC divisible pool میں تین فی صد آپ قبائلی اضلاع کو دیں گے جو کہ 2018 میں سو ارب بنتا تھا لیکن 2024-25 کے بجٹ کے مطابق وہ بنتا ہے 223 ارب Per year لیکن وہ تو چھوڑیں، سب سے بڑا جو دھوکہ، صوبائی حکومت بار بار لیٹر لکھ چکی ہے کہ خدارا آپ (Council of Common Interest) CCI کی میٹنگ بلائیں جس میں پرائم منسٹر اور تمام صوبوں کے چیف منسٹرز ہوتے ہیں جو کہ آئین کے مطابق نوے (90) دن کے اندر اندر آپ کو Mandatory ہے کہ آپ CCI کی میٹنگ کریں گے اور اگر ایک صوبے کی ریکویسٹ نوے (90) دن سے پہلے آتی ہے تو آپ Bound ہیں کہ آپ اس سے پہلے اس کی Meeting convene کریں گے فیڈرل گورنمنٹ لیکن صوبائی حکومت کی طرف سے بار بار لیٹر کو مذاق میں لیا جارہا ہے، این ایف سی شیئر جو ہمارے صوبے کا تھا، مرجڈ اضلاع کے علاوہ وہ 14.62 فی صد تھا جس کی بنیاد پہ ہمیں Divisible pool میں شیئر دیا جاتا ہے، اب Merger کے بعد Seventh NFC Award زائل ہو چکا ہے، وہ Expire ہو چکا ہے، اب 2017 میں جب Merger کیا گیا، نئی پچیسویں آئینی ترمیم، تو این ایف سی ایوارڈ جو ہے وہ Expire ہو چکا ہے، یہ نیا این ایف سی ایوارڈ نہیں کرنا چاہتے، کیوں نہیں کرنا چاہتے؟ جناب سپیکر، کہ نئے این ایف سی ایوارڈ کے مطابق اب ہمارے صوبے کا شیئر بجائے 14.62 فی صد کے 19.46 فی صد بنے گا جو کہ 4.84 فی صد زیادہ ہے اور اس سالانہ 4.84 فی صد حصے میں Divisible pool میں این ایف سی شیئر میں ہماری جو اماؤنٹ بنتی ہے۔ ان کے سو ارب ہمیں نہیں چاہئیں لیکن اس کے مطابق جو ہمارا شیئر بنتا ہے وہ 360 ارب

ہے، سالانہ 360ارب جو کہ قبائلی اضلاع اور ہمارے صوبے سے وفاقی حکومت جان بوجھ کر چوری کر رہے ہیں اور باقی صوبوں میں لگا رہے ہیں جو کہ میرے خیال میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ قبائلی اضلاع کے ساتھ ظلم ہے، ان کے ساتھ زیادتی ہے، ان کے حق کے اوپر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے، یہ جان بوجھ کر ان کا حق دوسرے صوبوں میں لگایا جارہا ہے حالانکہ اس ملک میں سب سے بڑی قربانیاں ہماری اس قبائلی پٹی نے دی ہے، ان ستتر (77) سالوں میں اگر آج آپ کا ملک قائم ہے تو ان قبائلی اضلاع کی وجہ سے قائم ہے۔ جناب سپیکر، بڑا دکھ ہوتا ہے کہ ایک ملک میں دو قسم کے معیار رکھے جاتے ہیں، آج آپ فیڈرل حکومت کی ریلیزز چیک کر لیں، ایلو کیشن چیک کر لیں، آپ دیکھیں گے تو آپ حیران ہوں گے کہ پنجاب اور سندھ کی ریلیزز جو ہیں وہ سو پرسنٹ ہوں گی لیکن ہماری ریلیزز آپ نے این ایف سی ایوارڈ جولائی کے بعد ہمیں AIP میں جو کہ ایک سو ارب 2018 میں Per year وعدہ کیا گیا جس طرح میں نے بتایا کہ آج اس سال کے مطابق 223ارب بنتا ہے سالانہ، اس میں جولائی کے بعد ایک ٹکہ، ایک آنہ نہیں آیا صوبائی حکومت کو، آج ہمارے قبائلی اضلاع میں تمام پراجیکٹس رکے ہوئے ہیں، اس کا کون ذمہ دار ہے؟ آج یہ اپوزیشن میں جو کہ کافی میرے بھائی، یہاں کے فارم سینتالیس کے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ آواز اٹھائیں ناں اپنی پارٹیوں کی لیڈرشپ سے، جو ان کے سارے شریک ہیں فیڈرل گورنمنٹ میں، اگر کنڈی صاحب کہتے ہیں کہ میری پارٹی اس میں قصوروار نہیں ہے تو یہ عوام کے ساتھ اور عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے، پریزیڈنٹ کس کا بیٹھا ہوا ہے؟ پریزیڈنٹ کس طرح Elect ہوا؟ ایک طرف آپ صوبے کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں، آپ Reserved seats نہیں دے رہے، سینیٹ الیکشن ہمارا نہیں ہوا، سینیٹ میں ہمارے صوبے کی Representation نہیں ہے، اس کے باوجود آپ پریزیڈنٹ Elect کر رہے ہیں، آپ ترامیم کر رہے ہیں، آپ نے جس بھونڈے انداز میں جوڈیشری کا مذاق اڑایا، Independence of judiciary کو کچلا، وہ ساری قوم کے سامنے ہے۔ تو جناب سپیکر، آخر میں میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ ہمیں مل کر، اور میں ایک Suggestion دینا چاہوں گا کہ یہ لوگ لیٹر بازیوں سے باز آنے والے نہیں ہیں، ہماری صوبائی حکومت ان شاءاللہ اگلے ایک دو مہینوں میں بہت بڑی کانفرنس کرنے جارہی ہے جس میں انٹرنیشنل میڈیا کو مدعو کیا جائے گا اور جس میں وہ انسٹی ٹیوشنز جن سے یہ بھیک لیتے ہیں، ان کو بھی مدعو کیا جائے گا، آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور اس طرح کے ادارے، اور ان کے سامنے یہ چیزیں رکھی جائے گی کہ آپ لوگوں سے یہ لوگ خیرات لیتے ہیں قبائلی اضلاع اور ان مظلوم عوام کے نام پہ اور یہ لگاتے کہاں پہ ہیں؟ یہ ان کے ساتھ کیا کھلواڑ کر رہے ہیں اور جناب سپیکر، میری Suggestion ہوگی کہ ہمیں بحیثیت اپنے پٹھان بھائیوں کے پوری پختونخوا اسمبلی کو کہ آپ کی لیڈرشپ میں ہمیں اپنے حقوق کے بارے میں اسلام آباد جا کر وہاں بیٹھنا چاہیئے، آج یہ جو ان کے اوپر سات سو ارب Due ہیں، ان میں سے یہ صرف اور صرف 132ارب دے چکے ہیں، باقی 567ارب سے زیادہ رقم ان کے اوپر بقایا ہے، این ایف سی کا 4.84 فی صد جو شیئر 360ارب Per year ہے، وہ یہ ہمیں دینے سے انکاری ہیں، تو جناب سپیکر، میری یہی Suggestion ہوگی کہ قبائلی اضلاع کے لوگوں کی قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم سب کو ان کے حق کے

لئے آواز اٹھانا ہو گی، ہمیں اسلام آباد میں دھرنا دینا ہو گا، یہ لوگ سیدھی انگلی اور سیدھی بات سے سمجھنے والے نہیں ہیں۔ تو جناب سپیکر، آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے بات کرنے کا موقع دیا۔ بہت شکریہ جی۔

(تالیاں)

<u>جناب محمد نثار</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تهینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ دا چې په کوم موضوع باندې اوس ډیبیټ شروع شو نو زه خو تیرو پینځه میاشتو نه په دې باندې لګیا یم چې قبائلي اضلاع (این ایم ډی) سره که یو خوا فیډرل ګورنمنټ زیاتے او ظلم کوی نو بل خوا ورسره پراونشنل ګورنمنټ هم ظلم او زیاتے کوی، په دې ریاست کښې او په دې ملک کښې قبائلي اضلاع سره د میرنئي مور سلوک کیږی۔ دا چې څنګه ذکر اوشو چې په این ایف سی ایوارډ کښې زمونږ سره Commitment شوے وو په پنځویشتم آئینی ترمیم کښې، د سرتاج عزیز د کمیټی سفارشات وو چې په دې قبائلي اضلاع باندې به ایک هزار ارب روپئی خرچ کیږی، په دې خاطر چې قبائلي اضلاع د تیرو اویا کالو نه په تیاره کښې ساتلې شوې دی، د ترقۍ نه محروم پاتې شوې دی، کومه داسې خاص توجه نه ده ورکړے شوې، لهذا دا به د Down districts په شان په لس کالو کښې راوچتوؤ۔ د ایجوکیشن، د هیلتھ سیکټر، د ایګریکلچرل سیکټر او کمیونیکیشن د پاره به هلته میګا منصوبې شروع کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو توجه غواړم، د قبائلي اضلاع د حقوقو د پاره او د هغې د حق د پاره که کوم ممبران د ګورنمنټ برخه دی او که کوم ممبران په اپوزیشن کښې ناست دی، هغه ټول یو شان Suffer کیږی او ستاسو توجه هم دې اهم مسئلې ته رااوړمه جناب سپیکر صاحب، ستاسو په علم کښې به وی د تیر دوه دهائیانو نه په قبائلي اضلاع کښې په خصوصی توګه او پختونخوا کښې په عمومی توګه د بدامنئی صورتحال سره دا قام مخ دے، د کوم د وجې چې زمونږه ځوانان که یو طرف ته بې روزګاره دی، بل طرف ته غربت دے، بل طرف ته بدامنی ده، نو دغې په خاطر ئې دا صوبه پریښودله او د ملک نورو صوبو ته د روزګار په خاطر تلی دی۔ اس وقت پنجاب میں بہت سارے ہمارے قبائلی اضلاع کے عوام وہاں پر محنت مزدوری کرتے ہیں، ریڑھیاں چلاتے ہیں، دکانیں چلاتے ہیں اور اپنے بچوں کے لئے حلال رزق کماتے ہیں لیکن پچھلے دو ہفتوں کے دوران ان کے ساتھ پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے، پنجاب پولیس کی جانب سے جو ظلم اور ناروا سلوک شروع کیا گیا ہے، وہ میڈیا میں اور سوشل میڈیا میں زیر گردش ہے۔ جناب سپیکر، میں اس ایوان کے توسط سے فیڈرل گورنمنٹ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ پنجاب گورنمنٹ کو ڈائریکشن جاری کر دے کہ جو رویہ وہاں کی پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں نے شروع کر رکھا ہے پختونوں کے خلاف، یہ عمل انتہائی خطرناک ہے، یہ Practice جب آپ پنجاب میں کرتے ہیں تو ایسا نہ ہو کہ ایسی Practice پختونخوا میں بھی شروع کی جا سکے۔ لہذا وہاں پر موجود لوگ جنہوں نے مختلف

جگہوں میں رہائش اختیار کی ہوئی ہے، ان کو تنگ کرنا فی الفور بند کر دیں، ان کو روزگار کرنے دیں، ہر روز ان پر چھاپے پڑتے ہیں، ہر روز ان کی ریڑھیاں اٹھاتے ہیں، سامان سمیت لے کر جاتے ہیں اور پھر پولیس تھانوں میں ان کے ساتھ بیٹھ کر ان سے رشوت کی ڈیمانڈ کی جاتی ہے۔ پاکستان پچیس کروڑ عوام کا ملک ہے اور اس پر پچیس کروڑ عوام کا ایک جیسا حق ہے، کوئی بھی قوم اس ملک کے باپ بننے کی کوشش نہ کرے، اگر پنجاب میں امن ہے تو سیکیورٹی اداروں نے یہ امن قائم کیا ہوا ہے، یہی سوال ان سیکیورٹی اداروں پر ہم اٹھاتے ہیں کہ یہاں ہمیں امن دیں، اس جنت وطن میں کسی بھی چیز کی کمی نہیں ہے، نہ ہی ادھر بیروزگاری ہوگی، نہ غربت ہوگی اور نہ جہالت ہوگی، اگر آپ لوگوں نے یہ پرائی جنگ ہمارے ہی خطے میں مسلط کر رکھی ہے اور اس کے اوپر آپ لوگ ڈالر کما رہے ہیں تو اس جنگ کو روکیں، پھر ہم نہ پنجاب جائیں گے اور نہ سندھ جائیں گے۔ تو جناب سپیکر، یہ بہت Important issue ہے، میں تمام ایوان سے گزارش کرتا ہوں کہ ہم تمام جتنے بھی ادھر ایم پی ایز صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، چاہے وہ گورنمنٹ میں ہیں، چاہے وہ اپوزیشن میں ہیں، سب کے سب اس پختون دھرتی کے بیٹے ہیں، ہم سب اس دھرتی کی پیداوار ہیں، اس دھرتی کی حفاظت کے لئے، اس دھرتی پہ رہنے والی قوم کے حقوق کے لئے ہم سب نے آواز اٹھانا ہوگی۔ تو جناب سپیکر، اس ایشو پہ میں بات کرنا چاہ رہا تھا، دیگر ساتھیوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ اس ایشو کو Highlight کریں اور پراونشل گورنمنٹ اس پر Serious action لے اور فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ اس چیز کو ڈسکس کرے کہ پنجاب کے پنڈی، لاہور، گجرانوالہ، گجرات اور جتنے بھی شہر ہیں، وہاں پر پختون لوگ جو محنت مزدوری کر رہے ہیں، ان کو تنگ کرنے سے گریز کیا جائے، مزید تنگ کرنے سے جو مسائل پیدا ہوں گے، اس سے فیڈریشن کمزور ہوگی۔ زمونږه د غه یو مختصر عرض وو، آپ بھی ہمیشہ یہی چاہتے ہیں کہ آپ نے اردو میں ہی بات کرنی ہے، یہ جو آج میں اردو میں بات کرنے جا رہا تھا تو اس لئے تاکہ ان لوگوں کو ہماری بات سمجھ آسکے کہ ہم مظلوم ہیں، خدارا مظلوموں کے ساتھ، محکوم قوم کے ساتھ مزید ظلم نہ کریں، ہم تنگ آ گئے ہیں، ہمارے جوانوں کی احساس محرومیاں روز بہ روز بڑھتی جا رہی ہیں اور پھر یہ صورتحال انارکی کی طرف چلی جائے گی، تو اس صورتحال کا ادراک ہمارے سیکیورٹی اداروں کو ہونا چاہیئے کہ مسائل مزید گھمبیر ہوتے چلے جائیں گے، تو لہذا ہمیں غلام نہ سمجھیں، پختون پچھلے پانچ ہزار سال سے اس پختونخوا وطن، اس دھرتی پہ رہ رہے ہیں، ہم نہ کسی کے غلام تھے اور نہ کسی کی غلامی قبول کر سکتے ہیں، ہاں حالات کے ستائے ہوئے ہیں، کمزور ہیں، کمزور پوزیشن پہ ہیں، جب ہمارے نوجوانوں میں یہ سیاسی شعور اپنی دھرتی ماں کے حوالے سے، اپنی تاریخ کے حوالے سے اور اپنی مٹی کے حوالے سے بیدار ہو جائے گا تو پھر ایک ایک چیز کا حساب لیا جائے گا۔ جناب سپیکر، پچھلے دنوں ہمارے جو فیڈرل کے ڈیفنس منسٹر ہیں، خواجہ آصف صاحب، انہوں نے ہمارے اکابرین کے حوالے سے، ہمارے ہیروز کے حوالے سے کچھ نازیبا الفاظ کہے تھے، میں نے تو ان کا جواب تو اسلام آباد میں ایک فنکشن تھا سٹوڈنٹس کا، اس میں دیا تھا لیکن یہاں بھی اس کو جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں، بحیثیت ایک پختون، بحیثیت ایک افغان، کہ افغانستان سے آئے ہوئے جتنے بھی ہمارے مشران تھے، ہمارے ہیروز تھے، وہ یلغار کرنے نہیں آئے تھے، آپ لوگوں کے یہاں جو مغل ایمپائر تھے،

انہوں نے درخواست کی تھی "احمد شاہ بابادرے دوران" کو کہ آیئے اور ہمیں مرہٹوں سے بچایئے، آپ لوگوں کی درخواست پر بحیثیت ایک پختون، بحیثیت ایک مسلمان وہاں سے نکلتا ہے اور آپ کی حکومت کو اور Empire کو مرہٹوں سے بچاتا ہے اور پھر وہ ادھر نہیں رہتا اور نہ ادھر Ruling کرتا ہے، دو تین مہینے بعد وہ اٹک پل کو Cross کرکے واپس افغانستان آجاتا ہے، تو ہم نہ لٹیرے تھے اور نہ لٹیرے ہیں، ہمیں اپنے اکابرین پر اور اپنے ہیروز پہ چاہے وہ مرویس نیکہ" ہو، چاہے وہ احمد شاہ بابا ہو، چاہے غوری ہو، چاہے خوشحال بابا ہو، چاہے وہ صمد خان بابا ہو، چاہے وہ باچاخان بابا ہو، ہمیں ان پر فخر ہے، ہمیں ان سے قرب ہے کہ ہماری تاریخ میں ایسا کردار انہوں نے ادا کیا ہے کہ ہم کو اس پر کوئی شرمندگی نہیں ہے، ایک زبردست کردار ان لوگوں نے ادا کیا ہے، تو لہذا جتنے بھی ہمارے پنجاب کے بھائی ہیں، اس وقت تاریخ میں ان لوگوں کے پاس کچھ ہے نہیں، تو ہم سے نفرت کرتے ہیں، خدارا ہم سے نفرت نہ کریں، یہ تو خدا کا دیا ہوا ہے، چاہے ہمارے ساتھ وسائل ہیں، چاہے ہمارے ساتھ تاریخ ہے یا ہیروز ہیں، یہ خدا کا دیا ہوا ہے، پھر آپ لوگوں کو کیوں تکلیف ہوتی ہے جو اس وقت آپ لوگ مسلسل ہمارے ہیروز کے خلاف یہ نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں اور جو الفاظ خواجہ آصف نے استعمال کئے تھے، یہی الفاظ آج سے تیس، پچیس سال پہلے واجپائی نے ہندوستان میں یہی الفاظ دہرائے تھے ہمارے ہیروز کے خلاف، پھر خواجہ آصف کا اور واجپائی کا یہ بیانیہ کیسے Match کیا جاسکتا ہے، یہ کیوں Match ہورہا ہے؟ جب آپ اپنے بھائیوں کا بیانیہ Match ہوتا ہے تو پھر ہمیں بھی کھل کر بولنے دیں کہ ہمیں اپنے ہیروز پر فخر ہے اور اگر پاکستان کی تاریخ سے ہمارے ہیروز کا کردار نکالا جائے، اس کو مائنس کیا جائے تو جناب سپیکر، پاکستان کی تاریخ میں پھر کیا رہ جاتا ہے، تو جھوٹ اور پروپیگنڈا اور کچھ بھی نہیں، ان کے پاس جتنے بھی میزائل ہیں، جتنے بھی ٹینکس وغیرہ ہیں، ریاست میں ان سب پہ ہمارے ہیروز کے نام رکھے ہیں، تو خدارا یہ نفرت جو یہ لوگ مسلسل اس ملک میں اس کے بیج بو رہے ہیں، اس سے یہ ریاست کمزور ہوگی، اس سے فیڈریشن کمزور ہوگی اور پھر الزام بھی ہمارے ہی اوپر پڑتا ہے کہ بھئی یہ لوگ غدار ہیں، یہ لوگ باغی ہیں، یہ لوگ پاکستان کو نہیں مانتے، بابا! جو لوگ پاکستان کو مانتے ہیں، ان لوگوں کو غدار ڈیکلیئر کیا جاتا ہے اور جن لوگوں نے پاکستان کو توڑا وہ لوگ اس ملک کے چہیتے ہیں، وہ اس ملک کے First class citizens ہیں۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: احمد کنڈی صاحب، آپ اپنی یہ قرارداد پیش کریں جی۔

جناب احمد کنڈی: شکریہ سپیکر صاحب۔

Resolution No. 120: Whereas, after merger of erstwhile FATA, the Levis & Khasadaar Force was absorbed in KPK Police through Khasadaar Force Act, 2019, and Khasadaar Force (absorption in Khyber Pakhtunkhwa Police) Rules, 2019, made under section 5 of the said Act and notified vide Government of Khyber Pakhtunkhwa, Home and Tribal Affairs Department Notification No. SO(Police II) HD/ SMY/2019 dated 24-02-2019.

And whereas, the rules ibid were further amended by the concerned vide notification No. SO(Police-II) HD/SMY/2019-26 dated 15-06-2020, under section 10 of the aforementioned Act, which does not fulfill the absorption criteria as a whole, as the same has been practically implemented under the Act but has not been covered in the rules, as mentioned above.

Therefore, this Assembly strongly recommends to the Provincial Government that the following amendments may be made in the said rules to avoid any discrimination / disparity amongst the employees absorbed through the said Act;

1 in sub rule (2) of rule 3, after the word and comma “iwazis,”, the words and comma “or other persons,”, may be added; and

2 in rule 3 (b), in the schedule, the posts “Resaldar, Jamadar, Dafadar etc” may be added in the said rules.

Mr. Speaker: Is it the desire of House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it; the resolution is passed unanimously. Janab Nawab Sahib.

جناب انورزیب خان: اِیّاکَ نَعْبُدُوَاِیّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ اے اللہ! خاص ستا عبادت کوؤ او خاص ستانه مدد غواړو۔ ډیرمحترم سپیکر صاحب، ډیره مهربانی د ټائم راکولو۔ دا کوم قرارداد چې نن پیش شو، اجمل خان صاحب پیش کړو خو دا زمونږه چې څومره قبائلی اضلاع دی، په هغې باندې دا زمونږه Combined قرارداد وو۔ په دې باندې د مخکښې نه مونږه باقاعده مشوره کړې وه سپیکر صاحب، مونږه ډیر زیات تنګ شو، یو خو زمونږ نثار باز بهائی چې څنګه خبره اوکړله، اورنګزیب بهائی خبره اوکړله، کله چې کمیټی جوړه شوله او سرتاج عزیز صاحب دوئ باجوړ ته راغلل او داسې د مختلف ډسټریکټس وزټ ئې اوکړو، مونږ ته ئې هم دغه شنه باغونه اوښودل چې یره Merger به اوشی او تاسو پینځه اویا کاله وروستو پاتې شوی یئی، باره سو ارب روپئی به Ten years plan کښې دا به خرچ کیږی، سالانه سو ارب روپئی، زمونږ خو د Merger شپږم کال دے سپیکر صاحب، چې چرته د هغه AIP روپئی لاړې چې دوئ ورله نوم ورکړے وو د Accelerated Implementation Program ، چې زر تر زره به کار کیږی۔ جناب سپیکر، په ټولو قبائلو کښی Overall څه یو شان Situation دے، زما په حلقه کښې په 2020 کښې یو روډ شروع شوے دے چې د هغه روډ Estimate دے 52 کروړ روپئی، په 52 کروړ روپئی کښې یو کروړ روپئی په تیر Tenure کښې ماته ملاؤ شوې دی، دوه کروړه روپئی په دې Tenure کښې ماته ملاؤ شوې دی، نو سپیکر صاحب، آیا دا روډ

چې کوم 52 کروړ روپئی Estimate ئې دے، دا به په شل کاله کښې جوړیږی؟ بیا دا زما د حلقې مین روډ دے، مونږ پسې ویډیو ګانې خلق کوی چې جوړولے مو نشو نو ورانولو مو څله؟ جناب سپیکر، په روډ مو کار روان کړو خو اوس ټهیکیدارانو کار بند کړے دے، کار هم پرې نه کیږی، هغه د این ایف سی ایوارډ پیسو ته چې مونږه خوشحاله وو، مونږ وئیل چې مونږ ته به سکولونه جوړ شی سپیکر صاحب، Overall ټولو قبائیلوته دامسئلې دی خو زه چونکه د PK-20 ډسټرکټ باجوړ سره تعلق ساتم، زما په بارډر ایریا کښې داسې علاقې دی چې په دې دور جدید کښې د جینکو سکول هلته نشته دے، د هلکانو سکول هلته نشته دے، دا خلق چې د هشت ګردئ طرف ته ځی، د دې Main وجه دا ده چې روزګار زمونږه نشته دے، ایجوکیشن زمونږه نشته دے، بل زما د فیډرل ګورنمنټ نه، زما د اپوزیشن ورونړه ناست دی، دلته خو په مونږه باندې ډیرزیات تنقید کیږی په صوبائی حکومت باندې، خو آیا د دې این ایف سی ایوارډ خبره چرته په فیډرل کښې هم تاسو ډسکس کړله، ګورنر صاحب! چرته تا هلته په فیډرل کښې د فاټا د مرجډ اضلاع دا مسئله هم اوچته کړه کنه که صرف په دې ایوان کښې پرې خبرې کیږی؟ سپیکر صاحب، زه Clear cut خبره کوم د ټولو قبائلو د طرف نه، مونږ ټولو قبائلو دا مشوره کړې ده چې یا خو دې مونږ له زمونږ خپل حق په این ایف سی ایوارډ کښې تین فی صد راکړے شی، خو که چرته مونږ ته دا حق نه راکړے کیږی نو مونږه به باقاعده اسلام آباد ته مارچ کوؤ او د دغه ایوانونو مخې ته به کښینو، مونږه عدالت ته هم ځو د خپل حق د پاره۔ زه نن یو آفس ته لاړم، ما هم د دغه روډ خبره اوکړله، نو ماته وائی چې یره په AIP کښې لا پیسې نه دی ریلیز شوې، چې پیسې ریلیز شی نو تاسو ته به مونږه فنډز ریلیز کوؤ۔ سپیکر صاحب، زه ډیر په افسوس سره دا خبره کوم چې اوس خو مرجډ اضلاع د دې صوبې حصه ده، Merger شوے دے، تاسو ما پسې پولیس نظام راؤړو، تاسو ما پسې د صوبې چې څومره ډیپارټمنټس وو هغه دې په ما پسې راؤړل خو چې ماله مرکز روپئی نه راکوی او زه دې AIP ته کښینولے یمه، نو آیا چې په AIP کښې روپئی نه ملاویږی نو مونږ به هم دغسې په تیارو کښې پراته یو؟ آیا دا رویه به وی زمونږه سره؟ دا صورتحال به وی زمونږ سره؟ زمونږ خو اتیا لکهه قبائل دی، دې ایوان ته ئې نظر دے، دې ایوان ته ګوری چې مونږ نمائندګان لیږلی دی، پینځه اویا کاله پس مونږ ته په صوبه کښې نمائندګی ملاؤ شوله، دا نمائندګان زمونږ په مسئلو باندې په اسمبلئ کښې څه خبره هم کوی او که بس تلی دی اوYes او No ته ناست دی چې مونږه به صرف Yes او No کوؤ۔ سپیکر صاحب، زمونږه ډیرې ګلې شکوې دی، ډیر تحفظات دی، دا به زمونږه د مرجډ اضلاع د ممبرانو په این ایف سی ایوارډ باندې آخیری تقریر وی، د دې نه پس که مونږ ته څوک خپل حق نه راکوی نو مونږ باقاعده خپل

پلاننګ کړے دے، مونږ شهادتونو ته هم تيار يو، (تالياں) مونږ خو هسې هم وژلے کيږو، مونږ خو هسې هم وژلے کيږو۔ هغه پښتانه يو متل وائي چې "بيغرته مری او زاری ئ پاتې کيږی" نوکه په غيرت مړه شو او د خپل قام د حق د پاره شهادت مونږه ته نصيب شی نو زمونږه د پاره د فخر خبره ده۔ سپيکر صاحب، زما Specially ستاسو نه هم درخواست دے، زما د سی ايم صاحب نه هم درخواست دے چې يو بل خط اوليکه او خاص کر د اپوزيشن دا ورونړه که هغه زمونږه حکومتی ارکان دی، که هغه د اپوزيشن په بينچونو باندې ناست دی، خو زمونږ د دې يو خاورې سره تعلق دے، خيبر پختونخوا زمونږ د ټولو صوبه ده خو مونږه ته چونکه پينځه اويا کاله پس خپل حق ملاؤ شو، مونږه د دې صوبې سره ملاؤ شو سپيکر صاحب، چې اوس هم ماته حق نه ملاويږی، فيډرل ګورنمنټ ئې هم نه راکوی او صوبه وائی چې AIP پروګرام به راځی نو د AIP پروګرام نه به زما روډونه جوړيږی، چې AIP مونږ ته نه ملاويږی نو مونږ به هم دغسې ناست يو، مونږ به Yes او No ته ناست يو؟ که زمونږه د 21 او د 30 تاريخ پورې په دې خبرو باندې عمل درآمد اونه شولو نو زمونږه Combined دا فيصله ده چې مونږ او زمونږه ماشومان، زنانه، ځوانان او سپين ږيری به اسلام آباد طرف ته ځو او باقاعده به مونږه هلته خپل چې کوم زمونږه حق دے، د هغې د پاره به آواز پورته کوؤ، احتجاج به هم کوؤ، د عدالت لار به هم اختياروؤ خو برائے خدا زه جولئ نيسم فيډرل ګورنمنټ ته چې زمونږه برائے خدا زمونږ دا حق راکړئ او خاص کر د احمد کنډی صاحب نه او ټول د اپوزيشن د ورونړو نه سپيشلی زما درخواست دے چې برائے خدا قبائل ډير زخمی زخمی شوی دی، قبائل په هر ځائې کښې زخمی کيږی، څنګه چې نثار باز بهائی خبره اوکړله، په اسلام آباد کښې پنجابی ته امن دے خو زما پښتون ته امن نشته، په کراچئ کښې ماته امن نشته، په لاهور کښې امن مونږ ته نشته، په خپلو علاقو کښې مونږ ته امن نشته، سپيکر صاحب، مونږ ته يو دريمه لار رااوښايئ چې مونږ قبائل چرته لاړ شو؟ زمونږه به د 30 تاريخ نه پس، زه د دې ايوان نه فيډرل ګورنمنټ ته دا پيغام ورکوم چې که زمونږ په خبرو عمل اونشو نو ان شاءالله په 30 تاريخ باندې به مونږ ټول د مرجډ اضلاع اسلام آباد طرف ته مارچ کوؤ او د خپل حق او د حقوقو د پاره به آواز پورته کوؤ، زمونږه الحمدا لله په دې صوبه کښې په خيبر پختونخوا کښې حکومت جوړ شوے دے، که په دې وخت کښې زمونږ قبائلو ته او دې ځپلې شوؤ سيمو ته خپل حق ملاؤ نه شی نو آيا مونږ ته به کله ملاؤيږی؟ نو زمونږ لاء منسټر صاحب ډير زبردستی خبرې اوکړې، د قانون مطابق خبرې ئې اوکړې، مونږ د دې ملک پرامن شهريان يو سپيکر صاحب، قانون منو، آئين منو خو آيا زمونږه د پاره هم څه قانون او آئين شته که نشته؟

نو زمونږ سره دې هم د دې آئین او قانون مطابق فیصلې اوشی۔ ډیره مهربانی سپیکر صاحب، په دې شعر باندې اجازت غواړم، وائی چې:

زور هسې پیغور شې چې همت ورسره مل نه شی
او ورک داسې مشال شه چې تیاره شی او دے بل نه شی

ډیره مهربانی، ډیره مننه (تالیاں)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 11:00 A.M. Friday, 17th January, 2025.

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک مورخہ 17 جنوری 2025ء صبح گیارہ بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)